Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

1403

(سررشتۂ تعلیم پنجاب کی جدید سکیم کے مطابق)

دیہاتی سلسلۂ حساب

حصّۂ چہارم

220

उर्दू संग्रह

पुस्तक का नाम देहाती सिलसिला हिसाब

आठवां भाग

लेखक गुलाम सिद्दीक लाहौर

प्रकाशन वर्ष 1931

आगत संख्या 220

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ओ३म्
पुस्तक संख्या
पञ्जिका-संख्या

पुस्तक पर सर्व प्रकार की निशानियां लगाना वर्जित है। कोई सज्जन पन्द्रह दिन से अधिक देर तक पुस्तक अपने पास नहीं रख सकते। अधिक देर तक रखने के लिये पुनः आज्ञा प्राप्त करनी चाहिये।

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ऋते ज्ञानान्न मुक्तिः
पुस्तक सं०.....
आगत सं०.....
तिथि.....
गुरुकुल कांगड़ी

220

232 9६ B
96. 6. 200६

स्टाक प्रमाणीकरण १९८४-१९८५

CHECKED 1973
Initial

220;U

قیمت ۱۰/-

पुस्तकालय
गुरुकुल कांगड़ी

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

220 Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri
1403

(سررشتۂ تعلیم پنجاب کی جدید سکیم کے مطابق)

دیہاتی سلسلۂ حساب

حصّۂ چہارم

پرائمری سکولوں کی چوتھی جماعت کے لئے

لاہور

رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز

ایجوکیشنل پبلشرز

220;U

جملہ حقوق

دفعہ ۱ تعداد ۱۰۰۰ قیمت ۱۰ر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دیباچہ

دیہاتی سلسلۂ حساب کے تیار کرنے میں مندرجۂ ذیل امورات کا خیال رکھا گیا ہے :-

۱ حتّے الوسع دیہاتی لین دین اور روزانہ ضروریاتِ زندگی سے وابستہ سوالات درج کئے گئے ہیں - مگر یہ سوالات شہری طالب علموں کے لئے بھی ازحد مفید ہیں ٭

۲ چونکہ عام طور پر تمام کار و بار کا دار و مدار زبانی حساب پر ہی موقوف ہے - اس لئے ہر ایک قاعدے میں زبانی عملی اور عقلی سوالات کا کافی ذخیرہ بہم پہنچایا گیا ہے ٭

۳ سوالات کی ترتیب میں تدریج کا خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۴۔ اُستاد کے لیے نمونوں اور مناسب طریقہ تعلیم اسی کتاب کے ہر ایک قاعدہ کے شروع میں درج کیا گیا ہے۔ لیکن یہ ضروری امر ہے۔ کہ ہر ایک قاعدہ کے شروع میں دی ہوئی مثالیں حل کرا چکنے کے بعد چند سوالات استاد خود بھی اپنی حسب منشا تیار کر کے جماعت سے نکلوائے۔ بلکہ اُستاد کی زیر نگرانی لڑکے خود بھی سوال تیار کر کے باری باری سے جماعت کو لکھائیں۔ فقط ۔

مصنّف

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	نمبر صفحہ
۱	انگریزی ہند سے	۱
۲	وزن کے پیمانے	۲
۳	وقت کے اندازے	۱۷
۴	طول کے دیسی پیمانے	۳۰
۵	گنتی کے پیمانے ۔ عام اشیاء کے لئے	۴۲
۶	نقدی کے پیمانے	۵۴
۷	مربع اور مستطیل کا تصور .	۶۶
۸	رقبے کے پیمانے	۷۷
۹	قدمی پیمائش	۹۵
۱۰	کسری پہاڑے	۱۱۱
۱۱	ڈھائے کا پہاڑہ	۱۱۲
۱۲	اونٹا	۱۱۵

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	مضمون	نمبر صفحہ
۱۳	پونا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۱۱۸
۱۴	گہو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۱۲۴
۱۵	گنہ اور گہہ ۔ روپے اور آنے کے گہو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۱۳۱
۱۶	تولے اور چھ رتی ۔ روپے اور آنے کے گہو ۔ ۔ ۔	۱۳۶
۱۷	تولے اور ماشے ۔ آنے اور پائی کے گہو ۔ ۔ ۔ ۔	۱۳۷
۱۸	بیگھے اور ۵ ملے ۔ روپے اور آنے کے گہو ۔ ۔ ۔	۱۴۰
۱۹	دیسی حساب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۱۴۲
۲۰	سود ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۱۵۳
۲۱	سود بذریعہ انک ۔ ۔ ۔	۱۷۲
۲۲	زمیندارہ بینک اور اس کا حساب کتاب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۱۸۶
۲۳	امتحانی پرچے ۔ پرچہ نمبر ۱ (زبانی)	۲۴۳
۲۴	جوابات ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔	۲۶۳

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دِیہاتی سِلسلۂ حساب

حصّہ چہارم

انگریزی ہندسے

چونکہ جماعت چہارم سے بجائے فارسی ہندسوں کے انگریزی ہندسوں کا استعمال شروع ہو جاتا ہے۔ اس لئے انگریزی ہندسے نیچے لکھے جاتے ہیں۔ طالب علم کو بذریعہ مشق ان ہندسوں کو ذہن نشین کرانا چاہئے ٭

ایک	دو	تین	چار	پانچ	چھ	سات	آٹھ	نو	دس
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10

(1) دیسی صفر ۔ اور انگریزی صفر ٥ کا فرق اچھی طرح واضح کر دیا جائے ٭

(2) صرف ۹۹ تک ہندسوں اور صفر کا جاننا کافی ہے۔ اس سے آگے سینکڑے ہزار وغیرہ تک کے لکھنے کی ترتیب دیسی ہندسوں کے طریقہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کی مانند ہے ۔

سوالات ۱

نیچے کے عددوں کو پڑھو :-

1 ۱۰ ، 20 ، 30 ، 40 ، 50 ، 60 ، 70 ، 80 ، 90
18 ، 27 ، 43 ، 59 ، 62 ، 74 ، 85 ، 96 ، 100
518 ، 679 ، 854 ، 589 ، 762 ، 675 ، 798
4725 ، 5847 ، 25718 ، 64543 ، 912429 ،
7918547

2 نیچے کے عددوں کو انگریزی ہندسوں میں لکھو :-
انچاس - تیس - چوَن - اِکیاون - نواسی - انہتر -
پچپن - تین سو باون - چار سو انہتر - نو سو اناسٹھ -
چون ہزار اڑسٹھ - انچاس ہزار بیس - چھ ہزار
چار سو پچھتر - چھ ارب انچاس کروڑ تین لاکھ
چھپن ہزار نو سو سترہ ۔

وزن کے پیمانے

عام طور پر دکاندار پانچ سیر وزن تک کی
اشیاء ترازو پر تول کر اپنے گاہکوں کو دیتے ہیں۔
لیکن جب کبھی پانچ سیر سے زیادہ وزن کی چیزیں
تولنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے تو اس وقت

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بجائے ترازو کے کانٹا کو استعمال میں لایا جاتا ہے۔ اس طرح سونا - چاندی - تلا - گوٹا - ریشم - پشم وغیرہ قیمتی اشیاء کا اندازہ کرنے کے لئے پیتل کا چھوٹا پیمانہ استعمال میں لایا جاتا ہے - پس ان ہر سہ درجات کو مد نظر رکھ کر ان اوزان کے پیمانوں کو تین حصّوں میں منقسم کیا گیا ہے

سونا چاندی وغیرہ تولنے کے پیمانے	ترازو پر تولنے کے اوزان	بھاری بھر کم کاٹنے پر تولنے کے لئے اوزان کی جدول
4 دھان (8 چاول) = ایک رتی	4 سرسا ہی = ایک چھٹانک	5 سیر = ایک پنسیری
8 رتی = ایک ماشہ	2 چھٹانک = آدھ پاؤ	20 سیر = ایک دھون
12 ماشہ = ایک تولہ	4 چھٹانک = ایک پاؤ	40 سیر = ایک من
5 تولہ = ایک چھٹانک	2 پاؤ = $\frac{1}{2}$ سیر	
علاوہ ازیں 3 ماشہ کے باٹ کو تز ماسیا اور 2 $\frac{1}{2}$ تولہ کو ڈھیا سے موسوم کرتے ہیں ۔	4 پاؤ (16 چھٹانک) = ایک سیر	

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمونے کی مثالیں متعلقہ وزن کے پیمانے

مثال ۱

	چھٹانک	سیر	من	
کی چھٹانکیں بناؤ	4	17	2	
			40	
سیر			80	
			17	
کل سیر			97	
			16	
چھٹانک			1552	
			4	
کل چھٹانکیں			1556	

پس 1556 چھٹانکیں جواب

عمل :- منوں کو 40 میں ضرب دے کر سیر بنائے 17 سیر جمع کئے پھر کُل 97 سیر ہوئے اُن کو 16 سے ضرب دے کر چھٹانکیں بنائیں اور 4 چھٹانکیں جمع کیں پھر کل 1556 چھٹانکیں ہوئیں ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مثال 2

ماشے تولے چھٹانک سیر من

4 — 12 — 8 — 3 — 2 کے ماشے بناؤ

40

160 سیر

12

172 کل سیر

16

2752 چھٹانکیں

8

2760 کل چھٹانکیں

5

13800 تولے

3

13803 کل تولے

12

165636 ماشے

2

165638 کل ماشے

عمل :- 4 من کو 40 سے ضرب دے کر سیر بنائے پھر 12 سیر جمع کئے - پھر 16 سے ضرب دے کر چھٹانکیں بنائیں 8 چھٹانکیں جمع کیں اس کے بعد 5 سے ضرب دے کر تولے بنائے پھر 3 تولے جمع کئے کل تولوں کو 12 سے ضرب

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دے کر ماشے بنالئے پھر دو ماشے جمع کئے اس طرح 165638 ماشے بن گئے ۔

مثال ۳

12892 تولوں کے من سیر وغیرہ بناؤ ۔

5	12892	
16	2578 — 2	تولے 2
40	161 — 2	چھٹانک 2
	4 — 1	سیر 1

پس جواب = 4 من ایک سیر 2 چھٹانک 2 تولے ۔

عمل - تولوں کو 5 پر تقسیم کرکے چھٹانکیں بنائیں اس طرح 2 تولے باقی بچے - پھر چھٹانکوں کو 16 پر تقسیم کرکے سیر بنائیں - اس طرح 2 چھٹانکیں باقی بچیں - پھر سیروں کو 40 پر تقسیم کرکے من بنالئے تو اس طرح سے 4 من حاصل ہوئے اور ایک سیر باقی بچا ۔

پڑتال - جواب مطلوبہ کے 4 من ایک سیر 1 چھٹانک 2 تولے کے تولے بناؤ اگر 12892 تولے آجائیں تو جواب درست ہے ورنہ غلط ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سوالات نمبر ا (ل)

عملی - تول کر بتاؤ :-

ا تولہ میں کتنی رتیاں - ایک ماشہ میں کتنے دھان ؟
2 چھٹانک کتنے تولوں کے برابر ہے - اور پنسیری
کتنے سیروں کے برابر ہے ؟
½ سیر میں کتنی چھٹانکیں رکھنی پڑینگی - ایک
روپیہ کتنے تولوں کے وزن کے برابر ہے ؟

زبانی (ا) ایک روپیہ کا وزن ایک تولے کے برابر
ہوتا ہے - بتاؤ 6 سیر چاندی کے کتنے
روپے بن سکتے ہیں ؟

(2) ایک حلوائی نے ایک ایک تولے کے 320
لڈو بنائے بتاؤ ان کا وزن سیروں میں کیا
ہوگا ؟

(3) میرے پاس 56 رتی سونا ہے بتاؤ ماشہ
کے باٹ سے کتنے دفعہ تولنا پڑے گا ؟

(4) ایک شخص نے 5 سیر حلوا پکایا اُس نے
8 رکابیوں میں برابر برابر وزن کا ڈالا
بتاؤ ہر ایک رکابی میں کس قدر حلوا ہے ؟

(5) ایک شخص 2½ چھٹانک معجون کی 15 پڑیاں
بنائیں ہر ایک پُڑی کا وزن ماشوں میں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بتاؤ ٭

(6) ایک دکاندار نے 5 سیر 8 چھٹانک کے حساب سے 16 روپے کا گڑ خریدا بتاؤ کہ اس نے کے من گڑ خریدا ٭

(7) ایک آدمی نے آدھ آدھ پاؤ کے پیڑے بنا کر کچھ آدمیوں میں تقسیم کئے اس طرح سوا سیر آٹا خرچ ہوگیا۔ آدمیوں کی تعداد بتاؤ ٭

(8) ایک زمیندار نے 25 بیگھہ زمین تیار کی اس نے ہر ایک بیگھہ میں 16 سیر گندم کا بیج ڈالا بتاؤ کتنے من گندم کا بیج پڑا ٭

(9) بتاؤ ایک پنسیری چاول کے آدھ آدھ سیر کے کتنے بنڈل باندھ سکتے ہیں ٭

(10) ایک زمیندار کے ہاں 50 من گندم تھی اس کا روزانہ خرچ ایک سیر ۴ چھٹانک تھا ایک ماہ گذرنے پر اس کے گھر کتنے من گندم رہ جائے گی ٭

(11) گندم کا بھاؤ ۴ لوٹے ایک پڑوپی ہے۔ بتاؤ وہ 20 روپے کی کتنے لوٹے گندم آئے گی۔ جبکہ لوٹا ۴ پڑوپی کا ہو ٭

(12) میں نے 40 روپے کی گندم بحساب 12 سیر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

12 چھٹانک کے حساب خریدی - اگر وہی گندم 3 پاؤ فی کس کے حساب بانٹ دوں تو کتنے آدمیوں کو مل سکیگی ؟

(13) بیس من ۱۰ من کچی گندم ۱۶ سیر فی روپیہ کے حساب خریدی بتاؤ مجھے کس قدر رقم دینی پڑی ؟

(14) ایک شخص کی کل ۲۰ من گندم ہوئی جس میں سے 8 چھٹانک 38 سیر گھر میں خرچ ہوئی اور 20 سیر ۱۰ من ساہوکار کو دی بتاؤ اس کے پاس کس قدر گندم رہ گئی ؟

(15) کچھ فقیروں میں آدھ پاؤ فی فقیر کے حساب سے چنے دیئے گئے اس طرح ۲۰ سیر 8 چھٹانک خرچ ہوئے فقیروں کی تعداد بتاؤ ؟

16 اگر کھوئے کے ۵ سیر کے دو دو تولے والے پیڑے بنائے جائیں تو پیڑوں کی تعداد بتاؤ ؟

17 ایک سنار نے 8 تولے سونا کی کچھ انگشتریاں بنائیں اگر ایک انگشتری کا وزن ۴ ماشے ہو تو بتاؤ سنار نے کس قدر انگوٹھیاں تیار کیں ؟

18 ایک روپے کا وزن ایک تولہ ہوتا ہے - تو بتاؤ ۱۰۰۰ روپوں کا وزن کس قدر ہوگا ؟

19 ایک دکاندار نے آدھ سیر فی طالب علم کے حساب سے ۵۰ سیر 8 چھٹانک مٹھائی تقسیم کی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

طالب علموں کی تعداد بتاؤ ۔

(20) بتاؤ ۱۷ سیر 8 چھٹانک + تولے ۶ ماشے گولے میں کس قدر اور گوٹا ملائیں کہ پورے پندرہ سیر ہو جائیں ۔

(21) اگر ایک کنبہ کا روزانہ گھی کا خرچ $\frac{1}{2}$ + چھٹانک ہو تو اُس کا ماہواری خرچ سیروں میں بتاؤ۔ مہینہ تیس دن کا شمار کرو ۔

(22) ملائی کی برف ایک ٹکے کی ایک چھٹانک ملتی ہے ۔ تیرہ آنے کی کس قدر آئے گی ۔

(23) دہی کا بھاؤ ۶ آنے سیر ہے ۔ پنسیری کی قیمت بتاؤ ۔

(24) سرمہ سوا روپے سیر بکتا ہے ۔ 2 چھٹانک 2 تولے کی قیمت بتاؤ ۔

(25) اگر چاولوں کا نرخ + روپے من ہو تو ایک من ایک پنسیری ۱۰ چھٹانک کی قیمت بتاؤ ۔

تحریری سوالات ۲

1 + 40 من 18 سیر 8 چھٹانک لوہے میں سے آدھ آدھ سیر والے کتنے باٹ بن سکتے ہیں ۔

2 + سیر 2 تولے 8 ماشے سونے سے چار چار ماشہ والی کتنی انگوٹھیاں بن سکتی ہیں ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

3 اگر ایک بنڈل میں 200 پڑیا اور ایک پڑی میں 6 ماشے دوائی ہو تو دوائی کا وزن سیروں میں بتاؤ ٭

4 ایک زمیندار کو دو گڈے گیہوں ملی اگر ہر ایک گڈے میں 35 بوریاں ہوں اور ہر ایک بوری میں 2 من 10 سیر 8 چھٹانک گندم ہو تو بتاؤ زمیندار کو کتنی گندم ملی ٭

5 میرے پاس 4 تولے 8 ماشے 4 رتی سونا ہے۔ بتاؤ اور کے رتیاں سونا ملاؤں کہ پوری ایک چھٹانک بن جائے ٭

6 ایک حلوائی نے لڈو بنانے کے واسطے 32 سیر 8 چھٹانک میدہ اور 30 سیر 2 چھٹانک 2 تولے کھانڈ اور 5 سیر 5 چھٹانک 3 تولے گھی ملایا۔ اگر آدھ آدھ پاؤ کے لڈو بنائے اور ایک آنہ فی لڈو کے حساب فروخت کرے۔ تو کیا وصول ہوگا ٭

7 ایک بورڈنگ میں 280 بورڈر ہیں ہر بورڈر کو آدھ پاؤ روزانہ دال ملتی ہے دال کا روزانہ خرچ بتاؤ ٭

8 ایک پلٹن میں 855 سپاہی ہر سپاہی کو 4 روٹیاں ملتی ہیں ہر روٹی پر ½1 چھٹانک آٹا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

خرچ ہوتا ہے - آٹے کا روزانہ خرچ بتاؤ ٭

9 ایک کنبے میں 20 آدمی موجود ہیں ہر ایک آدمی 15 چھٹانک روزانہ آٹا خرچ کرتا ہے ایک ماہ کے بعد اُن کے پاس کس قدر آٹا رد جائیگا - جبکہ 15 من 10 سیر آٹا ہو اور ایک مہینہ 30 دن کا ہو ٭

10 بھوسے کا بھاؤ ایک روپیہ 12 آنے فی من ہے - بتاؤ 40 من 8 دھون بھوسے کی کیا قیمت ہوگی ٭

11 اگر گندم کا بھاؤ 15½ سیر فی روپیہ ہو تو بتاؤ 31 من گندم پر کیا خرچ ہوگا ٭

12 ایک ٹین میں 18 سیر 8 چھٹانک گھی آتا ہے - 8 چھکڑے گھی کے خریدے ہوئے ہیں - اگر ہر ایک چھکڑے میں 25 ٹین گھی ہو - تو کل گھی کا وزن بتاؤ ٭

13 ایک بوری چاول کا وزن 2 من 35 سیر 7 چھٹانک ہے - اگر بوری کا وزن سوا سیر ہو تو ایسی 152 بوریوں میں کتنے چاول ہوں گے ٭

14 ایک برات کے موقع پر براتی کو پاؤ پاؤ مٹھائی دی گئی اگر کُل مٹھائی کا وزن جو تقسیم ہوئی 52 من دو سیر ہو - تو براتیوں کی تعداد بتاؤ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

15 ایک بنئے کا سیر 2 تولے 4 ماشے 3 رتی کم ہے
اس نے اسی سے 28 سیر تیل تول کر اپنے
گاہکو کو دیا - بتاؤ اس دغا بازی سے گاہک
کو اصل میں کتنا تیل ملا - اور مالک کو کتنا
تیل بچ رہا ؟

16 مشک کافور کی ایک گولی کا وزن 2 رتی 3
دھان ہے بتاؤ 20 گولیوں کا کیا وزن
ہوگا ؟

17 ایک دکاندار نے 50 بوری کھانڈ 4 سیر 8
چھٹانک فی روپیہ کے حساب خریدی اور پھر
3 سیر 2 چھٹانک فی روپیہ کے حساب فروخت
کی بتاؤ اُسے کتنا نفع ہؤا - جبکہ ہر ایک
بوری میں 3 من کھانڈ ہو ؟

18 ایک رسالے میں 1000 سوار ہیں ہر سوار کو
ہر روز 3 $\frac{1}{2}$ پاؤ گوشت ملتا ہے - بتاؤ مہینے
میں کس قدر گوشت خرچ ہوگا - (جبکہ مہینہ
30 دن کا ہو) ؟

19 2 من دودھ 9 روپے 6 آنے کو خریدا گیا -
بتاؤ اس میں کتنا پانی ملایا جائے کہ $\frac{1}{2}$ آنے
سیر بیچنے سے کچھ نفع یا نقصان نہ ہو ؟

20 100 لڑکے ہر روز آدھ آدھ پاؤ مٹھائی کھاتے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہیں - بتاؤ سال بھر میں کتنی مٹھائی کھائیں گے
(سال = 365 دن)

21 ایک بنئے کی پنسیری ایک چھٹانک ۱ سرسائی زیادہ ہے - اگر وہ اس سے ۱۰۰ من گندم تول کر لائے - تو بتاؤ اس دھوکا بازی سے کسان کو کس قدر نقصان ہوا اور بنئے کو اصل میں کس قدر گندم وصول ہوئی ؟

22 ایک کاشتکار نے فصل برداشت کر چکنے پر حساب لگایا - اگر میرا روزانہ گندم کا خرچ 2 سیر 7 چھٹانک ہو تو سال کے اخیر میں اس خرچ کے بعد بھی میرے پاس 20 من 15 سیر گندم بچ رہے گی - تو بتاؤ اس کی کل کس قدر گندم ہوئی - (جبکہ سال 365 دن کا ہو)؟

23 روپوں کی تھیلیاں تولی گئیں - ہر ایک تھیلی کا وزن 4 سیر 3 چھٹانک نکلا اور ہر خالی تھیلی کا وزن ایک چھٹانک 2 تولے تو بتاؤ کہ 3 تھیلیوں میں کتنے روپے ہیں ؟

24 اگر چونے کی ایک بوری کا وزن 2 من 32 سیر 8 چھٹانک ہو تو بتاؤ جس عمارت کے لئے 222 من چونے کی ضرورت ہو اس کے لئے کے بوریاں درکار ہوں گی خالی بوری کا وزن

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

$1\frac{1}{2}$ سیر ہے ۔

25 زمیندار کی 250 بوری گندم ہوئی - اگر ہر ایک بوری گندم کا وزن 2 من 32 سیر ۴ چھٹانک ہو اور بوری کا وزن $1\frac{1}{4}$ سیر ہو تو بتاؤ کہ زمیندار کو کتنے من گندم ملی ۔

26 بھوسے کا بھاؤ $6\frac{1}{2}$ آنے من ہے - اگر ایک بورے میں $1\frac{1}{2}$ من بھوسہ بھرا ہو تو بتاؤ ایسے 250 بوروں کی کیا قیمت ہوگی ۔

27 میں روئی کے $2\frac{1}{4}$ من کے چند برابر برابر بنڈل باندھنا چاہتا ہوں - بنڈل تیار کر چکنے بعد معلوم ہوا کہ 20 سیر 337 من روئی صرف ہوئی - بنڈلوں کی تعداد بتاؤ

28 ایک انجن کا روزانہ کوئلہ کا خرچ 12 من 22 سیر 8 چھٹانک ہے - اگر ایک ماہ لگاتار مقررہ وقت تک چلایا جائے - تو اس کا ماہواری کوئلے کا خرچ بتاؤ (جبکہ کوئلہ کا بھاؤ 14 آنے من ہو ۔

29 ایک ڈاکٹر نے 2 من 20 سیر 10 چھٹانک چاول اپنے زیر علاج مریضوں کو ایک چھٹانک فی کس روز کے حساب سے کھانے کو دئے - ہفتہ بھر کے بعد چاول ختم ہو گئے - ان مریضوں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کی مقدار بتاؤ ۔

30 ایک چوہا اناج کے گودام سے ایک چھٹانک گندم روز ضائع کرتا ہے ۔ بتاؤ سال کے اخیر میں گندم کا کس قدر نقصان ہوگا ۔ نیز نقصان شدہ گندم کی قیمت $1\frac{1}{2}$ روپے من کے حساب کیا ہوگی (سال 360 دن کا شمار کرو) ۔

31 ملیریا بخار کے موقع پر کونین کی 100000 گولیاں علاقہ بخار میں تقسیم کی گئیں ۔ اگر ہر گولی کا وزن ایک ماشہ 2 رتی ہو ۔ تو کل کونین کا وزن بتاؤ ۔

32 ایک جلسہ کی تقریب پر سکول کے بچوں میں 56 من 12 سیر 8 چھٹانک مٹھائی تقسیم ہوئی ۔ اگر ہر بچے کو آدھ پاؤ مٹھائی دی گئی ہو تو بچوں کی تعداد بتاؤ ۔

33 ایک سنار ایک تولہ سونے میں 2 رتی کھوٹ ملاتا ہے ۔ تو بتاؤ 18 تولے 5 ماشے 8 رتی طلائی زیورات میں کس قدر کوٹ ملائیگا ۔ اور ان میں در اصل کس قدر سونا ہوگا

34 ایک گوجر مرکب دودھ کے ایک من میں 4 سیر 6 چھٹانک پانی ملاتا ہے بتاؤ 18 من ملاوٹ میں کس قدر پانی اور دودھ ہوگا ۔

35 ایک بنیا ہر روز بلا ناغہ پاؤ چاول آدھ سیر آٹا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک چھٹانک گھی خیرات میں دیتا ہے - بتاؤ
سال کے اخیر میں ہر ایک جنس کس قدر
دے چکیگا ؟ (جبکہ سال 365 دن کا ہو)

وقت کے اندازے

اکثر اوقات دیکھا جاتا ہے - کہ دیہاتی لوگ بجائے
گھنٹہ منٹ سکنڈ کے وقت کا اندازہ کرنے کے
لئے پہر - گھڑی، پل کو استعمال میں لاتے ہیں -
اور اس طرح سے انگریزی مہینوں کے بجائے
دیسی مہینوں کو کام میں لاتے ہیں - مگر دیہاتی
سکولوں میں طلباء دیسی مہینوں کے نام سے بالکل
اجنبی اور بے بہرہ ہوتے ہیں اور انگریزی مہینوں
کو فر فر بیان کر سکتے ہیں - حالانکہ انہیں عملی زندگی
میں زیادہ تر دیسی پیمانوں اور مہینوں سے واسطہ
پڑتا ہے - لہذا ہم اس وقت کو رفع کرنے کے
لئے اس جگہ زیادہ تر دیسی عملی زندگی میں کام
آنے والے اندازوں کو واضح طور پر بیان کریں
گے ؛

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دیسی وقت پیمانے

سال کے دیسی حصے	ہفتے کے دنوں کے نام	دیسی مہینوں کے نام	پکش یا تھتوں کے نام	قمری مہینوں کے نام
۶۰ پل = ایک گھڑی	۱-سوموار	۱-چیت	۱-ایکم	۱-محرم
۷½ گھڑی = ۱ پہر	۲-منگل وار	۲-بیساکھ	۲-دوج	۲-صفر
۸ پہر = ۱ دن	۳-بدھ وار	۳-جیٹھ	۳-تیج	۳-ربیع الاول
۳۰ دن = ۱ مہینہ	۴-ویر وار	۴-اساڑھ	۴-چوتھ	۴-ربیع الثانی
۱ مہینہ = ۲ پکشن	۵-شکر وار	۵-ساون	۵-پنچمی	۵-جمادی الاول
۱۲ مہینے = ۱ سال	۶-سنیچر وار	۶-بھادوں	۶-چھٹمی	۶-جمادی الثانی
نوٹ - ۸ پہر		۷-اسوج	۷-ستمی	۷-رجب
کا ایک دن	نوٹ -	۸-کاتک	۸-اشٹمی	۸-شعبان
رات ہوتا	ویر وار کو	۹-منگسر	۹-نومی	۹-رمضان
ہے ۔	جمعرات اور	۱۰-پوہ	۱۰-دسمی	۱۰-شوال
مہینے کے پہلے	شکر وار کو	۱۱-ماگھ	۱۱-اکادش	۱۱-ذی القعدہ
پکش کو بدی یا	جمعہ بھی کہتے	۱۲-پھاگن	۱۲-دوردشی	۱۲-ذی الحجہ
کرشنا پکش اور	ہیں ۔	نوٹ - دیسی	۱۳-تردشی	
دوسرے کو		مہینوں کے	۱۴-چودشی	
شدی یا شکل پکش		دنوں کی	۱۵-پورنماشی	
کہتے ہیں ۔		تعداد مقرر	اسی طرح دوسرے	
		نہیں ۔	پکش کی آخری	
			تتھ کو اماوش	

کہتے ہیں ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

انگریزی وقت کے پیمانے

60 - سیکنڈ = ایک منٹ

60 - منٹ = ایک گھنٹہ

24 - گھنٹے = ایک دن (دن رات)

7 - دن = ایک ہفتہ

4 - ہفتے = ایک ماہ

52 - ہفتے = ایک سال

12 - ماہ = ایک سال

365 - دن = ایک سال

نوٹ - لیپ کا سال ۳۶۶ دن کا ہوتا ہے ٭

۱- جب سنہ ۴ پر تقسیم ہو جائے تو وہ لیپ کا سال کہلاتا ہے ٭

۲- جب سن کی صدی ۴ پر پوری پوری تقسیم ہو جائے تو وہ بھی لیپ کا سال کہلاتا ہے ٭

۱ جنوری = 31 دن

2 فروری = 28 دن - مگر لیپ کا سال ہو تو 29 دن کا ہو جاتا ہے ٭

3 مارچ = 31 دن

4 اپریل = 30 دن

5 مئی = 31 دن

6 جون = 30 دن

7 جولائی = 31 دن

8 اگست = 31 دن

9 ستمبر = 30 دن

10 اکتوبر = 31 دن

11 نومبر = 30 دن

12 دسمبر = 31 دن

نوٹ :- استاد متعلقہ جماعت کے لئے لازم ہے - کہ وہ رجسٹر داخل خارج سے ہر ایک لڑکے کا تاریخ داخلہ اور تاریخ پیدائش بتلا کر ان کی عمر کا مقابلہ کر والئے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نیز عمر موجودہ و وقتِ تعلیم نکلوائے۔ تاکہ بچوں میں دلچسپی پیدا ہو۔ چنانچہ اسی قسم کے سوال بھی کافی طور پر دئے گئے ہیں ۔

نمونے کی مثالیں وقت کے پیمانوں کے متعلق

مثال ۱



	دن	پہر	گھڑی	پل
کے پل بناؤ	2	2	4	8
	8			
پہر	16			
	2			
کل پہر	18			
	$7\frac{1}{2}$			
گھڑی	135			
	4			
کل گھڑی	139			
	60			
پل	8340			
	8			
کل پل	8348			

عمل۔ پہلے دنوں کو 8 سے ضرب دے کر 2 پہر جمع کئے۔ تو جواب 18 پہر آیا۔ پھر اُن کو ساڑھے سات سے ضرب دے کر 4 گھڑیاں جمع کیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

139 گھڑیاں جواب نکلا پھر ان کو 60 سے ضرب دے کر 8 پل جمع کئے - تو جواب مطلوبہ 8348 پل آگیا +

مثال ۲

سیکنڈ منٹ گھنٹے دن

32 — 18 — 4 — 2 کے سیکنڈ بتاؤ

24

48 گھنٹے

4

52 کل گھنٹے

60

3120 منٹ

18

3138 منٹ

60

188280 سیکنڈ

32

188312 کل سیکنڈ

عمل - پہلے دنوں کو 24 سے ضرب دے کر 4 گھنٹے جمع کئے 52 گھنٹے آئے - پھر ان کو 60 سے ضرب دے کر 18 منٹ جمع کئے 3138 منٹ جواب نکلا اسی طرح سے ان کو 60 سے ضرب دے کر 32 سیکنڈ جمع کئے - تو جواب 188312 سیکنڈ ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مثال ۳ — سکنڈوں کے گھنٹے منٹ وغیرہ بناؤ ۔

60 / 12672 سکنڈ

60 / 211 — 12 منٹ

3 — 31

سکنڈ منٹ گھنٹے

جواب = 12 — 31 — 3

عمل - سکنڈوں کو 60 پر تقسیم کیا تو 211 منٹ حاصل ہوئے 12 سکنڈ باقی بچے پھر منٹوں کو 60 پر تقسیم کیا تو 3 گھنٹے حاصل ہوئے - 31 منٹ بچے ۔ پس 3 گھنٹے 31 منٹ 12 سکنڈ نکلا ۔

زبانی و عملی سوالات ۳

عملی استعمال - بچوں پر سوال کرو - کہ دوپہر - سہ پہر اور آدھی رات اور پہر رات گزرنے سے تم وقت کا کیا اندازہ لگاتے ہو - پھر گھڑی پیش کرو - پوچھو سب سے بڑی سوئی کس وقت کو ظاہر کرتی ہے - اور سب سے چھوٹی سوئی کیا کام کرتی ہے - بڑی سوئی کے پورا چکر لگانے کے بعد چھوٹی سوئی کتنا چل چکتی ہے - پھر سوال کرو - گھڑی سے دیکھ کر بتاؤ کے پہر دن گزر چکا ہے یا باقی ہے ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سوالات نمبر 3 زبانی

۱- ایک رات چھ آدمیوں کی برابر برابر وقت پہرہ دینے کی ڈیوٹی لگائی گئی - بتاؤ ان میں سے ہر ایک آدمی کتنی گھڑی جاگا +

2- ایک شخص ہر روز ۴ گھڑی 15 پل عبادت میں صرف کرتا ہے - بتاؤ ایک ہفتہ میں اس نے کس قدر وقت جاگنے میں صرف کیا +

3 ایک کسان نے پانی لگاتے وقت حساب کیا- کہ ایک گھماؤں کھیت کی آبپاشی کے لئے $\frac{1}{2}$ پہر وقت درکار ہے بتاؤ 2 پہر 2 گھڑی میں کس قدر کھیت سیراب ہو جائیگا +

4 ایک دکاندار کے روزانہ کام کا پروگرام حسب ذیل ہے تو بتاؤ اس کا کس قدر وقت فراغت سے کٹتا ہے - غسل و ضروری حاجات ایک گھڑ 15 پل - عبادت $\frac{1}{2}$ پہر - از قسم تجارت 2 پہر 5 گھڑی 25 پل +

5 ایک شخص ایک کھیت $\frac{1}{4}$ ۱ پہر میں کاٹ سکتا ہے- بتاؤ ایسے 15 کھیت کاٹنے میں اس کے کتنے دن صرف ہوں گے +

6 ایک بچہ پور نماشی کو پیدا ہوا — اور اسی اماوش کو مرگیا - بتاؤ کے دن زندہ رہا +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

7 بتاؤ ۱۸۰۰ء و ۲۰۰۰ء و ۱۹۲۴ء میں سے کونسا لیپ کا سال ہے ۔

8 ایک لڑکا 15 اسوج کو یہاں سے روانہ ہوکر 18 ماگھ کو واپس آیا ۔ بتاؤ کتنا عرصہ باہر رہا ۔

9 ایک شخص کی شادی 13 کاتک سمت ۱۸۰۰ کو ہوئی بتاؤ کہ 15 کاتک سمت ۱۸۴۳ کو اس کی شادی ہوئے کتنے سال گذر گئے ۔

10 ایک زمیندار نے 5 بھادوں سمت ۱۹۷۸ کو کچھ روپے قرض لئے بتاؤ 5 اسوج سمت ۱۹۷۹ تک کتنا عرصہ گذر جائیگا ۔

11 ربیع الثانی سے شوال تک قمری مہینوں کے نام بتاؤ ۔

12 لاہور اور امرتسر کے درمیان 32 میل کا فاصلہ ہے اگر ایک شخص $3\frac{1}{2}$ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلے تو کتنا وقت صرف ہوگا ۔

13 ایک بیگھہ زمین کو جوتنے میں 2 پہر 6 گھڑی وقت صرف ہوتا ہے بتاؤ 12 بیگھے کھیت جوتنے میں کتنا وقت لگے گا ۔

14 ایک گھماؤں کے لئے سرکار کی طرف سے پانی برائے آبپاشی آدھ گھنٹہ مقرر ہے ۔ مگر ایک کسان جس کی ملکیت 25 گھماؤں ہے ۔ غلطی سے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

5 پہر لگا لیتا ہے - بتاؤ اُس نے کتنے گھنٹے زائد پانی لگایا ؟

15 ایک کمانڈر نے اپنی فوج کے دس سپاہیوں کو 8 بجے رات سے صبح کے 6 بجے تک برابر وقت جاگنے کا حکم دیا - بتاؤ - آخری سپاہی کتنے وقت اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوا ؟

16 اگر ایک میل جانے کے لئے 20 منٹ 15 سیکنڈ صرف ہوں - تو بتاؤ اسی رفتار سے ½ میل چلنے کے لئے کتنا وقت لگیگا

17 ایک شخص صبح سات بج کر ۴۰ منٹ پر گھر سے روانہ ایک ضروری کام کے لئے ہوتا ہے - جب واپس آیا تو گھڑی پر دیکھا - کہ اس وقت ٹھیک 2 بج کر ۵۰ منٹ ہیں بتاؤ وہ کتنے منٹ باہر رہا ؟

18 دو شہروں کے درمیان کچھ فاصلہ ہے - ایک شخص 3 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چل کر 5 گھنٹے ۳۰ منٹ لگاتا ہے - دونوں شہروں کا درمیانی فاصلہ بتاؤ ؟

19 آج 14 اکتوبر ۱۹۳۰ء منگل کا دن ہے - بتاؤ اس ماہ کی دو تاریخ کو کونسا دن تھا

20 اگر کسی معمولی سال میں یکم جنوری سنیچر کا دن

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہو - تو ۱۹ فروری کو کونسا دن ہوگا ؟

تحریری سوالات ۴

1 ایک آدمی ایک منٹ میں ۲۴۰ قدم چلتا ہے - بتاؤ 5 گھنٹے میں کتنی دور چلیگا - جبکہ اس کا قدم ایک فٹ 3 انچ ہو ؟

2 ایک مزدور ۱½ روپیہ روز کماتا ہے - ہفتہ میں ایک روپیہ ۱۲ آنے بچاتا ہے - اُس کا روزانہ خرچ بتاؤ ؟

3 باپ کی عمر لڑکے سے پنجگنی ہے - اگر لڑکے کی عمر 4 برس 2 ماہ ہو تو باپ کی عمر بتاؤ ؟

4 فی گھنٹہ ۴۰ میل چلنے والی ریل ۱۰ میل کتنے وقت میں طے کریگی ؟

5 ایک مستری کو سوا تین روپے روزانہ اجرت ملتی ہے اس کی فروری ۱۹۳۰ء کی اجرت بتاؤ ؟

6 ایک شخص کا ہفتہ وار خرچ ۲۷ روپے 2 آنے اور روزانہ آمدنی 4 روپے 2 آنے ہے ہفتہ وار بچت بتاؤ ؟

7 ایک فقیر ہر روز 5¼ سیر آٹا مانگ کر لاتا ہے ¼ سیر خود کھا لیتا ہے اور باقی کا آدھا مسافروں کے لئے چھوڑتا ہے - بتاؤ ایک ہفتے کے بعد

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اُس کے پاس کس قدر آٹا بچ رہے گا ؟

8 ایک لڑکے نے داخل ہوتے وقت اپنی تاریخ پیدائش 4 جنوری ۱۹۱۹ء بتلائی - اگر اُس کی تاریخ داخلہ 4 اکتوبر ۱۹۳۰ء ہو تو اس کی عمر داخلہ کے روز کتنی تھی ؟

9 ایک ٹیچر نے غلطی سے رجسٹر داخلہ میں تاریخ داخلہ کی بجائے تاریخ پیدائش درج کردی اس طرح سے 8 سال 4 دن کا فرق پڑا اگر تاریخ داخلہ 10 اکتوبر ۱۹۲۹ء ہو - تو تاریخ پیدائش کیا ہوگی ؟

10 ایک شخص کی روزانہ بچت اُس کی آمدنی سے ¼ ہے - اگر اس کی ہفتہ وار آمدنی 84 روپے ہو - تو اس کا روزانہ خرچ بتاؤ ؟

11 ایک درزی ایک گھنٹہ دس منٹ میں کرتا تیار کرتا ہے - تو بتاؤ 8 بجے صبح سے 5 بجے شام تک کتنے کرتے تیار کریگا - جبکہ 1 گھنٹہ 40 منٹ آرام اور کھانے میں صرف کرے ؟

12 ایک بڑھئی ایک میز 2 دن 3 گھنٹے 40 منٹ میں تیار کرتا ہے - بتاؤ ایسی 125 میزیں کتنے عرصہ میں تیار کرے گا

13 ایک میل لمبی سڑک تیار کرنے میں 5 دن 10 گھنٹے 35 منٹ خرچ ہوتے ہیں - بتاؤ 65 میل

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سڑک کتنے عرصے میں تیار ہوگی ؛

14 ایک مزدور ایک کام کو 11 دن 17 گھنٹے 45 منٹ میں کرسکتا ہے۔ بتاؤ 36 آدمی اُسی کام کو کتنے عرصے میں کرینگے ؛

15 ایک ٹھیکہ دار نے ایک سڑک تیار کرنے کا ٹھیکہ لیا۔ اور حساب لگانے سے معلوم ہوا۔ کہ ایک آدمی 2 سال 15 ماہ 4 دن میں نصف سڑک تیار کرلیتا ہے۔ اگر وہ کام جلد ختم کرنے کی غرض سے 120 آدمی لگا دئے جائیں۔ تو سڑک کتنے عرصہ میں مکمل ہو جائے گی ؛

16 ایک کسان 4 اکتوبر سنہ 1919ء بروز سوموار عدالت میں پیش ہوا۔ افسر عدالت نے دوبارہ تاریخ 12 دسمبر سنہ 1919ء مقرر کردی بتاؤ کس دن حاضر عدالت ہوگا ؛

17 ایک لڑکے نے 4 جون سنہ 1930ء کو بروز جمعرات ڈیڑھ ماہ کی رخصت لی بتاؤ وہ کس روز سکول میں حاضر ہوگا ؛

18 13 ستمبر سنہ 1908ء سے 14 مئی سنہ 1914ء تک کتنے دن ہوئے ؛

19 ایک موٹر صبح 7 بج کر 18 منٹ پر مقام الف سے ب کو روانہ ہوئی اسی دن شام 6 بج کر 50 منٹ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پر مقام ب پر پہنچ گئی۔ بتاؤ اُسے الف سے ب
مقام تک کے دن لگے ۔

20 اگر پہلی مارچ ۱۸۸۰ء پیر کا دن ہو۔ تو اسی
سال ۲۰ اگست کو کونسا دن ہوگا ۔

21 اگر دس سالوں میں سے پہلا سال ۱۹۱۴ء ہو
تو دس سالوں کے دنوں کی کیا تعداد ہوگی ۔

22 ولایت شاہ ۴ اکتوبر ۱۹۰۴ء کو پیدا ہوا۔ اور یکم
جنوری ۱۹۲۹ء کو مرگیا۔ بتاؤ وہ کتنا عرصہ زندہ
رہا ۔

23 میرا دوست ۱۶ اکتوبر بروز سوموار شام کے 3
بج کر 5 منٹ ہوئے کہ بائیسکل پر سوار ہوکر
باہر گیا۔ دوسرے روز ۱۷ اکتوبر شام کو 7 بج کر
7 منٹ پر واپس آیا۔ بتاؤ وہ کے سکنڈ غیر
حاضر رہا ۔

24 ایک لڑکے کی عمر اپنے باپ سے 25 سال 4 ماہ
آٹھ دن کم ہے۔ اگر اس کے باپ کی تاریخ
پیدائش یکم جون ۱۸۸۹ء ہو۔ تو بیٹے کی تاریخ
پیدائش بتاؤ ۔

25 اگر لیپ کے سال میں 26 فروری منگل وار
کا دن ہو۔ تو یکم جون کونسا دن ہوگا ۔

26 ایک سکول موسم گرما کی تعطیلات کے لئے 12 اکتوبر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سنہ ۱۹۱۹ بروز سوموار تین ماہ کے لئے بند ہوا
بتاؤ وہ کس تاریخ کس روز کھلے گا ٭

27 اگر ۶ اکتوبر منگل کا دن ہو تو اسی سال 23 دسمبر کونسا دن ہوگا ٭

28 موہن کی ماں نے اس کی سالگرہ کی یادگار میں 2 گھنٹے 15 منٹ ۱۰ سکنڈ وقت بطور جشن وقف کر دیا۔ اگر وہ دس سال زندہ رہے۔ تو بتاؤ اس کی ماں نے اس کام کے لئے کے سیکنڈ صرف کئے ٭

29 ایک بنیا ہر روز 5 گھنٹے ۱۵ منٹ دکان کھولتا ہے بتاؤ اس کا سال بھر کس قدر وقت فراغت سے کٹتا ہے ٭

30 ایک ریل گاڑی 58 میل کا سفر 2 گھنٹے 4 منٹ میں طے کرتی ہے۔ اس کی رفتار فی منٹ گزوں میں بتاؤ ٭

طول کے دیسی پیمانے

کپڑا ماپنے کے دیسی پیمانے		زمین کی لمبائی ماپنے کے پیمانے		
3 انگل	= ۱ گرہ	3 ہاتھ	=	ایک کرم
4 گرہ	= ۱ بالشت	۱۰ کرم	=	ایک جریب
2 بالشت	= ۱ ہاتھ	136 جریب	=	۱ کوس

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

2 ہاتھ یا 16 گرہ = ۱ گز 3 گز = ایک گٹھا

20 گٹھے = ایک جریب

طول کے انگریزی پیمانے

12 انچ = ایک فٹ

3 فٹ = ۱ گز

220 گز = ایک فرلانگ

8 فرلانگ یا 1760 گز = ایک میل

مثال ۱

فٹ کا پیمانہ انچ کے نشان



گرہ بالشت ہاتھ گز

2 — 1 — 2 — 18 کی گرہ بناؤ

2

36 ہاتھ

2

38 کل ہاتھ

2

76 بالشت

1

77

4

308 گرہ

2

310 گرہ ہن

عمل - پہلے گزوں کو دو سے ضرب دے کر 2 ہاتھ جمع

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کئے تو 38 ہاتھ حاصل ہوئے - پھر ان کو 2 سے ضرب دے کر ایک بالشت جمع کی تو 70 بالشت حاصل ہوئیں پھر ان کو 4 سے ضرب دیا اور گرہیں جمع کیں تو جواب حاصل ہؤا ؛

مثال ۲

	میل	فرلانگ	گز	فٹ
کے انچ بناؤ	2	6	2	1
	8			
فرلانگ	16			
	6			
کل فرلانگ	22			
	220			
گز	4840			
	2			
کل گز	4842			
	3			
فٹ	14526			
	1			
کل فٹ	14527			
	12			
انچ	174324			

عمل - پہلے میلوں کو 8 سے ضرب دی اور 2 فرلانگ جمع کئے تو 22 فرلانگ حاصل ہوئے پھر ان کو 220 سے ضرب دی اور 2 گز جمع کئے تو 4842 گز حاصل ہوئے - اِن کو 3 سے ضرب

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دے کر ایک فٹ جمع کیا تو 14527 فٹ حاصل ہوئے بعد ازآں 12 سے ضرب دے کر انچ بنائے تو جواب مطلوبہ 174324 انچ ہؤا ❖

مثال ع 3 225892 ہاتھوں کے کوس وغیرہ بناؤ

3	225892	
10	75297 — 1	ہاتھ
136	7529 — 7	کرم
	55 — 49	جریب

جواب = 55 کوس 49 جریب 7 کرم ایک ہاتھ۔

عمل :- پہلے ہاتھوں کو 3 پر تقسیم کیا۔ تو ایک ہاتھ باقی بچا اور 75297 کرم حاصل ہوئے۔ ان کو 10 پر تقسیم کیا۔ تو 7529 جریبیں حاصل ہوئیں اور 7 کرم باقی رہے۔ پھر ان جریبوں کو 136 پر تقسیم کیا۔ تو 49 جریب باقی رہیں اور 55 کوس حاصل ہوئے ❖

مثال ع 4

12	49720	انچوں کے میل بناؤ۔
3	4143 — 4	انچ
220	1381 — 0	
8	6 — 61	گز
	0 — 6	فرلانگ

جواب = 6 فرلانگ 61 گز 4 انچ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

عمل - انچوں کو 12 پر تقسیم کیا - تو 4 انچ باقی بچے اور 4143 فٹ حاصل ہوئے - پھر ان کو 3 پر تقسیم کیا تو 1381 گز حاصل ہوئے اور گزوں کو 220 پر تقسیم کرنے سے 6 فرلانگ ہوئے اور 61 گز باقی بچے 6 فرلانگ 8 پر تقسیم نہ ہو سکنے کی وجہ سے جواب ۰ میل 6 فرلانگ 61 گز ۰ فٹ 4 انچ ہوا۔

عملی و زبانی سوالات نمبر ۵

1 عملی استعمال - کپڑے اور لوہے کا گز بچوں کے سامنے پیش کر کے مندرجہ ذیل سوال کرو

1 گن کر بتاؤ کہ اس میں کتنی گرہیں ہیں - کیا یہ درست ہے - کہ تین انگل کی ایک گرہ

2 ہر ایک گرہ کو اپنی اپنی انگل سے ناپ کر بتاؤ ؟

3 ہاتھ دکھا کر اُس سے کرم پنواؤ - اور بچوں سے نکلواؤ - کہ تین ہاتھ کا ایک کرم +

4 کمرے کی مختلف چھوٹی چھوٹی اشیاء مثلاً - میز - بنچ - بلیک بورڈ کی لمبائیوں کو پنواؤ ؟

5 کئی لڑکوں کے قد کپڑے کے گز سے اُنہیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دیوار کے ساتھ کھڑا کر کے بتاؤ +

ب - زبانی سوالات

1 ایک کپڑے کا عرض پونا گز ہے - بتاؤ اگر اُس میں ایک بالشت کپڑا نکال لیا جائے تو باقی کتنی گرہ کپڑا رہ جائے گا ؟

2 ایک بزار کا گز 2 اُنگل کم ہے - اگر وہ اِس سے 48 گز کپڑا ماپے تو بتاؤ گاہک کو کتنا نقصان ہؤا ؟

3 ایک بلیک بورڈ کی لمبائی $1\frac{1}{2}$ گز ہے - اس کا طول انچوں میں بتاؤ ؟

4 ایک آدمی ایک سکنڈ میں ۱ فٹ 6 انچ فاصلہ طے کرتا ہے اُس کی منٹ کی رفتار بتاؤ ؟

5 ایک میل 5 فرلانگ کے گز بناؤ ؟

6 6 جریب 4 کرم میں کتنے ہاتھ ہونگے ؟

7 2 کوس ایک جریب تین کرم کے ہاتھ بناؤ +

8 2 جریب 5 گھٹے کے گز بناؤ +

9 گورنر کی آمد پر 4 میل لمبی سڑک پر ہر فرلانگ کے فاصلے پر ایک ایک سپاہی کھڑا کیا گیا سپاہیوں کی تعداد بتاؤ +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

10 میرا قد 6 فٹ 2 انچ ہے اور میرے بھائی کا ½ فٹ 9 انچ ہے - بتاؤ میں اُس سے کتنے انچ لمبا ہوں +

11 ایک پاجامے پر 5 گز 7 گرہ کپڑا لگتا ہے بتاؤ ایسے 18 پاجاموں پر کتنے گز کپڑا لگے گا +

12 ایک باغیچے میں 20 درخت ہیں اگر ہر ایک درخت کا درمیانی فاصلہ 15 فٹ 8 انچ ہو - تو بتاؤ کہ درخت کتنی لمبائی میں لگے ہوئے ہیں +

13 ایک تھان 25 گز 9 گرہ لمبا ہے - بتاؤ اُس میں سے کتنا کپڑا نکال لیا جائے کہ باقی پونے بارہ گز رہ جائے +

14 ایک تھان 45½ گز لمبا ہے - اگر میں اُس سے 5 گز 10 گرہ کی لمبی پگڑیاں بناؤں تو کتنی پگڑیاں بنیں گی +

15 ایک مینار 2 فرلانگ اونچا ہے - اگر ہر چار فٹ کے فاصلے پر ایک میخ لگائی جائے تو اُس میں کس قدر میخیں لگ سکیں گی +

16 ایک کھیت کے طول کے ضلعے کو ہاتھ کے پیمانے سے ناپنے پر معلوم ہوا - کہ اگر اس

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہیں ۱۵ کرم اور بڑھا دئے جائیں - تو پوری $8\frac{1}{2}$ جریب بن جاتی ہیں - بتاؤ اُس کا طول کرموں میں کیا ہے +

17 ایک کوس میں اڑسٹھ نشان لگائے گئے - کوئی سے دو متصلہ نشانوں کا درمیانی فاصلہ بتاؤ +

18 بتاؤ 8 گز $\frac{1}{4}$ گرہ کپڑے ہیں اور کتنا کپڑا جمع کروں کہ 12 گز ہو جائے +

19 ایک ریلوے پلیٹ فارم پر جو 220 گز لمبا ہے برابر برابر فاصلے پر 13 دیسی لمپ برائے روشنی لگائے گئے ہیں - اُن کا درمیانی فاصلہ فٹوں میں بتاؤ +

20 میرے گھر سے سکول 1320 فٹ کے فاصلے پر ہے - بتاؤ میرا گھر سکول سے کے فرلانگ دور ہے +

تحریری سوالات نمبر 6

1 ایک کوٹ میں $\frac{1}{4}$ گز ۱ ہاتھ $\frac{1}{4}$ انگل کپڑا لگتا ہے - بتاؤ پچپن کوٹوں پر کس قدر کپڑا صرف ہو گا +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

2 میرے پاس 15 گز 2 انگل لمبا کاغذ موجود ہے - اس میں سے کتنا کاٹ لیا جائے کہ پورے $7\frac{1}{2}$ گز باقی رہ جائے +

3 ایک رسہ 90 گز 8 گرہ لمبا بنایا گیا - خاص ضرورت پر چار چار برابر ٹکڑے کر دئے گئے - بتاؤ ہر ایک ٹکڑا کتنا لمبا ہے +

4 ایک قمیض پر 3 گز 1 بالشت دو گرہ کپڑا صرف ہوتا ہے - اور ایک کوٹ پر 4 گز 9 گرہ - تو بتاؤ ایسی 45 قمیضوں اور 96 کوٹوں پر کس قدر کپڑا خرچ ہوگا +

5 جمع کرو

گرہ	بالشت	ہاتھ	گز
2	1	1	2
1	2	1	42
0	1	0	5

6 جمع کرو

گرہ	بالشت	ہاتھ	گز
1	0	1	13
1	1	2	56
0	2	1	48
1	2	1	69

7

بالشت	گرہ	ہاتھ	گز
2	2	2	14
3	1	1	12
1	1	1	18
0	2	1	16

8 تفریق کرو

گرہ	بالشت	ہاتھ	گز
2	1	0	19
3	0	2	9

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

گرہ	بالشت	ہاتھ	گز		گرہ	بالشت	ہاتھ	گز
9	1	1	6		10	25	1	0
9	1	2	0		10	25	1	2
1	2	3	18		1	0	2	3
1	2	3	18		1	0	2	3

تفریق کرو

تفریق کرو

11 40 جریب 15 گٹھے 5 گز کے گز بناؤ +

12 ایک باغ کا طول 125 جریب 8 کرم 2 ہاتھ ہے - بتاؤ اُس میں اور کتنی لمبائی ملائی جائے کہ اُس کا طول پورا کوس ہو جائے +

13 ایک شخص نے پورا کوس چلنے میں برابر فاصلے پر 8 دفعہ آرام لیا بتاؤ وہ کے گز چلنے کے بعد بیٹھ جاتا تھا +

14 سکول کا احاطہ پہلے کرموں سے ناپا گیا - جس سے معلوم ہوا - کہ اُس کی کل لمبائی 205 کرم ہے - اگر جریب سے ناپا جائے تو اُس کی لمبائی بتاؤ +

15 ایک ایک ہاتھ لمبے فاصلے پر میخ لگائی گئی میخ لگا چکنے کے بعد معلوم ہوا - کہ اس طرح 1½ میخیں خرچ ہو چکی ہیں پہلی میخ سے اخیری میخ تک کا فاصلہ معلوم کرو +

16 ½ کوس لمبی سڑک پر پانچ پانچ کرم کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فاصلے پر دو رویّہ بالمقابل پودے لگائے
گئے پودوں کی تعداد بتاؤ۔ جبکہ شروع
سے آخیر تک پودے لگائے گئے ہوں ٭

17 تار کے بلے باتیس بائیس گز کے فاصلے پر
لگائے گئے ہیں۔ بتاؤ 18 بلوں کے درمیان
کس قدر فاصلہ ہوگا ٭

18 ایک سڑک کی پیمائش جریب سے کرنے
پر معلوم ہُوا۔ کہ 95 جریب 6 کرم ہے
فاصلہ گزوں میں بتاؤ ٭

19 38 کوس کا فاصلہ جریبوں سے ماپنے پر
کیا ہوگا ٭

20 ایک موٹر کے پہیے ایک گھنٹہ میں 2670 چکر لگاتے
ہیں۔ اس کا محیط 7 بالشت ہے موٹر کی رفتار
فی گھنٹہ معلوم کرو ٭

21 ایک آدمی کا قدم 2 فٹ 6 انچ ہے بتاؤ
5 میل ½ فرلانگ کا سفر پیدل کرنے پر
وہ کتنے قدم چلے گا ٭

22 10 فٹ لمبی سڑک تیار کرانے پر 2 روپے ¼ ر
خرچ ہوتے ہیں۔ تو بتاؤ 19 میل 10 گز سڑک
بنوانے میں کیا خرچ آئیگا ٭

23 ایک دوکاندار کا گز ¼ گرہ کم ہے۔ وہ سال

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہیں 420960 گز کپڑا فروخت کرے - تو
بتاؤ وہ گاہکوں کو کس قدر کم کپڑا دیتا ہے ؟

24 ایک بائیسکل کے پہیے کا گھیرا 58 انچ ہے -
ایک میدان جس کا گھیرا 406 گز ہے ایک لڑکے
نے سوار ہو کر 35 چکر لگائے - بتاؤ پہیے
نے کل کتنے چکر لگائے ؟

25 اگر ایک فرلانگ لمبی سڑک کی بنوائی 25 روپے
8 آنے ہو تو 12 میل ½ فرلانگ لمبی سڑک
پر کیا خرچ آئیگا ؟

26 ایک جریب کی چند کڑیاں خراب ہو جانے
کی وجہ سے اُس کی لمبائی میں 5″ کمی آجاتی
ہے - بتاؤ اگر اُس سے 3 کوس لمبائی
ناپی جائے - بتاؤ اصل فاصلہ میں کس قدر
کمی ہو جائیگی ؟

27 ایک پٹواری نے گھوڑے پر چڑھ کر کھیت
کی لمبائی کو ماپا - اگر گھوڑے کا قدم ایک ہاتھ
½ انگل ہو - تو بتاؤ 560 قدم چلنے کے بعد
گھوڑے نے کتنا فاصلہ طے کیا ؟

28 نمائش گھوڑ دوڑ کے موقع پر 560 گز کا
ایک چکر ایک گھوڑے نے 15 منٹ میں طے
کیا اُس کی رفتار فی گھنٹہ بتاؤ ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

29 ایک شخص نے بائیسکل پر سوار ہو کر ½ میل کا سفر طے کیا۔ اگر بائیسکل کے پہیے کا گھیرا ½ فٹ ہو تو بتاؤ بائیسکل نے کتنے چکر لگائے ؟

30 ایک شخص کا قدم دو فٹ 6 انچ اور دوسرے کا دو فٹ ہے بتاؤ ½ میل فاصلہ طے کرنے پر پچھلے آدمی کو پہلے آدمی کی نسبت کس قدر زیادہ قدم چلنے پڑینگے ؟

گنتی کے پیمانے

عام اشیاء کے لئے

12 چیزیں	=	ایک درجن
12 درجن (144 چیزیں)	=	ایک گروس
20 چیزوں	=	ایک کوڑی
5 کوڑی	=	ایک سینکڑا

کاغذ کے لئے

24 تختے (کاغذ)	=	ایک دستہ
20 دستے	=	ایک رم

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نوٹ:- دیسی کاغذ کے دستے میں 25 کاغذ اور رم میں 500 کاغذ ہوتے ہیں - اور ولائتی کاغذ کے دستے میں 24 کاغذ اور رم میں 480 کاغذ ہوتے ہیں +

بچوں پر سوال کرو - کہ عام طور بازار میں کونسی اشیاء گروس اور کونسی درجن اور کونسی کوڑی کے حساب اور کونسی سینکڑہ کے حساب سے بکتی ہے - مثلاً ماچس دوائیں - قلمیں - پنسلیں - کوڑیاں - گولیاں وغیرہ جمع کر کے اُن کی توجہ اس طرف لگاؤ - بعدہٗ ذیل کی جدولیں پُر کراؤ +

درجن کے حساب سے بکنے والی اشیاء	گروس کے حساب سے بکنے والی اشیاء	کوڑی کے حساب سے بکنے والا اشیاء	سینکڑوں کے حساب سے بکنے والی اشیاء	کیفیت

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حل شدہ مثالیں متعلقہ گنتی

مثال ۱ ایک سلیٹ کی قیمت 3 آنے ہے 12 کوڑی سلیٹوں کی قیمت بتاؤ ؟

حل - سلیٹوں کی تعداد = 12 × 20 = 240 سلیٹیں

ایک سلیٹ کی قیمت = 3 آنے

240 سلیٹوں کی قیمت = 240 = 720 آنے یا 45 روپے

جواب = 45 روپے ؟

مثال ۲ ایک تختے میں ایک کتاب کے 8 صفحے نکل سکتے ہیں - اگر ایک کتاب 288 صفحے ہوں تو ایسی 500 کتابوں پر کتنا کاغذ لگے گا - نیز 8 روپے رم کے حساب سے کیا لاگت آئیگی ؟

حل و عمل - چونکہ ایک کاغذ سے 8 صفحے نکلتے ہیں - لہذا 288 صفحوں سے جس قدر تختے درکار ہیں - 288 ÷ 8 = 36 تختے

ایک کتاب کے لئے جس قدر کاغذ درکار ہیں = 36 تختے

500 کتابوں کے لئے جس قدر کاغذ درکار ہیں -

تختے دستے رم

= 36 × 500 = 18000 = 10 — 37

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک رم کاغذوں کی قیمت = 8 روپے

37 =

---

37 رم کاغذوں کی قیمت = ۰ ″ ۰ ″ 296

10 دستے کاغذوں کی قیمت = ۰ ″ ۰ ″ ۴

---

10 دستے - 37 رم کاغذوں کی قیمت = ۰ ″ ۰ ″ 300 روپے

عملی و زبانی سوالات نمبر 7

عملی استعمال ۱ - متذکرہ بالا جدولیں پُر کرو - اس کے بعد بچوں کے سامنے پنسلیں گولیاں وغیرہ رکھ کر اُن سے ان کی کوڑیاں - درجن گروس - سینکڑے بنوا کر علیحدہ علیحدہ رکھواؤ اور اُن کا تصور ذہن نشین کرا دو - پھر سوال کرو - کہ ایک درجن میں کے چیزیں - ایک گروس میں کے سینکڑے کے درجن اور کے چیزیں نکال سکتے ہیں - وغیرہ وغیرہ ٭

زبانی سوالات = ۱ - ۴ آنے کی ایک گروس پنسلیں ملتی ہیں - ایک درجن پنسلوں کی قیمت بتاؤ ٭

2 اگر ایک دوات کی قیمت ڈیڑھ آنہ ہو. تو 2 درجن

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دواتوں کی قیمت معلوم کرو ٭

3 پیسے کے فلسکیپ کاغذ 2 تختے ملتے ہیں 3 دستے کی قیمت بتاؤ ٭

4. ایک شخص نے دو درجن گلاس 30 روپے کو خریدے بتاؤ کہ ہر ایک گلاس پر کتنی رقم خرچ ہوئی ٭

5 ایک موچی نے 2 کوڑی چمڑے 60 روپے کو خریدے ہر ایک کھال کی قیمت بتاؤ ٭

6 24 گروس ہولڈروں کی قیمت 18 روپے ہے ایک ہولڈر کی قیمت معلوم کرو ٭

7 ایک کوڑی انار سوا روپے کو بیچے گئے - ایک درجن اناروں کی قیمت بتاؤ ٭

8 ایک تختے میں 8 صفحے ہوتے ہیں - اگر ایک کتاب جس میں 100 صفحے ہوں کتنے کاغذ لگینگے ٭

9 ایک کتاب کے 256 صفحے ہیں - اگر ایک کاغذ کے 8 صفحے ہوں تو کاغذوں کی تعداد بتاؤ ٭

10 اگر ایک تختے کے 8 صفحے ہوں تو بتاؤ 40 تختوں کی کاپی کتنے صفحوں کی بنیں گی ٭

11 میں نے دس رم کاغذ 12 روپے میں خریدے - اگر میں 50 دستے کاغذ خریدتا تو کتنی رقم خرچ ہوتی ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

12 اگر ایک ماچس کی قیمت ۰٫ ہو تو ۴ درجن ماچسوں کی قیمت معلوم کرو +

13 ایک گروس ۴ درجن 6 چیزوں کی کتنی چیزیں ہونگی +

14 ایک دوات کی قیمت ۱ آنہ ہے - ایک گروس دواتوں کی قیمت معلوم کرو +

15 اگر ایک دستہ کاغذوں کی قیمت ۲٫ ہو تو ایک رم کی قیمت معلوم کرو +

16 میں نے ہر ایک لڑکے کو ایک ایک پنسل انعام دی - اگر لڑکوں کی تعداد 228 ہو تو بتاؤ کتنے گروس کاغذ لگے +

17 100 لڑکوں میں اک ایک کاغذ دیا گیا - بتاؤ کتنے دستے صرف ہوئے +

18 5 ۴ رم 12 ستے 21 تختے میں کیا جمع کروں کہ پورے 50 رم ہو جائیں +

19 5 دستوں کی کتنی کاپیاں بناؤں تا کہ ہر ایک کاپی 8 تختے کی ہو +

20 15 گروس ۴ درجن 8 چیزوں سے کتنی چیزیں کم کروں کہ ۱۴ گروس 10 درجن ہو جائیں +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تحریری سوالات نمبر 8

1 تختیاں 5 روپے کوڑی کے حساب ملتی ہیں 13 کوڑی ۱۰ تختوں کا مول بتاؤ ؟

2 ایک دکاندار نے ایک رم کاغذ 6 روپے 4 آنے کو خرید کر 6 آنے فی دستہ کے حساب بیچ دیا۔ بتاؤ اُسے کیا نفع ہؤا

3 میرے پاس 365 قلمیں ہیں۔ ان کے کتنے پورے گروس بن سکتے ہیں اور کتنے قلم باقی رہتے ہیں ؟

4 ایک کاغذ سے 8 صفحے بنتے ہیں 64 صفحے کی ایک درجن کاپیوں کے لئے کتنے کاغذ درکار ہونگے ؟

5 ایک شخص چار ہزار اشتہار چھپوانا چاہتا ہے۔ ایک کاغذ پر 8 اشتہار چھپ سکتے ہیں 3 آنے دستہ کے حساب سے کتنے کا کاغذ لگے گا ؟

6 ایک میوہ فروش کے پاس 620 کیلے تھے اُس نے 32 درجن 6 کیلے ایک فروخت کئے اور ۱۱ کوڑی ۹ کیلے دوسرے دن بتاؤ باقی اُسکے پاس کتنے کیلے رہے

7 ایک کاغذوں کا رم 3½ روپے رم کے حساب خریدا گیا اور ہر کاپی کی جلد پر 3 پیسے خرچ آئے بتاؤ کل کیا خرچ ہؤا۔ جبکہ کاپی سولہ سولہ تختوں کی ہو ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

8- ایک دکاندار نے 5 گروس چار درجن سرخ پنسلیں خریدیں اور 2 گروس ایک درجن نیلی پنسلیں خریدیں تو بتاؤ کل کتنی پنسلیں خریدیں +

9- چودہ دکانداروں نے مل کر جرمن سے دیا سلائی کے بکس منگوائے بتاؤ ہر ایک کے حصے میں کتنے بکس آئینگے - جبکہ بکسوں کی تعداد 1148 گروس ہو +

10- ایک دکاندار کے پاس 63 رم 12 دستے کاغذ تھا - اس نے 45 رم 16 دستے بیچ دیا - بتاؤ باقی کتنا رہا ؟

11- ایک بوتل میں 14 چھٹانک تیل آتا ہے - 3 من 34 سیر تیل بھرنے کے لئے کتنی درجن بوتلیں درکار ہونگی پونے دو آنے بوتل کے حساب سے اس کی کیا قیمت ہوگی ؟

12- ایک دکاندار نے 4 گروس دیا سلائی کے بکس فی گروس 3 روپے 6 آنے کے حساب سے خریدے اور 2 پیسے فی بکس کے حساب سے فروخت کر دئے - بتاؤ اُس کو کل کتنا نفع ہوا ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

13- ایک میوہ فروش نے 22 درجن رنگترے 7ر فی درجن کے حساب سے خریدے اِن میں سے 4 درجن رنگترے خراب ہو گئے - وہ باقی 1½ آنہ فی رنگترہ کے حساب فروخت کرے تو اُسے کیا نفع یا نقصان ہوُا ؟

14- ایک جماعت میں 25 لڑکے پڑھتے ہیں انھوں نے امتحان کے موقع پر 6 تختے 31 دستے کاغذ منگوا کر برابر برابر بانٹ لیئے - ان کو 4ر فی طالب علم کے حساب سے قیمت ادا کرنا پڑی بتاؤ اُنھوں نے فی رم کس نرخ سے کاغذ خریدے اور کل کاغذوں کی کتنی قیمت ادا کی ؟

15- ایک دکاندار نے پانچ نمونہ کی چار چار کوڑیاں تختیاں خریدیں (1) ½ فی کوڑی - (2) ½ للعہ فی کوڑی - (3) ¼ فی کوڑی (4) ¼ فی کوڑی (5) ⅝ فی کوڑی اُن میں سے نصف تو 5ر فی کوڑی منافع لے کر بیچ دیں - اور باقی 3ر ، 3½ ، 4ر ، 4½ ، 5ر ، 6ر فی تختی کے حساب سے بیچ ڈالیں - اُس کا نفع بتاؤ ؟

16- 2 گرس دیا سلائیوں میں کتنی ڈبیاں ہوتی ہیں ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

17- 65 درجن انڈے 45 کوڑی انڈوں سے کس قدر کم یا زیادہ ہوتے ہیں ؟

18- چار درجن انڈے عصمہ فی کوڑی کے حساب سے خرید کر عبد فی کوڑی کے حساب سے بیچے گئے اُس کا نفع یا نقصان بتاؤ ؟

19- میرے پاس دو گروس 4 درجن 6 پنسلیں ہیں - اُن میں کتنی پنسلیں اور ملاؤں کہ پوری 3 گروس ہو جائیں ؟

20- ایک سوداگر نے 75 گروس نب خریدے اِن میں سے اُس نے 45 گروس 8 درجن 10 نب بیچ ڈالے - بتاؤ اب اِس کے پاس کتنے نب باقی رہے (جواب گروس - درجن اکائیوں میں)

21- اگر 10 کوڑی انڈوں کی قیمت 5 درجن مرغیوں کے برابر ہو اور ایک درجن انڈوں کی قیمت 3 آنے ہو - تو ایک سینکڑا مُرغ کتنے میں آئینگے ؟

22- میں نے ایک دکاندار سے 100 درجن دوائیں اس شرط پر منگوائیں - کہ میں اُسے اُس کے بدلے نقدی کے بجائے جنس دونگا - چنانچہ میں نے اُسے اُس کے بدلے 5 کوڑی پنسلیں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

4 درجن تختیاں بھیج دیں - اس طرح حساب
بے باق ہو گیا - اگر ایک تختی کی قیمت ایک
درجن پنسل کے برابر ہو اور ایک کوڑی تختیاں
2 روپے 8 آنے کو آئیں تو 100 درجن
دواتوں کی قیمت خرید بتاؤ ؟

23- ایک دکاندار نے 8 رم 5 دستے 20 تختے
دے کر اس کے بدلے 5 کوڑی قلمدان لئے
اگر 4 تختے ایک پیسے میں ملیں - تو بتاؤ
ایک کوڑی قلمدان کتنے میں آئینگے ؟

24- موہن ہر روز 4 رم 8 دستے 12 تختے کاغذ
بیچتا ہے - اور ہفتہ میں 32 رم منگواتا ہے -
بتاؤ سال کے اخیر میں اس کے پاس کس
قدر کاغذ بچ رہتا ہے - سال 365 دن
اور 5½ ہفتے کا شمار کرو ٭

25- ایک امتحان کے موقعہ پر 200 طالب علم ہر
روز پہلے روز کی نسبت 4 کاغذ زیادہ صرف
کرتے ہیں - بتاؤ اگر وہ پہلے روز 4 کاغذ
فی طالب علم کے حساب خرچ کریں تو
بتاؤ ہفتہ کے بعد کل کس قدر کاغذ صرف
کرینگے ؟

26- 96 سنگتروں کی قیمت دو درجن کیلوں کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

برابر ہے - اور درجن کیلوں کی قیمت ¼
کوڑی آموں کے - اگر ایک آم کی قیمت
½ ار ہو - تو ایک درجن رنگتروں کی قیمت
بتاؤ ؟

27- 50 کوڑی آم ایک ساہوکار سے خرید کر
اس کے بدلے 40 درجن کیلے دئے گئے
اگر آموں کی قیمت 8 آنے کوڑی ہو تو
بتاؤ ایک درجن کیلوں کی قیمت کیا ہوگی ؟

28- ایک شخص نے 45 درجن انڈے 2 آنے
فی درجن کے حساب سے خریدے ان میں
سے 3 کوڑی انڈے خراب ہو گئے بتاؤ باقی
انڈے کس بھاؤ سے بیچے کہ اُسے کسی قسم
کا نقصان نہ ہو +

29- ایک کنجڑے نے 10 کوڑی کیلے عہ فی کوڑی
کے حساب سے خریدے ان میں سے ایک
درجن 8 کیلے ضائع ہو گئے بتاؤ باقی کیلے
کس بھاؤ فی کوڑی بیچے کہ عہ روپیہ نفع ہو ؟

30- بتاؤ 45 رم 8 دستے 13 تختے میں اور کتنے
کاغذ ملائے جائیں کہ 48 رم 3 دستے 15
تختے کاغذ ہو جائیں +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نقدی کے پیمانے

انگریزی

4 فاردنگ	=	ایک پینی (پنس)
12 پنس	=	ایک شلنگ
20 شلنگ	=	ایک پونڈ (سلورن)
21 شلنگ	=	ایک گنی

انگریزی اور دیسی سکوں کی قیمتوں کا مقابلہ

پونڈ	=	15 روپے
شلنگ	=	12 آنے
پنس	=	1 آنہ
فاردنگ	=	1 پیسہ

نوٹ :- پونڈ کی قیمت سونے کے بھاؤ کے ساتھ بڑھتی گھٹتی رہتی ہے +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مثال ۱ — 2 — 9 — 6 — 23 کے فاردنگ بناؤ +

	پونڈ	شلنگ	پنس	فاردنگ
	23	6	9	2
	20			
شلنگ	460			
	6			
کل شلنگ	466			
	12			
پنس	5592			
	9			
کل پنس	5601			
	4			
فاردنگ	22404			
	2			
کل فاردنگ	22406			

عمل - پونڈوں کے شلنگ بنانے کے لئے 20 سے ضرب دے کر شلنگ جمع کئے - پھر جو شلنگ آئے ان کو 12 سے ضرب دی اور 9 پنس جمع کئے اِسی طرح اِن کو 4 سے ضرب دے کر 2 فاردنگ جمع کئے - تو کل فاردنگ 22406 ہوئے +

مثال ۲ - 422829 پنسوں کے پونڈ بناؤ

12	422829	
20	35235 — 9	پنس
	1761 — 15	شلنگ پونڈ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جواب = 1761 پونڈ 15 شلنگ 9 پنس

عمل - پہلے پنسوں کو 12 پر تقسیم کیا 9 پنس باقی بچے اور جو خارج قسمت تھی وہ شلنگ ہوئے — پھر اسے 20 پر تقسیم کیا تو 15 شلنگ باقی رہے اور 1761 پونڈ حاصل ہوئے +

مثال 3 - 9 پنس 8 شلنگ 20 پونڈ کو ہندوستانی سکوں روپے آنے پائیوں میں تحویل کرو +

پونڈ	شلنگ	پنس
20	8	9
15	12	1
360	16 | 96	9 آنے
6	6 روپے	
306 روپے		

جواب - 306 روپے 9 آنے

عمل - پہلے پونڈوں کو 15 سے ضرب دی تو تین سو روپے آئے پھر 8 شلنگ کو 12 سے ضرب دی 96 آنے یا 6 روپے حاصل ہوئے ان کو 300 روپوں میں جمع کیا - اسی طرح 9 پنسوں کو ایک سے ضرب دی — تو 9 آنے حاصل ہوئے -

پس جواب مطلوبہ = 306 روپے 9 آنے ہوا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

زبانی سوالات نمبر ۹

۱- ولایت سے ایک سپاہی نے 15 پونڈ 6 شلنگ کا منی آرڈر ہندوستان بھیجا بتاؤ یابندہ منی آرڈر کو کس قدر رقم روپے آنوں میں وصول ہوئی ؟

2- ولایت سے ایک دوائی کی بوتل پر 8 شلنگ 9 پنس قیمت اور ایک شلنگ 3 پنس محصول لگ کر آتا ہے - اگر ایسی ایک درجن بوتلیں منگوائی جائیں تو کتنے روپے خرچ آئیگا ؟

3- ایک شمعدان جس کی قیمت ایک پونڈ 5 شلنگ 8 پنس تھی خراب ہو گیا اُس کی مرمتی پر 2 شلنگ 5 پنس خرچ ہوئے - بتاؤ اب کتنے کو بیچا جائے - ۱۱ شلنگ 9 پنس فائدہ ہو ؟

4- موہن کے پاس 15 روپے 2 آنے تھی وہ اپنے بھائی کو لندن بھیجنا چاہتا ہے - بتاؤ کہ لنڈن میں اس کے بھائی کو کس قدر رقم پونڈ وغیرہ وصول ہوگی ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

5- اگر کونین کی ایک ٹکیہ کی قیمت بمعہ محصول ایک فاردنگ ہو۔ تو بتاؤ ہندوستانی سکوں کے حساب سے فی درجن کیا وصول ہوگا؟

ایک دستہ چاندی کے ورقوں کی قیمت 2

6- شلنگ ہے ایک ورق کی قیمت کیا ہوگی

7- لاہور سے لندن تک ایک لفافے کا محصول 2½ ہے بتاؤ لنڈن سے لفافہ ڈالنے والا کتنے کا ٹکٹ لگائیگا (وہاں انگریزی سکہ رائج ہے)

8- بتاؤ 20 روپے 8 آنے میں کتنے شلنگ پنس وغیرہ ملائیں کہ اس کی مالیت پورے دو پونڈ ہو جائے؟

9- 1000 فاردنگ کے دو دو پیسے والے کتنے کارڈ مل سکینگے؟

10- ایک شخص کو 10 شلنگ 8 پنس ¼ فاردنگ برائے تبادلہ سکہ ہندوستانی دئے گئے بتاؤ وہ کو نسے اور کس قدر سکے لائیگا؟

11- ایک یورپین نے ہندوستانی دکاندار کو غلطی سے 10 روپوں کے بجائے دس شلنگ ادا کئے بتاؤ اس طرح دکاندار کو کیا نقصان ہوا؟

12- میرے پاس 7 شلنگ ¼ پنس تھے۔ میں نے ان کے 8 آنے فی قلمدان کے حساب

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سے قلمدان خریدے بتاؤ میں نے کس قدر قلمدان خریدے -

13- میری جیب میں 15 پونڈ 15 شلنگ 4 پنس ہیں - بتاؤ میں اور کس قدر روپے ملاؤں کہ پورے 300 روپے ہو جائیں ؟

14- 54 روپے 8 آنے 9 پائی میں کیا ملائیں کہ پورے 4 پونڈ ہو جائیں ؟

15- ایک شخص نے آنہ آنہ والے 200 لفافوں کا دو دو پنس والے لفافوں سے شرح تبادلہ اس طرح کیا - کہ جتنے لفافے ایک ایک آنے والے دئے اتنے ہی لفافے دو دو پنس والے لئے بتاؤ اُسے اور کس قدر رقم ادا کرنا پڑی ؟

16- ایک درجن سلیٹوں کی قیمت 2 شلنگ 10 پنس ہے - 15 درجن سلیٹوں کی قیمت کیا ہوگی ؟

17- ایک انڈے کی قیمت 2 فارونگ ہے - بتاؤ 5 کوڑی انڈے کتنے میں دستیاب ہونگے ؟

18- ایک شخص نے دس کرسیاں 5 گنی 5 شلنگ کو خریدیں ہر ایک کرسی کی قیمت بتاؤ ؟

19- ایک درجن دیا سلائیوں کی قیمت 2 پنس 4 فارونگ ہے اور ایک درجن پنسلوں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کی قیمت 3 پنس ہے بتاؤ 4 درجن پنسلوں کے بدلے کس قدر دیا سلائیاں ملینگی ؟

20- بتاؤ 2 شلنگ 6 پنس فی لیمپ کے حساب 15 پونڈ کے کتنے لیمپ مل سکینگے ؟

تحریری سوالات نمبر ۱۵

مندرجہ ذیل سکوں کا تبادلہ کرو

1- 1000 شلنگوں کے روپے بناؤ

2- 20040 فارتنگ کو آنوں میں تحویل کرو

3- 2480 پنسوں کے پونڈ فارتنگ وغیرہ بناؤ

4- 1560 روپوں کے پونڈ بناؤ

5- 8 پنس 10 شلنگ 45 پونڈ کو روپوں آنوں وغیرہ میں تحویل کرو ۔

6- بتاؤ 5000 پنس سے 128970 فارتنگ کس قدر کم یا زیادہ ہیں

7 ایک کسان کو اپنے بچوں کی تعلیم کے لئے ماہواری خرچ 480 روپے ولایت بھیجنا مطلوب ہے ۔ بتاؤ وہاں اس کے بیٹے کو کس قدر رقم پونڈوں وغیرہ میں وصول ہوگی ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

8- ولایت میں ایک ہوٹل کا روزانہ خرچ ایک پونڈ 3 شلنگ 2 پنس ہے اور ہندوستان میں ۱۰ روپے 8 آنے 9 پائی ہے بتاؤ ایک ماہ میں ان کے خرچ میں کس قدر فرق واقع ہوگا؟

9- ایک دکاندار نے ۱۰ شلنگ 4 پنس فی من کے حساب سے کھانڈ خریدی بتاؤ 140 بوری کھانڈ کی کیا قیمت ہوگی جبکہ ایک بوری کھانڈ میں ایک من 30 سیر کھانڈ ہو ؟

10- ولائتی کاغذ کے ایک رم کی قیمت 15 شلنگ 2 پنس اور محصول ایک شلنگ 6 پنس ہے بتاؤ وہ ہندوستانی سکے کے حساب فی دستہ کس نرخ کے حساب سے بیچے کہ کچھ نفع یا نقصان نہ ہو ؟

11- ایک کتاب کی قیمت ۱ شلنگ 4 پنس ہے۔ ایسی 230 کتابوں کی قیمت پونڈوں میں بتاؤ؟

12- ایک بزاز نے 2850 روپے کا کپڑا منگوایا 128 پونڈ 6 شلنگ پیشگی دئے۔ باقی رقم واجب الذمہ پونڈوں میں بتاؤ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

13 140 گایوں کی قیمت 5630 پونڈ 6 شلنگ 8 پنس ہے - ایک گاے کی قیمت خرید بتاؤ +

14 میں نے 500 بھیڑیں ایک انگریزی سوداگر کے ہاتھ 4 روپے 4 آنے فی بھیڑ کے حساب فروخت کی - اس نے مجھے 150 پونڈ ادا کئے - بتاؤ میں اُسے کس قدر رقم واپس دوں کہ میرا لین دین باقی نہ رہے +

15 5 گائیوں کی قیمت 4 بھینسوں کے برابر ہے - اگر ایک گاے کی قیمت 3 پونڈ 4 شلنگ ہو - تو ایک بھینس کی قیمت بتاؤ +

16 ایک کتاب کی قیمت 6 شلنگ 10 پنس ہے - بتاؤ 34 پونڈ 3 شلنگ 4 پنس سے ایسی کتنی کتابیں ملینگی ؟

17 ایک مزدور ہر روز ایک آنہ ایک پیسہ بچاتا ہے - بتاؤ 25 سال میں کتنے پونڈ بچا یگا ؟

18 ایک کتب فروش نے ولایت سے 825 کتابیں منگوائیں - اُس کا کل خرچ 58 پونڈ 4 شلنگ 3 پنس ہؤا - اگر وہ فی کتاب ایک فارونگ محصول دے تو اُس کی قیمت خرید بتاؤ +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

19 ایک دوکاندار نے 5 شلنگ 8 پنس فی من کے حساب سے کھانڈ خریدی - بتاؤ اگر وہ 132 من 20 سیر کھانڈ خریدتا - تو اُسے کس قدر رقم دینی پڑتی ؟

20 اگر ولایت میں ایک چاقو کی قیمت 3 پنس 2 فاردنگ ہو - تو بتاؤ ایسے 1020 چاقو منگوانے پر کیا خرچ آئیگا - جبکہ محصول وغیرہ پر 8 پونڈ 10 شلنگ 5 پنس وغیرہ خرچ ہوتے ہوں +

21 اگر 5 مرغیوں کی قیمت 6 کبوتروں کے برابر اور 6 کبوتروں کی قیمت 4 بطخوں کی قیمت کے برابر ہو تو ایک مرغی کی قیمت بتاؤ جبکہ ایک بطخ کی قیمت 5 پنس 20 فاردنگ ہو +

22 میں نے 1200 چمنیاں 4 شلنگ 6 پنس فی درجن کے حساب سے منگوائیں - اور اُن پر 1 پونڈ 2 شلنگ بابت محصول وغیرہ خرچ ہوئے - اگر میں ان فی چمنی نفع لے کر بیچنا چاہوں تو میری ہندوستانی قیمت فروخت فی کوڑی بتاؤ +

23 ایک مزدور کی روزانہ مزدوری 4 شلنگ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

6 پنس اور خرچ 2 شلنگ 2 پنس ہے۔
بتاؤ سال کے اخیر میں کتنے روپے بچا
یگا۔ سال 365 دن کا شمار کرو +

24 موہن نے ایک پیٹی تھان جس میں 24 تھان
موجود ہیں 28 پونڈ 2 شلنگ 4 پنس 3
فاردنگ کے حساب سے خریدے اور
2 پونڈ 8 شلنگ 4 پنس محصول وغیرہ کا
خرچ ادا کیا۔ اگر وہ دو روپیہ فی تھان
نفع لے کر بیچنا چاہے۔ تو اس کی قیمت
فروخت فی تھان بتاؤ +

25 ایک کمپنی نے بوجہ کاروبار میں نقصان
ہو جانے کے دیوالہ نکالا۔ اگر اُس کا
قرضہ 10000 روپے ہو اور اُس کے پاس
فقط 83 پونڈ 6 شلنگ 8 پنس ہو تو بتاؤ
اُس کے قرض خواہوں کو فی روپیہ کیا ملیگا؟

26 اگر ہندوستان کا قومی قرضہ 425702
روپے 8 آنے ہو۔ اور انگلستان کا قومی
قرضہ 32817 پونڈ 8 شلنگ ہو۔ تو بتاؤ
انگلستان کا قومی قرضہ ہندوستان سے
کس قدر زیادہ ہے؟

27 ایک درجن سرکہ کی بوتلوں کی قیمت

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۹ روپے ہے - اور ایک درجن سپیرٹ کی
بوتلوں کی قیمت 2 پونڈ ۱۰ شلنگ ہے -
بتاؤ ایک سینکڑا سرکہ کی بوتلوں کے بدلے
کس قدر سپیرٹ کی بوتلیں مل سکینگی ؟

28 سونے کا نرخ گھٹ جانے کی وجہ سے پونڈ
کی قیمت میں 4 آنے 3 پائی کی کمی پڑ گئی
ہے - تو بتاؤ جس کے پاس 2875 پونڈ
موجود ہوں تو اُن کی در اصل قیمت روپوں
میں کیا ہے ؟

29 ایک سرکاری اہلکار ہر روز 2 پونڈ 4
شلنگ خوراک و پوشاک پر 8 شلنگ
۹ پنس خیرات پر 4 شلنگ 3 پنس متفرق
اخراجات پر خرچ کرتا ہے - اگر اُس کی
ہفتہ وار آمدنی 40 پونڈ ہو تو اُس کی
ماہواری بچت بتاؤ (مہینہ 30 دن کا شمار کرو)

30 ایک شخص تین ماہ میں جتنا کماتا ہے - اُتنا
چار ماہ میں خرچ کر دیتا ہے - اگر اس کی
ماہواری بچت 14 پونڈ 7 شلنگ ہو تو اُس
کی سالانہ آمدنی بتاؤ +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مربّع اور مُستطیل کا تصوّر

ایک کاغذ کا ٹکڑا لو - لڑکوں کو دکھاؤ - اور بتاؤ کہ اس کے چار کونے ہیں - جو قائمے ہیں - اور اس کے مقابل کے ضلعے باہم برابر ہیں - ایسی شکل کو مستطیل یا قائم الزوایا کہتے ہیں - پھر ایک اور کاغذ کا ٹکڑا لو پھر اس کے ایک کونے سے اس کو اس طرح دُہرا کر لو کہ اس کا عرض والا ضلع طول والے ضلعے پر آ جائے - زائد کاغذ کو احتیاط سے الگ کر دو - اب اسے کھولو - لڑکوں کے سامنے اس کے ہر ایک ضلعے کو ماپو - اور پوچھو کہ اس کے ضلعوں میں کیا نسبت ہے - نکلواؤ کہ برابر ہیں - پھر اس کے زاویے دکھا کر - بتاؤ کہ یہ زاویے قائمے ہیں - اب لڑکوں کو بتاؤ - کہ ایسی شکل جس کا ہر ایک ضلع آپس میں برابر ہو - اور چاروں زاویے



CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

قائم ہوں - ایسی شکل کو مربّع کہتے ہیں +
کمرے کا فرش - میز کا تختہ - دیوار کی سطح -
تختہ سیاہ یا اس قسم کی اور چیزیں پیش کرکے
پوچھو - کہ یہ کیسی شکلیں ہیں - نیز کئی ایک
مربّع شکلیں پیش کرو - جب لڑکوں کو مربّع
اور مستطیل کا اچھی طرح تصوّر ہو جائے - تو
بعد ازاں رقبے کا تصوّر دو +

رقبے کے پیمانے

لڑکوں کو بتاؤ - کہ جس طرح ہم کسی چیز
کی لمبائی - چوڑائی گزوں - فٹوں - انچوں -
کرموں اور ہاتھوں وغیرہ سے ماپتے ہیں -
اس طرح رقبے ماپنے کے بھی الگ الگ
پیمانے ہوتے ہیں - جن کو مربع گز - مربع فٹ
مربع انچ - مربع کرم - مربع ہاتھ وغیرہ کہتے
ہیں - پھر ان پیمانوں کی شکلیں - کاغذ گتوں
اور زمین پر بنا کر سمجھائی جائیں - لڑکوں کو
اچھی طرح ذہن نشین کرا دیا جائے - تاکہ
وہ مربع گز اور گز وغیرہ کا فرق اچھی طرح
معلوم کر لیں +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

زمین کی پیمائش کے دیسی پیمانے

ایک مربع کرم	=	ایک سرساہی
۹ مربع کرم یا ۹ سرساہی	=	ایک مرلہ
۲۰ مرلہ	=	ایک کنال
۴ کنال	=	ایک بیگھہ
۸ کنال یا ۲ بیگھہ	=	ایک گھماؤں
۲۵ گھماؤں	=	ایک مربع

ب - انگریزی

144 مربع انچ	=	ایک مربع فٹ
۹ مربع فٹ	=	ایک مربع گز
484 مربع گز	=	ایک مربع جریب
4840 مربع گز یا ۱۰ مربع جریب	=	ایک ایکڑ
۶۴۰ ایکڑ	=	ایک مربع میل
$30\frac{1}{4}$ مربع گز	=	ایک مربع پول
۴۰ مربع پول	=	ایک روڈ
۴ روڈ	=	ایک ایکڑ = ۲ بیگھہ

مندرجہ بالا جدول عملی طور پر کرائی جائے لڑکوں کو کھیتوں میں لے جا کر اُن سے سرساہیاں - مرلے اور کنالیں بنوائی جائیں - تاکہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

لڑکوں کو اچھی طرح ان کا تصوّر ہو جائے۔ سکول کے صحن میں مربع کرم۔ مرلہ کی شکل بنائی جائے۔ تاکہ لڑکے اندازاً معلوم کر سکیں کہ ایک سرساہی ایک کرم لمبی چوڑی ہوتی ہے۔ اور مرلہ ایسی ۹ سرساہیوں کا ہوتا ہے اس طرح وہ بغیر پیمائش کے مرلہ زمین کا اندازہ لگا لینگے +

مربع اور مستطیل کا رقبہ نکالنا

تختہ سیاہ پر ایک مستطیل شکل بناؤ۔ پوچھو کہ یہ کیسی شکل ہے۔ پھر اس کے طول اور عرض کو ماپو +



فرض کیا کہ طول 6 انچ اور عرض 4 انچ ہے۔ اب طول اور عرض کو ایک ایک انچ کے برابر تقسیم کرو۔ مقابل کے نشانوں کو ملاؤ جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔ پھر طلباء سے ان حصوں کو گنواؤ۔ اور پوچھو کہ کتنے حصے ہیں۔ 24 نکلوا کر پوچھو۔ کہ 6 خانے ہم نے کتنی بار

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

لئے ہیں۔ جب وہ چار بار بتائیں۔ تو پوچھو۔
کہ یہاں کونسا قاعدہ استعمال ہو سکتا ہے
لڑکے بتا دینگے۔ کہ ضرب کا قاعدہ۔ یعنی

$24 = 4 \times 6$

مثال۔ ایک میز کا تختہ 5 فٹ لمبا اور 4
فٹ چوڑا ہے۔ بتاؤ اُس پر کتنے مربع فٹ
لکڑی لگی ہوئی ہے۔ اس کے بھی مندرجہ بالا
طریق سے حصے کرو اور رقبہ عملی طور سے
نکلواؤ۔ پھر اصلی قاعدے کی طرف توجہ
دلاؤ۔ یعنی $5 \times 4 = 20$ مربع فٹ

قاعدہ طول × عرض = رقبہ

طول = رقبہ ÷ عرض

عرض = رقبہ ÷ طول

مثال ۲۔ ایک کمرے کا طول 24 فٹ اور
عرض 15 فٹ ہے۔ اُس کے فرش کا رقبہ
بتاؤ۔

حل۔ کمرے کا طول = 24 فٹ

کمرے کا عرض = 15 فٹ

کمرے کا رقبہ = طول × عرض = رقبہ

$24 \times 15 = 360$ مربع فٹ

$40 =$ مربع گز جواب

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مثال ۲ = ایک دیوار ۱۰ گز ۲ فٹ لمبی اور ۵ گز اونچی ہے۔ اُس کے اوپر ایک طرف سفیدی کرانے کا خرچ ۲ رُپے فی مربع فٹ کے حساب سے کیا ہوگا +

حل دیوار کا طول = ۳ × ۱۰ گز = ۳۰ فٹ + ۲ فٹ = ۳۲ فٹ

" عرض = ۳ × ۵ = ۱۵ فٹ

" رقبہ = ۱۵ × ۳۲ = ۴۸۰ مربع فٹ

ایک مربع فٹ جگہ پر سفیدی

کرانے کا خرچ = ۲ آنے

" " " ۴۸۰ = ۲ × ۴۸۰ = ۹۶۰ آنے یا ۶۰ روپے

جواب = ۶۰ روپے

مثال نمبر 3. میرے کوٹ پر ۱۰ گرہ عرض کا کپڑا ۴ گز لگتا ہے۔ بتاؤ ۸ گرہ عرض کا کپڑا کتنے گز لگیگا ؟

حل = پہلی صورت میں کپڑے کی لمبائی = ۴ گز یا ۶۴ گرہ

" کا عرض = ۱۰ گرہ

" رقبہ = ۱۰ × ۶۴ = ۶۴۰ مربع گرہ

دوسری صورت میں کپڑے کا رقبہ = ۶۴۰ مربع گرہ

" عرض = ۸ گرہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دوسری صورت میں کپڑے کا طول یا لمبائی = رقبہ ÷ عرض
= طول = 640 ÷ 8 = 80 گرہ یا
جواب = 5 گز

مثال نمبر 4 - ایک مربع کھیت 10 کرم لمبا ہے اُس کے ارد گرد تار لگوانے کا خرچ 3 رُپے کرم کے حساب سے دریافت کرو +

حل - چونکہ مربع کے چاروں ضلعے برابر ہوتے ہیں - اور تار اُس کے چاروں ضلعوں پر لگوانی ہے - اس لئے چاروں ضلعوں کا مجموعہ یا وہ جگہ جہاں تار لگوانی ہے
40 کرم = 4 × 10
ایک کرم جگہ پر تار لگوانے کی لاگت = 3 رُ
40 کرم " " " = 3 × 40
= 120 آنے یا 8 آنے 7 روپے
جواب = 7 روپے 8 رُ

مثال نمبر 5 ایک مستطیل شکل کا کھیت 50 گز 2 فٹ لمبا اور 32 گز 2 فٹ چوڑا ہے - اُس کے باہر چاروں طرف 3 فٹ چوڑی پٹڑی بنائی گئی ہے - اگر پٹڑی بنوانے کا خرچ 2 پیسے فی مربع فٹ ہو - تو لاگت معلوم کرو +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حل - چونکہ پٹڑی چاروں طرف بنی ہوئی ہے
اس لئے دونوں طرف سے تین تین فٹ
طول میں اور عرض میں بڑھائے گئے ہیں۔
یعنی 6 فٹ طول میں اور 6 فٹ عرض میں
زیادہ کئے +



کھیت اور پٹڑی کا طول = 152 فٹ + 6 = 158 فٹ

" " عرض = 98 + 6 = 104 فٹ

" " رقبہ = 158 × 104 = 16432 مربع فٹ

کھیت کا طول = 152 فٹ

" عرض = 98 فٹ

" رقبہ = 152 × 98 = 14896 مربع فٹ

پٹڑی کا رقبہ = 16432 - 14896

= 1536 مربع فٹ

پٹڑی بنوانے کی لاگت = 1536 × 2 = 3072 پیسے یا

768 آنے یا 48 روپے جواب

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مثال نمبر 6 ایک باغ 160 گز لمبا اور 132 گز چوڑا اُس کے بیچ میں چوسر کی 6 فٹ چوڑی سڑکیں بنی ہوئی ہیں۔ اُن کا رقبہ دریافت کرو اور بتاؤ کہ 4 آنے فی مربع گز کے حساب کنکر بچھانے میں کیا خرچ ہوگا؟



حل۔ طولانی سڑک کا طول = 160 گز

" " عرض = 2 گز

" " رقبہ = 2 × 160 = 320 مربع گز

عرض والی سڑک کا طول = 132 گز

" " " عرض = 2 گز

" " " رقبہ = 2 × 132 = 264 مربع گز

اب چونکہ ا۔ ب ج د مربع کا رقبہ اِن سڑکوں میں دو دفعہ آ چکا ہے۔ جس کا ہر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک ضلع 6 فٹ یا 2 گز ہے۔ اس لئے
اس کا رقبہ 2 × 2 = 4 مربع گز ایک سڑک
کے رقبہ سے منہا کیا جائیگا +
پس دونوں سڑکوں کا رقبہ = 4 - 264 + 320 =
= 580 مربع گز
سڑک پر کنکر بچھانے کی لاگت = 4 × 580
= 2320 آنے یا 145 روپے
جواب = 145 روپے

زبانی سوالات نمبر 11

1 میز کے تختے کا طول 5 فٹ اور عرض 4
فٹ ہے اُس کی سطح کا رقبہ بتاؤ +
2 ایک سلیٹ 9 انچ لمبی اور 6 انچ چوڑی
ہے۔ بتاؤ اُس پر کتنے مربع انچ پتھر
لگا ہوا ہے +
3 ایک کھیت 20 گز لمبا اور 9 گز چوڑا
ہے۔ اُس کے اندر کتنی کنال زمین ہے؟
4 ایک کھیت 15 گز لمبا اور 6 گز چوڑا
ہے۔ بتاؤ اُس میں کتنی سرسایاں ہونگی؟
5 ایک کمرہ 20 فٹ لمبا اور 12 فٹ چوڑا ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اُس کے فرش کا رقبہ بتاؤ +

6 ایک مکان 15 ہاتھ لمبا اور 9 ہاتھ چوڑا ہے۔ اُس کے چھت کا رقبہ معلوم کرو +

7 ایک کھیت 24 کرم لمبا اور 18 کرم چوڑا ہے۔ بتاؤ اُس میں مرلہ مرلہ کی کتنی کیاریاں بنا سکتے ہیں ؟

8 ایک کھیت 24 کرم لمبا اور 9 کرم چوڑا ہے۔ بتاؤ اُس میں کنال کی کتنی اور باقی مرلہ کی کتنی کیاریاں بنیں گی ؟

9 ایک دری 30 گز لمبی اور 20 گز چوڑی ہے اگر دری کا نرخ 8 مربع گز ہو تو بتاؤ دری پر کیا خرچ ہوگا ؟

10 ایک کمرہ 20 گز لمبا اور 16 فٹ چوڑا ہے بتاؤ اس کے چھت پر 2 فٹ لمبی اور ایک فٹ چوڑی پتھر کی سلیں کتنی خرچ ہونگی ؟

11 ایک دری 96 مربع فٹ جگہ پر بچھ سکتی ہے۔ اگر اُس کا عرض 6 فٹ ہو تو بتاؤ دری کتنی لمبی ہے ؟

12 ایک کھیت کا رقبہ 2 کنال ہے۔ اگر اُس کا عرض 18 کرم ہو تو طول بتاؤ +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

13 ایک کھیت کا رقبہ 16 مربعے چھ سرسا ہاں ہیں۔ اگر طول 15 کرم ہو تو عرض بتاؤ۔

14 ایک دیوار کا رقبہ 640 مربع فٹ ہے۔ اُس کے اوپر 2 فٹ چوڑا کاغذ کتنا لگے گا؟

15 ایک دیوار 10 گز لمبی اور 5 فٹ اونچی۔ اس دیوار پر کپڑا منڈھنا ہے۔ بتاؤ 2 فٹ چوڑا کپڑا کتنا لگے گا؟

16 ایک مربع کا ضلع 15 فٹ ہے۔ اُس کا رقبہ بتاؤ۔

17 ایک مربع کھیت کا ایک ضلع 20 کرم ہے۔ اُس کے اِرد گِرد بار لگانے کا خرچ 2 پیسے فی کرم کے حساب معلوم کرو۔

18 ایک کمرہ 30 فٹ لمبا 20 فٹ چوڑا ہے۔ بتاؤ اُس کے فرش پر 2 فٹ چوڑا ٹاٹ کتنا لمبا لگے گا

19 ایک کھیت 20 کرم لمبا اور 15 کرم چوڑا ہے۔ اُس کے چاروں طرف دو دو کرم کے فاصلے پر درختوں کی قطار لگائی گئی ہے۔ درختوں کی تعداد بتاؤ۔

20 سوال 19 میں اگر درختوں کی لگوائی بحساب 5 درخت فی روپیہ ہو تو بتاؤ کس قدر رقم خرچ ہوگی۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تحریری سوالات نمبر 12

1 5 بیگھے 2 کنال 15 مرلے کی سرساہیاں بناؤ +
2 2 گھماں ایک بیگھہ 5 کنال 13 مرلے کے مربع کرم معلوم کرو
3 48 بیگھہ ایک کنال 8 مرلے کے مرلے بناؤ +
4 ایک گھماؤں 2 کنال 19 مرلے 8 مربع کرم کی کتنی سرساہیاں ہوتی ہیں؟
5 14 مربع جریب میں کتنے مربع گز ہوتے ہیں؟
6 940 مربع جریب میں کتنے ایکڑ زمین ہوگی؟
7 5 ایکڑ 3 روڈ کے پول بناؤ +
8 484 مربع گز کے پول بناؤ +
9 9 ایکڑ 2 روڈ 38 پول 121 مربع گز کے مربع گز بناؤ +
10 3200 ایکڑ کے مربع میل بناؤ +
11 60 بیگھے ایک کنال 13 مرلے کے مرلے بناؤ +
12 6840 مربع کرم کے مرلے بناؤ +
13 90990 سرساہیوں کے بیگھے کنالیں مرلے بناؤ +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

14 5840 مربعوں کے بیگھے کنالیں وغیرہ بناؤ +

15 5832 مربع کرموں کے بیگھے کنالیں وغیرہ بناؤ +

16 ایک زمیندار کے پاس 5 بیگھے 2 کنال 10 مرلے زمین تھی بتاؤ کہ 4 مرلہ کی کتنی کیاریاں بنیں گی ؟

17 ایک زمیندار کے پاس 8 بیگھے 1 کنال 10 مرلے زمین ہے۔ اُس میں اُس نے سرسوں بوئی ہوئی ہے۔ اگر فی مرلہ ایک چھٹانک بیج پڑے تو بتاؤ اُس کھیت میں کتنے کا بیج پڑے گا جبکہ سرسوں کا بھاؤ 4 آنے سیر ہو +

18 ایک کھیت کا رقبہ 50 بیگھے 2 کنال 14 مرلے ہے اگر اُس کھیت میں گندم بوئی ہوئی ہو۔ تو بتاؤ 8 سیر فی مرلہ کے حساب سے کتنے من گندم پیدا ہوگی ؟

19 ایک شخص کے پاس 5 مربع زمین ہے۔ اس نے اسے چار حصّوں میں تقسیم کیا۔ پھر ایک حصّے کے نصف میں گندم اور کپاس بوئی بتاؤ کہ گندم اور کپاس کتنی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کنال ہیں ہے +

20 ایک کھیت کا رقبہ 40 بیگھہ ہے۔ اُس میں باجرہ بویا ہؤا ہے۔ اگر باجرہ 5 من فی کنال پیدا ہو۔ تو بتاؤ اُس کھیت میں کتنے کا باجرا پیدا ہو جبکہ باجرہ 20 سیر فی روپیہ ہو +

ذیل کے مستطیل کھیتوں کے رقبے معلوم کرو :-

21 40 کرم لمبا اور 27 کرم چوڑا +

22 طول 96 کرم اور عرض 60 کرم +

23 " 72 " " " 54 " +

24 " 112 " " " 90 " +

25 " 120 " " " 82 " +

26 " 210 " " " 112 " +

27 " 225 " " " 180 " +

28 " 310 " " " 150 " +

29 " 220 " " " 118 " +

30 " 1520 " " " 110 " +

رقبہ ایکڑوں میں معلوم کرو +

31 طول 515 گز اور عرض 314 گز +

32 " 640 " " " 220 " +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

رقبہ ایکڑوں پولوں وغیرہ میں دریافت کرو:-

33 کھیت کا طول 7½ گز اور عرض 4½ گز +

34 " " 606 " " 210 " +

35 " " 848 " " 520 " +

36 ایک کمرہ 8 گز 2 فٹ لمبا 15 فٹ چوڑا ہے اس کے فرش کا رقبہ بتاؤ

37 ایک کمرہ 10 گز 2 فٹ لمبا اور 5 گز ایک فٹ چوڑا ہے اُس کے فرش کا رقبہ کیا ہوگا؟

38 ایک کمرہ 25 فٹ لمبا اور 4 گز 2 فٹ چوڑا ہے اُس کے چھت کا رقبہ کیا ہوگا؟

39 ایک باغیچہ 210 گز لمبا اور 80 گز چوڑا ہے۔ اُس کا رقبہ معلوم کرو +

40 ایک کھیت 540 گز لمبا اور 140 گز چوڑا ہے اُس کا رقبہ معلوم کرو +

41 ایک باغ مستطیل شکل کا ہے - جس کا طول 110 گز اور عرض 90 گز ہے - اُس کے گردا گرد کتنی لمبی تار لگیگی؟

42 ایک کھیت مربع شکل کا ہے - جس کا ہر ایک ضلع 40 گز ہے - اُس کے گرد چاروں طرف چار چار گز کے فاصلے پر کتنے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

درخت لگیں گے ؟

43 ایک باغ مربع شکل کا ہے جس کا ہر ایک ضلع 80 کرم ہے تو بتاؤ کہ اس کے چاروں طرف کتنی لمبی لوہے کی باڑ لگیگی ؟

44 ایک کھیت 80 کرم لمبا اور 60 کرم چوڑا ہے - اس میں قطار در قطار درخت ایک ایک کرم کے فاصلے پر لگوائے گئے - بتاؤ کہ کتنے درخت لگے ؟

45 ایک باغ 120 گز لمبا اور 80 گز چوڑا ہے - اس میں چار چار گز کے فاصلے پر قطار در قطار اناروں کے درخت لگوائے گئے ہیں بتاؤ کہ باغ میں کس قدر اناروں کے درخت ہیں ؟

46 ایک کھیت کا طول عرض سے دُگنا ہے - اگر عرض 55 کرم ہو تو رقبہ کیا ہوگا ؟

47 ایک کھیت کا طول عرض سے لگنا ہے - اس کا عرض 40 کرم ہے اس کا رقبہ بتاؤ ؟

48 ایک کھیت کا عرض طول سے نصف ہے اگر طول 124 کرم ہو تو رقبہ کنالوں وغیرہ میں دریافت کرو ؟

49 ایک کھیت کا عرض طول کے ایک تہائی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہے اگر طول 420 گز ہو تو رقبہ معلوم کرو +

50 ایک کھیت کا طول عرض سے 15 گز زیادہ ہے - اس کا رقبہ کیا ہوگا - جب کہ عرض 65 گز ہو +

51 ایک مربع شکل کے کھیت کا ہر ایک ضلع 90 گز ہے اس کا رقبہ کنالوں میں دریافت کرو +

52 ایک مربع شکل کے کھیت کا ہر ایک ضلع 880 گز ہے - اس کا رقبہ ایکڑوں وغیرہ میں معلوم کرو +

53 ایک کمرہ 48 فٹ لمبا اور 24 فٹ چوڑا ہے - بتاؤ کہ اس میں کتنی اینٹیں لگیں گی جبکہ ایک مربع فٹ جگہ میں 2 اینٹیں لگیں +

54 ایک مستطیل شکل کا کھیت 80 گز لمبا اور 54 گز چوڑا ہے - اس میں گندم بوئی ہوئی ہے - اگر فی مرلہ 10 سیر گندم پیدا ہو - تو بتاؤ کل کھیت میں کتنے من گندم پیدا ہوگی ؟

55 ایک مستطیل شکل کا کھیت 210 گز لمبا اور 153 گز چوڑا ہے - اس کھیت میں کپاس

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بوئی ہوئی ہے اگر فی مرلہ ۱۵ سیر کپاس ہو
تو بتاؤ کل کھیت میں کتنے من کپاس پیدا
ہوگی ؟

56 ایک کمرے کا طول ۸۰ فٹ اور عرض ۴۸
فٹ ہے۔ اس کے فرش پر پلستر کرانے
کا خرچ ۳ر فی مربع فٹ کے حساب سے
کیا ہوگا ؟

57 ایک دیوار ۱۵ گز ۲ فٹ لمبی اور ۱۶ فٹ
اونچی ہے۔ اس پر سفیدی کرانے کا کیا
خرچ ہوگا۔ جب کہ ایک مربع گز جگہ پر
۴ر خرچ ہوں +

58 ایک کھیت ۱۲۰ گز لمبا اور ۹۶ گز چوڑا
ہے۔ اس میں کھاد ڈالی گئی ہے۔ اگر فی
مرلہ ۲ بورے کھاد ڈالی جائے۔ تو بتاؤ
کتنے کی کھاد پڑیگی۔ جبکہ کھاد کا نرخ ۲ر
بورہ ہے +

59 ایک کھیت ۷۲۰ گز لمبا ہے اور ۱۸۹ گز
چوڑا ہے۔ اس کھیت میں ہل جتوانے
کا خرچ ۸ر فی کنال ہو تو تمام کھیت میں ہل
چلانے کا خرچ بتاؤ +

60 ایک کمرے کا فرش ۴۸ فٹ لمبا اور ۲۰

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فٹ چوڑا ہے۔ اس کے فرش پر ۹ انچ
لمبی اور 6 انچ چوڑی اینٹیں کتنی لگینگی؟
61 ایک کمرہ 37 فٹ 6 انچ لمبا اور 25 فٹ
چوڑا ہے اُس کے فرش پر ٹیل کی اینٹیں
کس قدر لگیں گی جبکہ اینٹ ایک فٹ
لمبی اور ۹ انچ چوڑی ہو ؛
62 ایک کمرہ 64 فٹ لمبا اور 24 فٹ چوڑا
اس کے چھت پر ایک فٹ لمبی 8 انچ
چوڑی اینٹیں کتنی درکار ہوں گی ؟
63 ایک چبوترہ 20 فٹ 6 انچ لمبا اور 15
فٹ 4 انچ چوڑا ہے۔ میں نے اُس کا
فرش بنوانا ہے۔ بتاؤ 8 انچ لمبی اور 6 انچ
چوڑی اینٹیں کتنی لگیگی ؟
64 ایک بازار 720 گز لمبا اور ۹ گز چوڑا ہے
اُس کا فرش پختہ کرایا گیا۔ بتاؤ اس کے
فرش پر 3 فٹ لمبی اور 2 فٹ چوڑی پتھر
کی سلیں کس قدر لگیں گی۔ اگر ۱۰ سلوں
کی قیمت 8 آنے ہو تو کل لاگت کیا آئیگی؟
65 ایک کھیت کا رقبہ 5 کنال 12 مرلے ہے۔
اگر اُس کا طول 63 کرم ہو۔ تو عرض
معلوم کرو ؛

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

66 ایک کھیت کا رقبہ 2 گھماؤں ایک بیگھہ
2 کنال ہے۔ اُس کا طول 198 کرم ہے
اُس کا عرض بتاؤ +

67 ایک کھیت کا رقبہ 6 ایکڑ ہے۔ اگر اُس
کا طول 180 کرم ہو تو عرض دریافت کرو +

68 ایک کمرے کا رقبہ 720 مربع فٹ ہے۔
اس کا طول 48 فٹ ہے۔ عرض معلوم
کرو +

69 ایک کھیت کا رقبہ 45 مربع جریب ہے اگر
اُس کا عرض 121 گز ہو تو طول کیا ہوگا؟

70 ایک نالی جس کا رقبہ 420 مربع فٹ ہے۔
اُس کا طول 70 فٹ ہے بتاؤ میں نالی
کتنی چوڑی رکھ سکتا ہوں +

71 ایک کمرے کا رقبہ 97 مربع گز 7 مربع فٹ
اگر اُس کا عرض 22 فٹ ہو۔ تو طول
بتاؤ +

72 ایک مستطیل شکل کا کھیت 8 گھماؤں
ایک بیگھہ 1 کنال ہے اُس کا عرض 180
کرم ہے طول بتاؤ +

73 ایک کمرے کا طول 46 فٹ اور عرض
20 فٹ ہے۔ اُس کے فرش پر 5 فٹ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

چوڑی دری کتنی لگیگی ؟

74 ایک دیوار 30 فٹ لمبی اور 15 فٹ اونچی ہے۔ اُس کے اوپر 6 فٹ چوڑا کپڑا کتنے گز لگیگا ؟

75 میری چارپائی 6 فٹ لمبی اور 4 فٹ چوڑی ہے بتاؤ 6 انچ چوڑی نیوار اُس میں کتنے گز لگے گی ؟

76 ایک دیوار 210 گز لمبی اور 18 فٹ اُونچی ہے اُس کے اوپر 2 فٹ عرض کا کاغذ کتنے کا لگے گا جبکہ 6 گز کاغذ 4 آنے میں آئے۔

77 ایک کمرے کا فرش 10 گز 2 فٹ لمبا اور 5 گز ایک فٹ چوڑا ہے۔ اُس کے فرش پر 8 فٹ چوڑی دری کتنے کی لگیگی۔ جبکہ دری کا نرخ 4 روپے گز ہو ؟

78 ایک کمرے کا فرش 16 گز 2 فٹ اور عرض 13 گز 1 فٹ ہے۔ اُس میں 5 فٹ چوڑے ٹاٹ کتنے گز بچھیں گے۔ اگر ٹاٹ کی قیمت 8 ر گز ہو تو بتاؤ کہ کتنی لاگت ہوگی ؟

79 میں 126 کرم لمبا اور 112 کرم چوڑا کھیت دے کر اُس کے عوض 252 کرم لمبا کھیت لینا چاہتا ہوں۔ بتاؤ اُس کی چوڑائی کس قدر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پایوں کہ میرا حساب پورا ہو جائے ؛

80 ایک شخص نے 325 کرم لمبا اور 219 کرم چوڑا کھیت دے کر اُس کے عوض 150 کرم چوڑا کھیت لیا۔ بتاؤ اُس کی لمبائی کس قدر ہوگی ؟

81 ایک زمیندار کے پاس 432 کرم لمبا اور 180 کرم چوڑا کھیت تھا اُس میں سے اُس نے 8 بیگھے 2 کنال کھیت بیچ دیا۔ اور باقی کھیت کا تبادلہ کیا۔ جس کے بدلے 120 کرم چوڑا کھیت لیا۔ اُس کی لمبائی بتاؤ کہ میرا حساب دُرست ہو جائے ؛

82 کچھ زمین جس کا رقبہ 50 بیگھہ 2 کنال 10 مرلے تھا دو بھائیوں میں نصف و نصف بانٹی گئی۔ جو زمین چھوٹے بھائی کو ملی اُس کا طول 123 کرم تھا۔ بتاؤ اُس کا عرض کیا رکھا جائے۔ تاکہ اُس کے حصے میں پوری زمین آئے ؛

83 میرے کوٹ پر 20 گرہ عرض کا کپڑا 3 گز لگتا ہے۔ بتاؤ 16 گرہ عرض کا کپڑا کتنے گز لگیگا ؟

84 میں نے ایک شخص سے 10 گرہ عرض کی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

چادر 8 گز لی۔ اور اُس کے عوض 15 گرہ عرض کی چادر دینے کا وعدہ کیا۔ بتاؤ اُسے کتنے گز دوں کہ مجھے نقصان نہ ہو جبکہ کپڑا ایک ہی قسم کا ہو؟

85 میرے سوٹ پر 15 گرہ عرض کا کپڑا 12 گز خرچ ہوتا ہے۔ بتاؤ کہ 20 گرہ عرض کا کپڑا کتنا خرچ ہوگا؟

86 میری چارپائی 6 فٹ 6 انچ لمبی اور 3 فٹ 4 انچ چوڑی ہے۔ میں اُسے بنوار سے بنوانا چاہتا ہوں۔ بتاؤ 5 انچ چوڑی بنوار کتنے کی لگیگی۔ جبکہ بنوار کا بھاؤ 3 آنے گز ہو؟

87 ایک کھیت جس کا رقبہ 6 کنال 8 مرلے ہے۔ اِس کے اِرد گرد باڑ لگوائی گئی ہے اگر باڑ کا خرچ ایک آنہ فی کرم کے حساب کیا ہوگا۔ جبکہ عرض 16 کرم ہو؟

88 ایک کھیت کا رقبہ 52 بیگھہ 2 کنال ہے اُس کے چاروں طرف چار چار کرم کے فاصلے پر شیشم کے درخت لگوائے گئے بتاؤ۔ کتنے درخت لگیں گے۔ اور 2 آنے فی درخت کے حساب لگوائی پر کیا خرچ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

آئیگا۔ جبکہ کھیت کا عرض ۱۰۵ کرم ہو ؟

89 ایک کھیت مربع شکل ہے۔ جس کا ہر ضلع ۸۰ کرم کا ہے۔ اُس کا مالک اُس کھیت کے عوض مستطیل شکل کا باغ لینا چاہتا ہے۔ جس کا طول ۱۶۰ کرم ہے اُس کا عرض کیا رکھا جائے کہ اُسے کسی قسم کا نقصان نہ ہو ؟

90 ایک کھیت ۴۱۰ گز لمبا اور ۲۱۵ گز چوڑا ہے اُس کے گردا گرد اندر کی طرف ۳ فٹ چوڑی پٹڑی بنائی گئی ہے۔ باقی کھیت کا رقبہ معلوم کرو ؛

91 ایک مربع شکل کے کھیت کا ایک ضلع ۱۵۰ کرم ہے۔ اُس کے چاروں طرف ایک کرم چوڑی نالی اندر کی طرف کھودی گئی ہے بتاؤ باقی کھیت کس قدر رہ گیا ؛

92 ایک کھیت ۲۴۰ کرم لمبا اور ۱۲۱ کرم چوڑا ہے۔ اُس کے ارد گرد اندر کی طرف ۲ کرم چوڑا راستہ بنایا گیا ہے۔ اگر باقی کھیت میں چری بوئی ہوئی ہو تو بتاؤ ۸ر آنے مرلہ کے حساب کتنے کی چری ہوگی ؟

93 ایک کھیت کا طول ۵۴۶ کرم اور عرض

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

321 کرم ہے۔ اس کے اندر چاروں طرف 3 کرم چوڑی خندق کھودی گئی ہے۔ اگر باقی کھیت میں گندم بوئی ہوئی ہو۔ اور فی کنال 5 من گندم پیدا ہو تو بتاؤ کتنے کی گندم پیدا ہوگی۔ جبکہ گندم کا نرخ 2 روپے من ہو +

94 ایک باغ 120 گز لمبا اور 80 گز چوڑا ہے۔ اُس کے اندر چاروں طرف 4 فٹ چوڑا راستہ چھوڑا گیا راستے کا رقبہ کیا ہوگا؟

95 ایک باغ 309 گز لمبا اور 219 گز چوڑا ہے اُس کے اندر چاروں طرف ½ فٹ چوڑی نالی بنوائی گئی ہے۔ اگر نالی کی بنوائی 2 پیسے فی مربع گز ہو تو کتنی رقم خرچ ہوگی؟

96 ایک کھیت 210 کرم لمبا اور 110 کرم چوڑا ہے اُس کے گرداگرد اندر کی طرف 5 کرم چوڑی جگہ چھوڑی گئی بتاؤ کتنی چھوڑ دی گئی؟

97 ایک کھیت 78 کرم لمبا اور 45 کرم چوڑا ہے اُس کے چاروں طرف باہر سے 2 کرم چوڑا راستہ گزرتا ہے۔ راستے کا رقبہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

معلوم کرو ؛

98 ایک باغیچہ 140 گز لمبا اور 80 گز چوڑا ہے اُس کے گرد 5 گز چوڑی نالی کھودی گئی نالی باہر والے کنارے پر تار لگوانے کا خرچ 2 آنے فی گز کے حساب دریافت کرو ؛

99 ایک مربع شکل کا کھیت 220 گز لمبا ہے اُس کے ارد گرد 4 گز چوڑا راستہ بنایا گیا۔ اگر راستے کے دونوں کناروں پر تار لگوائی جائے تو کتنے کی تار لگے گی۔ جبکہ تار کا نرخ 3 آنے فی گز ہو؟

100 ایک کھیت 132 گز لمبا اور 90 گز چوڑا ہے اُس کے چاروں طرف 3 گز چوڑا راستہ بنایا گیا ہے۔ راستے کا رقبہ بناؤ اور اُس راستے پر گھاس لگوایا جائے تو 2 پیسے فی سرساہی کے حساب کیا خرچ ہوگا؟

101 ایک تختہ 3 گز 2 فٹ لمبا اور 2 گز 2 فٹ چوڑا ہے۔ اُس کے چاروں طرف سے ڈیڑھ فٹ چوڑا ٹکڑا کاٹ دیا گیا بناؤ باقی کس قدر تختہ رہ گیا؟

102 ایک باغ 220 گز لمبا اور 112 گز چوڑا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہے۔ اُس کے گرد چاروں طرف تین تین فٹ چوڑا راستہ بنایا گیا ہے۔ اس راستہ کو پختہ کرانے کے لئے ۹ انچ لمبی اور 6 انچ چوڑی اینٹیں کس قدر درکار ہونگی +

103 ایک کمرہ میں 8 گز لمبی اور 15 فٹ چوڑی دری بچھائی گئی ہے۔ پھر دری کے گرد چاروں طرف 3 فٹ 6 انچ چوڑے ٹاٹ بچھائے گئے بتاؤ کہ ٹاٹوں نے کتنی جگہ گھیر لی ہے؟

104 ایک کھیت 120 گرم لمبا اور 80 گرم چوڑا ہے۔ اُس کے اندر کی طرف چاروں ضلعوں کے ساتھ آٹھ آٹھ گرم چوڑا کھیت بنایا گیا ہے۔ اس کھیت میں گھاس بوئی گئی ہے۔ اور باقی جوار۔ اگر جوار ۴ مرلہ اور کپاس ۱۰ آنے مرلہ کے حساب سے بیچی جائے۔ تو کل کس قدر رقم وصول ہوگی؟

105 ایک باغ 240 گز لمبا اور 120 گز چوڑا ہے۔ اس کے اندر دو سڑکیں جو صلیب بنی ہوئی ہیں۔ اُن دونوں سڑکوں کا رقبہ بتاؤ۔



CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جبکہ ہر ایک سڑک 6 فٹ چوڑی ہو؟

106 ایک کھیت 172 گز لمبا اور 100 گز چوڑا اُس کے اندر چوسرنما 3 گز چوڑی سڑکیں بنی ہوئی ہیں اُن سڑکوں کا رقبہ بتاؤ؟

107 ایک مربع شکل کا کھیت 410 گز لمبا ہے اُس کے اندر چوسرنما 4 گز چوڑی سڑکیں بنائی گئی ہیں۔ بتاؤ کہ مربع کھیت کا کتنا حصہ قابلِ کاشت ہے؟

108 ایک کھیت 320 گز لمبا اور 189 گز چوڑا ہے اس کے بیچوں بیچ چوسرنما 5 گز چوڑی سڑکیں بنائی گئی ہیں۔ بتاؤ کتنی جگہ کھیت میں کاشت کے لائق نہ رہی؟

109 ایک کھیت 224 گز لمبا اور 102 گز چوڑا ہے اُس کے اندر چوسرنما 2 گز چوڑی سڑکیں بنائی گئی ہیں۔ بتاؤ ڈیڑھ روپیہ فی سرساہی کے حساب کنکر بچھانے میں سڑک پر کیا خرچ آئیگا؟

110 ایک باغ 210 گز لمبا اور 120 گز چوڑا ہے۔ اُس کے اندر چوسرنما 5 فٹ چوڑی سڑکیں بنائی گئی ہیں۔ سڑکوں کو چھوڑ باقی جگہ پر گھاس لگوانے کا خرچ ایک

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پیسہ فی مربع فٹ کے حساب سے
دریافت کرو +

۱۱۱ ایک باغ جس کا طول 256 گز اور عرض
۱۲۵ گز ہے اُس کے گرد اندر کی طرف
3 فٹ چوڑی پٹڑی اور بیچ میں چوسرنما
سڑکیں بنائی گئی ہیں۔ اِن سڑکوں کے
علاوہ جو جگہ باقی رہ گئی ہے۔ اُس کا
رقبہ بتاؤ +

قدری پیمائش

زمین کو ماپنے کے لئے جریب اور کرم کا
استعمال کیا جاتا ہے۔ جو عام طور پر گاؤں
کے پٹواری کے پاس ہوتے ہیں جس قطعۂ
زمین کا اندازہ کرنا ہوتا ہے۔ پٹواری اُسے
جریبوں اور کرموں وغیرہ سے ماپ کر اندازہ
کر لیتے ہیں۔ لیکن جب کبھی زمینداروں کو
سرسری طور پر زمین کے تقسیم کرنے یا فصل
کا اندازہ یا چارہ کے فروخت کرنے اور خریدنے
کی ضرورت پڑتی ہے۔ تو وہ زمین کا رقبہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک اور طریقہ سے معلوم کرتے ہیں۔کیونکہ جریب اور کرم وقت بے وقت پٹواری سے اُنہیں نہیں مل سکتے۔اِس لئے اس تکلیف کو رفع کرنے کے لئے اُنہوں نے اپنے طور پر زمین کی پیمائش کرنے اور رقبہ نکالنے کا طریقہ رائج کیا ہے جو ذیل میں درج ہے +

عام طور پر دائیں اور بائیں قدم کے درمیانی فاصلہ کو قدم کہتے ہیں لیکن زمینداروں کی اصطلاح میں ایسے دو قدموں کے درمیانی فاصلہ کا نام قدم رکھا گیا ہے۔اس قدم کا فاصلہ کرم کے قریب ہوتا ہے۔لیکن جو زمیندار زمین کو قدموں سے ماپتے ہیں۔ان کا قدم عام طور پر کرم کے برابر ہوتا ہے۔اور وقت بے وقت اُنہیں بُلا کر زمین کی پیمائش کرا لیتے ہیں۔اس طرح قدم سے زمین ماپنے کو **قدمی پیمائش** کہتے ہیں +

گرداوری کے موقع پر خسرہ گرداوری پُر کرنے کے لئے پٹواریوں کو بھی قدمی پیمائش کی ضرورت پڑتی ہے +

قدمی پیمائش کے ذریعے ہم ہر قسم کے کھیتوں کا رقبہ معلوم کر سکتے ہیں۔خواہ اِن

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہیں مستطیل ہو یا مربع یا چوکونہ کھیت +

اگر مستطیل کھیت



کا رقبہ نکالنا ہو۔ تو اسی طریق سے نکالتے ہیں۔ اس کے طول اور عرض کو ماپ کر آپس میں ضرب دے دیتے ہیں فرض کیا کہ طول = 40 کرم اور عرض 20 کرم ہے تو رقبہ = 40 × 20 = 800 مربع کرم یا 8 مرلہ 8 سرساہی یا 4 کنال 8 مرلے 8 سرساہی اسی طرح مربع کا رقبہ بھی نکال سکتے ہیں +



لیکن چوکونے کھیت کا رقبہ جیسا کہ اوپر کی شکل میں ہے۔ جو نہ تو مربع ہو اور نہ مستطیل اس کا رقبہ اور طریقہ سے نکالتے ہیں جو ذیل میں لکھا جاتا ہے۔

ایک چھوٹے ضلعے کے درمیان مقام سے لے کر دوسرے چھوٹے ضلعے کے درمیان بیچ مقام فاصلہ ماپتے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہیں۔ یہ فاصلہ اُس کھیت کا طول سمجھا جاتا ہے۔ پھر بڑے ضلعے کے درمیان سے یعنی مقام اَ سے دوسرے بڑے ضلعے کے درمیان مقام بَ تک ناپتے ہیں۔ یہ اُس کھیت کا عرض ہوتا ہے۔ پھر اِن کو باہم ضرب دے کر رقبہ نکال لیتے ہیں +

فرض کہ درمیانی طول = 50 کرم اور درمیانی عرض = 30 کرم۔ رقبہ = 30 × 50

1500 سرساہیاں یا 166 مرلہ 6 سرساہیاں یا 8 کنال 6 مرلہ 6 سرساہیاں

اگر کھیت میں فصل بوئی ہوئی ہو۔ اور اس کے درمیان میں سے گزرنا مشکل ہو یا نقصان کا باعث ہو



تو اس موقع پر ایک اور طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ اُس کھیت کے چاروں ضلعوں کی الگ الگ پیمائش کی جاتی ہے۔ پھر آمنے سامنے کے طولانی ضلعوں کا مجموعہ لے کر اُس نصف لے لیا جاتا ہے۔ وہ طول ہوتا ہے۔ پھر مقابل کے عرض والے ضلعوں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کا مجموعہ لے کر اُن کا نصف کر لیتے ہیں۔ وہ عرض ہو جاتا ہے۔ مثلاً سامنے کی شکل میں

طولانی ضلعوں کے مجموعے کا نصف

$= 25 + 15 = 40 \div 2 = 20$ کرم

عرض والے ضلعوں کے مجموعے کا نصف

$= 12 + 6 = 18 \div 2 = 9$ کرم

چوکونے کھیت کا رقبہ $= 9 \times 20 = 180$ مربع کرم یا 20 مرلے یا ایک کنال

نوٹ۔ اگر کھیت بڑا ہو اور اُس کا ایک چوکونہ کھیت نہ بن سکے۔ تو اُسے



مختلف چوکونے کھیتوں میں تقسیم کر لیا جاتا ہے۔ پھر ہر ایک حصہ کا الگ الگ رقبہ نکال کر جمع کر لیا جاتا ہے۔

مثال ۱ ایک چوکونے کھیت کے طول کے طول کے ضلعے 83 ، 77 کرم ہیں۔ اور عرض کے ضلعے 50 ، 40 کرم اُس کا رقبہ نکالو۔

طولانی ضلعوں کے مجموعے کا نصف $= 83 + 77 =$

$160 \div 2 = 80$ کرم

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

عرض والے ضلعوں کے مجموعے کا نصف

۴۵ = ۲ ÷ ۹۰ = ۴۰ + ۵۰ =

چوکونے کھیت کا رقبہ = ۴۵ × ۸۰ = ۳۶۰۰ سرسا ہیاں

یا ۴۰۰ مرلے ۲۰ کنال یا ۵ بیگھے

نوٹ - زمیندار لوگ عام طور پر اَن پڑھ ہوتے ہیں - وہ اتنی بھی ضرب اور تقسیم نہیں دے سکتے - وہ ضلعوں کی پہلے سے جانچ کر لیتے ہیں - کہ کیا اِن میں سے کونسا ایک ضلع ۹ پر بانٹا جا سکتا ہے - یہ دونو طولانی و عرض والے ضلعوں کے مجموعے کا نصف تین تین پر تقسیم ہو سکتا ہے - اگر پورے پورے تقسیم ہو جائیں تو خارج قسمت کو باہم ضرب دے کر مرلے بنا لیتے ہیں - پھر اس بات کا خیال کرتے ہیں - کہ ان میں سے کونسے ضلعوں کے مجموعہ کا نصف ۲۰ پر بانٹا جا سکتا ہے - اس طرح ۹ اور ۲۰ پر بانٹ کر انہیں ضرب دے دیتے ہیں - وہ کنالیں بن جاتی ہیں - اگر وہ تین تین پر تقسیم نہ ہو سکیں - تو اس طرح کرتے ہیں - کہ ضلعوں کو تین پر تقسیم کرتے ہیں - جو باقی بچتا ہے اُن کو اس طرح حل کرتے ہیں -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کہ جو طول سے باقی بچے اُسے عرض کے ضلعے کی لمبائی سے ضرب دیتے ہیں۔ اور جو عرض سے باقی بچتا ہے۔ اُسے طولانی ضلعوں کے نصف میں سے نکال کر باقی سے ضرب دے کر اُنہیں باہم جمع کر لیتے ہیں۔ یہ سرساہیاں ہوتی ہیں۔ پھر اس کے مرلے بنا کر پہلے مرلوں میں جمع کر لیتے ہیں +

فرض کیا کہ کھیت



کے طولانی ضلعوں کا 18 کرم

نصف = 20 کرم

عرض والے ضلعوں کا

نصف = 16 کرم

اب چونکہ 20 اور 16 تین پر پورے پورے تقسیم نہیں ہو سکتے۔ اس لئے اسے مندرجہ بالا طریق کی طرح حل کیا جاتا ہے۔ 20 ÷ 3 = 6 باقی 2 اور 16 ÷ 3 = 5 باقی 1

6 × 5 = 30 مرلے اب طولانی۔ باقی کو عرض کے ضلعے سے ضرب دی تو 16 × 2 = 32

اب عرض والی باقی کو 20 - 2 = 18 سے ضرب دی تو 18 آئے جمع کیا 32 + 18 = 50 سرساہیاں

50 ÷ 9 = 5 مرلے 5 سرساہیاں پس کل کھیت

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۳۵ = ۵ + ۳۰ مرلے ۵ سرساہیاں ÷

مثال ۲ ایک چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی ۸۶ ، ۳۶ کرم ہیں رقبہ معلوم کرو ÷

چوکونے کھیت کا طول وسطی = ۸۶ کرم

" " عرض " = ۳۶ کرم

" " رقبہ " = ۳۶ × ۸۶ =

۳۰۹۶ مربع کرم

۳۰۹۶ ÷ ۹ = ۳۴۴ مرلے ۲۰ ÷ ۳۴۴ = ۱۷ کنال

۴ مرلے یا ۴ بیگھہ ۱ کنال ۴ مرلے

مثال ۳ ایک چوکونے کھیت کے طول کے اضلاع ۷۵ ، ۶۹ کرم ہیں اور عرض کے ضلعے ۳۶ ، ۴۴ کرم ہیں۔ اس کھیت میں گندم بوئی گئی ہے۔ اگر گندم کا بیج فی کنال ۴ سیر ڈالا جائے۔ تو بتاؤ کتنے کی گندم پڑیگی۔ جبکہ گندم کا بھاؤ ۱۶ سیر فی روپیہ ہو ÷

طولانی ضلعوں کے مجموعے کا نصف = ۶۹ + ۷۵ =

۱۴۴ ÷ ۲ = ۷۲ کرم

عرض والے " " " " = ۴۴ + ۳۶ =

۸۰ ÷ ۲ = ۴۰ کرم

رقبہ = ۷۲ × ۴۰ = ۲۸۸۰ مربع کرم یا ۳۲۰ مرلے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

16 کنال

ایک کنال میں جس قدر بیج ڈالا گیا = 4 سیر

16 " " " " = 4×16 = 64 سیر

16 سیر گندم کی قیمت = ایک روپیہ

64 " " = 4 روپے

جواب = 4 روپے

زبانی سوالات نمبر 13

1 چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی 20 و 18 کرم ہیں رقبہ کنالوں میں بتاؤ +

2 چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی 60 و 72 کرم ہیں رقبہ بیگھوں میں دریافت کرو +

3 چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی 54 و 40 کرم ہیں رقبہ مرلوں میں دریافت کرو +

4 ایک چوکونے کھیت کے طولانی اضلاع 36 و 44 کرم اور عرض کے ضلعے 32 و 22 کرم ہیں۔ رقبہ کنالوں میں دریافت کرو +

5 ایک چوکونے کھیت کے اضلاع 49 و

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

41 گرم اور 30 ، 30 گرم ہیں۔ رقبہ مربوں
میں معلوم کرو

6 ایک چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی
40 ، 36 گرم ہیں رقبہ معلوم کرو +

7 ایک چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی
60 ، 45 گرم ہیں اُس کھیت میں چری
بوئی ہوئی ہے۔ اگر چری کا بھاو 5 روپے
کنال ہو۔ تو بتاؤ کل کھیت میں کتنے
کی چری ہے +

8 ایک چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی
54 ، 30 گرم ہیں اُس کھیت میں چنے
بونے ہیں۔ اگر چنوں کا بیج 15 سیر فی بیگھہ
پڑتا ہو۔ تو بتاؤ اُس کھیت میں کتنے
سیر بیج پڑے گا؟

9 ایک چوکونے کھیت کے طول کے ضلعے
66 ، 60 گرم اور عرض کے ضلعے 48
، 32 گرم ہیں۔ اگر وہ کھیت دو آدمیوں
میں نصف نصف بانٹا جائے۔ تو ہر ایک
کے حصے میں کتنی کنال زمین آئیگی؟

10 ایک چوکونے کھیت کے طول کے ضلعے
83 ، 79 گرم ہیں اور عرض کے 18 ،

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

22 کرم ہیں اگر اُس کھیت کے ایک
تہائی حصّہ میں گاجریں بوئی ہوئی ہوں۔
اور گاجریں 12 روپے کنال کے حساب
فروخت ہوں تو گاجروں کی قیمت بتاؤ۔

11 ایک چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی
27 و 20 کرم ہیں۔ اُس کے نصف حصّہ
میں کماد اور نصف حصّہ میں آلو لگائے
گئے ہوں۔ کماد 2 روپے مرلہ اور آلو ڈیڑھ
روپیہ مرلہ کے حساب بیچے گئے۔ بتاؤ
کل کتنی رقم وصول ہوئی۔

12 ایک چوکونے کھیت کے طول کے
ضلعے 79 و 83 کرم اور عرض کے 18
و 22 کرم ہیں اُس کے تہائی حصہ میں
شلغم بوئے ہوئے ہیں۔ اگر شلغم کا بھاؤ
16 روپے کنال ہو تو بتاؤ کہ کتنے کے
شلغم پیدا ہونگے؟

13 ایک چوکونے کھیت کے طول کے ضلعے
26 و 28 کرم اور عرض کے 17 و 23
کرم ہیں۔ اُس کے تہائی حصّہ میں گوبھی
اور باقی حصہ میں پالک بوئی ہوئی ہے
اگر گوبھی کا نرخ ایک روپیہ مرلہ اور پالک

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کا 20 روپے کنال ہو تو مالک کو کس قدر رقم وصول ہوگی ؟

14 ایک مستطیل شکل کا کھیت 45 گرم لمبا اور 20 گرم چوڑا ہے اُس کے عین بیچ مربع شکل کا تالاب ہے ۔ اگر تالاب کا ہر ایک ضلع 3 گرم ہو ۔ اور باقی کھیت میں گندم بوئی ہو تو بتاؤ 8 مرلہ کے حساب کتنے کی گندم پیدا ہوگی ؟

15 ایک مربع شکل کے کھیت کا ہر ایک ضلع 12 گرم ہے ۔ اُس کے ایک ضلع کے اندر ساتھ ساتھ 4 گرم چوڑی جگہ کلراٹھی ہو گئی ہے ۔ بتاؤ کس قدر زمین قابل کاشت ہے ؟

تحریری سوالات نمبر 14

ذیل کے کھیتوں کے مقابل کے ضلعے دئے ہوئے ہیں ۔ رقبہ بیگھوں کنالوں وغیرہ میں بتاؤ ؟

1 طولانی ضلعے 75 ، 77 گرم اور عرض کے ضلعے 56 ، 52 گرم ہیں ؟

2 طولانی ضلعے 119 ، 128 گرم اور عرض کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ضلعے 82 ، 84 کرم ہیں +

3 طولانی ضلعے 88 ، 72 کرم اور عرض کے ضلعے 65 ، 55 کرم ہیں +

4 طولانی ضلعے 140 ، 148 کرم اور عرض کے ضلعے 90 ، 94 کرم ہیں +

5 طولانی ضلعے 156 ، 132 کرم اور عرض کے ضلعے 87 ، 75 کرم ہیں +

6 طولانی ضلعے 92 ، 100 کرم اور عرض کے ضلعے 40 ، 48 کرم ہیں +

7 طولانی ضلعے 210 ، 188 کرم اور عرض کے ضلعے 115 ، 117 کرم ہیں +

8 طولانی ضلعے 164 ، 152 کرم اور عرض کے ضلعے 125 ، 135 کرم ہیں +

9 طولانی ضلعے 221 ، 213 کرم اور عرض کے ضلعے 178 ، 156 کرم ہیں +

10 طولانی ضلعے 445 ، 385 کرم اور عرض کے ضلعے 296 ، 204 کرم ہیں +

اضلاع وسطی دئے ہوئے ہیں رقبہ گھماؤں وغیرہ تک دریافت کرو +

11 144 کرم ، 80 کرم 12 216 کرم ، 150 کرم

13 98 " ، 81 " 14 240 " ، 144 "

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

15 117 و 51 464 16 و 321

17 513 و 320

18 53 کرم 2 ہاتھ و 20 کرم ایک ہاتھ +

19 86 " 2 " و 60 " +

20 92 کرم و 83 کرم ایک ہاتھ +

نوٹ :- 3 ہاتھ کا ایک کرم ہوتا ہے +

21 ایک چوکونے کھیت کے طولانی ضلعے 64 و 86 و 76 کرم ہیں اور عرض کے ضلعے 66 و کرم ہیں - اس کھیت کا رقبہ مربوں میں کیا ہوگا - اگر ایک مرلہ زمین کی قیمت 20 روپے ہو تو کھیت کی قیمت بتاؤ +

22 ایک چوکونے کھیت کے طولانی ضلعے 47 و 53 کرم ہیں اور عرض کے ضلعے 50 و 40 کرم ہیں - اگر اُس کا مالک 90 روپے کنال کے حساب سے بیچ ڈالے تو کل کھیت کی کیا قیمت ہوگی ؟

23 ایک کھیت کے طولانی ضلعے 115 و 125 کرم ہیں اور عرض کے ضلعے 83 و 79 کرم ہیں اُس کھیت میں گندم بوئی گئی ہے - اگر 5 سیر فی کنال بیج ڈالا جائے تو بتاؤ کتنے من بیج پڑے گا ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

24 ایک چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی
140 ، 126 کرم ہیں۔ اُس کھیت میں
کماد لگایا گیا ہے۔ اگر فی مرلہ 3 سیر
کماد کا بیج خرچ ہو تو بتاؤ کے من کماد
کا بیج خریدنا پڑے گا۔

25 ایک کھیت کے اضلاع وسطی 72 ، 62
کرم ہیں۔ اِس کھیت میں شلغم بوئے
ہوئے ہیں۔ ایک شخص نے چارے کے
لئے 10 مرلے اور دوسرے نے 23 مرلے
خریدے۔ اگر شلغم کا بھاؤ 40 روپے
بیگھہ ہو۔ تو بتاؤ کہ ان دونوں شخصوں
نے کتنے کے شلغم خریدے اور باقی
کتنے کے رہ گئے؟

26 ایک چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی
123 کرم و 84 کرم ہیں۔ اُس کھیت میں
جوار بوئی ہوئی ہے۔ بتاؤ 8 آنے مرلہ
کے حساب اُس میں کتنے کی جوار پیدا
ہوگی؟

27 ایک چوکونے کھیت کے طولانی ضلعے
77 ، 83 کرم اور عرض کے 63 ، 57 کرم
ہیں۔ اس کھیت میں باجرہ بویا گیا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اگر 8 سیر فی بیگھہ کے حساب سے اُس میں
بیج ڈالا جائے تو کتنے کا بیج خریدنا پڑیگا۔
جبکہ باجرہ کا بھاؤ 20 سیر فی روپیہ ہو +

28 ایک کھیت کے اضلاع وسطی 160 کرم اور
144 کرم ہیں اُس کھیت میں گیہوں بوئے
گئے ہیں۔ اگر گندم 15 من فی بیگھہ پیدا
ہو۔ تو بتاؤ کل کھیت میں کتنے کے گیہوں
پیدا ہونگے۔ جبکہ گندم کا بھاؤ 2 روپے
4 آنے من ہو

29 ایک چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی
240 کرم و 120 کرم ہیں۔ اُس کھیت کے
نصف حصے میں کپاس اور باقی نصف
میں چری بوئی ہوئی ہے۔ کپاس کا بیج 4
سیر فی کنال اور چری کا 3 سیر فی کنال
ڈالا گیا۔ اگر کپاس کا بھاؤ 16 سیر فی روپیہ
اور چری کے بیج کی قیمت 15 سیر فی روپیہ
ہو تو کل کتنے کا بیج خرچ ہوگا؟

30 ایک چوکونے کھیت کے طول کے ضلعے
114 و 102 کرم ہیں اور عرض کے 66 و
54 کرم اس کھیت کے نصف حصے میں
کماد بویا گیا ہے۔ اگر فی کنال 4 من گڑ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پیدا ہو اور گڑ کا بھاؤ 4 سیر فی روپیہ
ہو تو بتاؤ کل کتنے کا گڑ پیدا ہوگا؟

31 ایک چوکونے کھیت کے اضلاع وسطی
180 و 60 گرم ہیں اس کھیت کے تہائی
حصہ میں گندم اور باقی کھیت میں چنے
بوئے ہوئے ہیں۔ اگر گندم ۱۵ من فی
بیگھہ اور چنے 2 من فی بیگھہ پیدا ہوں
تو بتاؤ کل کھیت میں کتنے کی فصل پیدا
ہوگی۔ جبکہ گندم کا بھاؤ اڑھائی روپے
من اور چنوں کا بھاؤ 2 روپے من ہو۔

کسری پہاڑے

لڑکو! پچھلی جماعت میں تم ڈھایا کا تصور
پڑھ چکے ہو کہ دو سالم روٹیاں اور ایک
آدھی روٹی مل کر ڈھائی روٹیاں بنتی ہیں۔



دو سالم اور ایک آدھے
سیب کو ملا کر ڈھائی سیب
کہتے ہیں۔ ڈھائی کو ڈھایا
بھی کہتے ہیں آج تم کو ڈھایا کا پہاڑہ پڑھایا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جاتا ہے +

ڈھائے کا پہاڑہ

1	·2	·2	11	·27
2	·2	5	12	30
3	·2	·7	13	·32
4	·2	10	14	35
5	·2	·12	15	·37
6	·2	15	16	40
7	·2	·17	17	·42
8	·2	20	18	45
9	·2	·22	19	·47
10	·2	25	20	50

سوالات نمبر 15

بتاؤ :-

1 6 ڈھائے کتنے ؟ و 4 ڈھائے کتنے ؟ و 12 ڈھائے کتنے ؟

2 7 " " ؟ " " 9 و ؟ " " 13 و ؟ " "

3 11 " " ؟ " " 16 و ؟ " " 12 و ؟ " "

4 5 " " ؟ " " 8 و ؟ " " 14 و ؟ " "

پہاڑہ کے ذریعہ بتاؤ :-

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

5 کتنے ڈھائے پانچ و کتنے ڈھائے دس و
کتنے ڈھائے پندرہ +

6 کتنے ڈھائے ساڑھے سات و کتنے ڈھائے
ساڑھے بارہ و کتنے ڈھائے پندرہ +

7 کتنے ڈھائے ساڑھے بائیس و کتنے ڈھائے
ستائیس و کتنے ڈھائے پچیس ؟

8 ایک آنے کے ڈھائی سیر آلو آتے ہیں ۔
8 آنہ کے کتنے سیر آلو آئیں گے ؟

9 ایک دوات کی قیمت ڈھائی آنے ہے ۔ ویسی
14 دواتوں کی قیمت بتاؤ ؟

10 ایک کتاب ڈھائی آنہ کو ملتی ہے ۔ 15 آنہ
کی ویسی کتنی کتابیں آئیگی ؟

11 ایک روپیہ کی ڈھائی سیر مصری آتی ہے
35 سیر مصری کتنے روپوں میں آئیں گی ؟

12 ایک کپڑا روپے کا ڈھائی گز آتا ہے ۔ 12
روپے کا کتنے گز کپڑا آئیگا ؟

13 ایک گز کپڑے کی قیمت ڈھائی روپے ہے
15 گز کپڑے کی قیمت بتاؤ ؟

14 رگھبیر سنگھ کے پاس 8 پیسے ہیں ۔ اور
جوت سنگھ کے پاس رگھبیر سنگھ سے ڈھائی
گنا پیسے ہیں ۔ بتاؤ جوت سنگھ کے پاس

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کتنے پیسے ہیں؟

15 ایک گائے کی قیمت بکری کی قیمت سے ڈھائی گنا ہے۔ اگر بکری کی قیمت 24 روپے ہو۔ تو گائے کی قیمت بتاؤ +

16 ایک زمیندار نے ایک بیل اور گھوڑا خریدا بیل پر اس نے 72 روپے خرچ کئے۔ اور گھوڑے پر بیل سے ڈھائی گنا رقم خرچ کی۔ گھوڑے کی قیمت بتاؤ +

17 ایک گھوڑے کی قیمت ۹۰ روپے ہے۔ اور بگھی کی قیمت گھوڑے سے ڈھائی گنی ہے۔ بگھی کی قیمت بتاؤ +

18 ایک گڈے پر 48 من کپاس لدی ہوئی ہے۔ اور دوسرے گڈے پر پہلے سے ڈھائی من کپاس لدی ہے۔ بتاؤ دوسرے گڈے پر کتنے گنا کپاس لدی ہے +

19 ایک آدمی ایک گھنٹہ میں $2\frac{1}{2}$ میل چلتا ہے تو وہ 8 گھنٹے میں کتنے میل چلیگا؟

20 ایک زمیندار نے ایک بکری اور ایک بھینس خریدی۔ بکری کی قیمت 28 روپے ہے۔ اگر بھینس کی قیمت بکری قیمت سے ڈھائی گنا زیادہ ہو۔ تو بھینس کی قیمت بتاؤ +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اونٹا

لڑکو پیچھے تم یہ پڑھ چکے ہو۔ کہ تین سالم اور آدھے خربوزے کو ملا کر ساڑھے تین خربوزے کہتے ہیں +



اسی طرح تین آنے اور آدھے آنے کو ملا کر ساڑھے تین آنے کہتے ہیں۔ گویا تین سالم اور آدھی چیز کو ملا کر ساڑھی تین چیزیں کہتے ہیں۔ ساڑھے تین کو اونٹا کہتے ہیں۔ اب تم کو اونٹے کا پہاڑہ پڑھایا جاویگا +

اونٹے کا پہاڑہ

1	.3	.3	8	.3	28
2	.3	.3	9	7	.31
3	.3	.3	10	.10	35
4	.3	.3	11	14	.38.
5	.3	.3	12	.17	42
6	.3	.3	13	21	.45
7	.3	.3	14	.24	49

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

15	·3	·52	18	·3	63
16	·3	56	19	·3	·66
17	·3	·59	20	·3	70

سوالات نمبر 16

1 8 اونٹے کتنے ؟ و 12 اونٹے کتنے ؟ و 16 اونٹے کتنے ؟

2 6 " " ؟ و 10 " " ؟ و 14 " " ؟

3 5 " " ؟ و 9 " " ؟ و 13 " " ؟

4 7 " " ؟ و 11 " " ؟ و 15 " " ؟

پہاڑے کے ذریعے بناؤ

5 کتنے اونٹے چودہ و کتنے اونٹے ساڑھے اکتیس و کتنے اونٹے ساڑھے چوبیس +

6 کتنے اونٹے ساڑھے سترہ و کتنے اونٹے بیالیس و کتنے اونٹے اکیس +

7 ایک آنہ کا ·3 سیر ساگ آتا ہے 8/ کا کتنے سیر ساگ آئیگا +

8 خربوزے ایک آنہ کے ساڑھے تین سیر ملتے ہیں ۔ 15 آنے کے کتنے سیر خربوزے ملیں گے ؟

9 ایک کتاب کی قیمت ساڑھے تین آنہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہے - ۱۲ کتابوں کی قیمت بتاؤ +

10 گڑ ایک روپے کا آٹھ سیر ملتا ہے - ساڑھے تین روپے کا کتنا گڑ ملیگا ؟

11 میں کچھ آدمیوں میں ساڑھے اٹھتیس سیر شکر بانٹنی چاہتا ہوں - اگر ہر ایک آدمی کو ساڑھے تین سیر شکر دوں - تو بتاؤ - وہ شکر کتنے آدمیوں کے لئے کافی ہوگی ؟

12 اگر بنولے ساڑھے تین روپے من آئیں - تو 15 من بنولوں کی قیمت بتاؤ +

13 اگر بنولے ساڑھے تین روپے من آئیں - تو 49 روپے کے کتنے من بنولے آئینگے ؟

14 ایک شخص نے 64 روپے کو ایک بیل خرید کر ساڑھے تین گنا قیمت پر بیچ دیا بتاؤ اُس کو کتنے روپے نفع ہُوا ؟

15 چینی کھانڈ روپے کی ساڑھے تین سیر ملتی ہے ایک بوری جس میں 98 سیر کھانڈ ہے کی قیمت بتاؤ +

16 ایک کرتے پر ساڑھے تین گز کپڑا لگتا ہے - تو بتاؤ ساڑھے باون گز کپڑے کے کتنے کُرتے بنیں گے ؟

17 ساڑھے تین آنہ گز کے حساب 13 گز

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پھینٹ کی قیمت بتاؤ ۔

18 اگر ایک آدمی ایک گھنٹہ میں ساڑھے تین کوس چلے تو بتاؤ 14 گھنٹوں میں کتنے کوس چلیگا ؟

19 مصری روپے کی ساڑھے تین سیر ملتی ہے ۔ تو بتاؤ ساڑھے پنتالیس سیر مصری پر کیا قیمت خرچ ہوگی ؟

20 گائے کی قیمت بکری کی قیمت سے ساڑھے تین گنا ہے ۔ اگر بکری کی قیمت 15 روپے ہو ۔ تو گائے کی قیمت بتاؤ ؟

پونا

لڑکو ! تیسری جماعت میں تم پَوے کے پہاڑے میں پونے کا تصوّر پڑھ چکے ہو یعنی پَونہ کے معنی پاؤ کم کے ہوتے ہیں ۔



پونا خربوزہ



پونا سیب

بتاؤ :

پونے آنے میں کتنے پیسے ؟

پونے سیر میں کتنے پاؤ ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پونا روپے میں کتنی چونیاں ؟

پونے کا پہاڑہ

1	÷	÷	÷	11	÷	8	
2	÷	·1	÷	12	÷	9	
3	÷	·2	÷	13	÷	·9	
4	÷	3	÷	14	÷	·10	
5	÷	·3	÷	15	÷	11	
6	÷	·4	÷	16	÷	12	
7	÷	5	÷	17	÷	·12	
8	÷	6	÷	18	÷	·13	
9	÷	·6	÷	19	÷	14	
10	÷	·7	÷	20	÷	15	

سوالات نمبر 17

1 8 پونے کتنے ؟ و 12 پونے کتنے ؟ و 16 پونے کتنے ؟

2 6 〃 〃 ؟ و 10 〃 〃 ؟ و 14 〃 〃 ؟

3 5 〃 〃 ؟ و 9 〃 〃 ؟ و 13 〃 〃 ؟

4 7 〃 〃 ؟ و 11 〃 〃 ؟ و 15 〃 〃 ؟

پہاڑے کے ذریعے بتاؤ

5 کتنے پونے چھ و کتنے پونے تو و کتنے پونے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بارہ ؟

6 کتنے پونے ساڑھے چار و کتنے پونے ساڑھے سات و کتنے پونے ساڑھے دس ؟

7 کتنے پونے پونے چار و کتنے پونے سات و کتنے پونے پونے دس ؟

8 کتنے پونے سوا پانچ و کتنے پونے سوا گیارہ و کتنے پونے سوا آٹھ +

9 ایک آنہ کا پونا سیر گڑ ملتا ہے - 12 آنے کا کتنے سیر گڑ ملیگا ؟

10 کریلے ایک آنہ کے پونا سیر ملتے ہیں - 14 آنے کے کتنے سیر کریلے ملیں گے ؟

11 ایک لوٹے میں پونا سیر دودھ آتا ہے بتاؤ 15 لوٹوں میں کتنے سیر دودھ آئیگا ؟

12 ایک روپیہ کے 14 سیر آلو ملتے ہیں - بتاؤ پونا روپے کے کتنے سیر آلو ملینگے ؟

13 میں کچھ آدمیوں میں 15 سیر کھانڈ بانٹنی چاہتا ہوں - اگر ہر ایک آدمی کو پونا سیر کھانڈ دی جائے - تو بتاؤ وہ کتنے آدمیوں کے لئے کافی ہوگی +

14 ایک شخص نے ایک گھوڑا 84 روپے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کو خرید کر پونے قیمت پر بیچ دیا بتاؤ۔اس سودے میں اس کو کتنا نقصان ہوا ؟

15 گھی روپے کا پونا سیر ملتا ہے تو ایک ٹین جس میں سوا سترہ سیر گھی ہو۔ کی قیمت بتاؤ ؟

16 زمان خان کے پاس 56 بیگھے زمین ہے۔ اور سردار خاں کے پاس زماں خان سے پونی زمین ہے۔ بتاؤ زمان خاں کے پاس سردار خاں سے کتنی زیادہ زمین ہے ؟

17 شہد روپے کا پونا سیر آتا ہے۔ بتاؤ 48 روپے کا کتنا شہد آئیگا ؟

18 ایک دوات 5 پیسے کو ملے تو 15 دواتوں کی قیمت بتاؤ ؟

19 ایک زمیندار کے پاس 84 روپے تھے۔اس نے اپنے پونوں روپے کی گائے خریدی اور جو روپے باقی بچ رہے۔ان کی ایک بکری خریدی۔ بکری کی قیمت بتاؤ ؟

20 اگر ایک سیر شلغم پونے آنہ کو ملیں۔ تو ساڑھے دس آنہ کے کتنے سیر شلغم ملیں گے ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

متفرق سوالات نمبر ۱۸

1 ریشم روپے کا ڈھائی تولے ملتا ہے 15 روپے کا کتنے تولے ریشم آئے گا؟

2 گڑ ایک روپے کا 13 سیر ملتا ہے۔ ساڑھے تین روپے کا کتنا ملیگا؟

3 64 پونے کتنے ہوتے ہیں؟

4 ایک آدمی ساڑھے تین پاؤ آٹا ہر روز کھاتا ہے۔ بتاؤ 14 دن میں کتنا آٹا کھائیگا؟

5 چودہ اونٹے چودہ ڈھائے سے کتنے زیادہ ہیں؟

6 32 پونے دس ڈھائے سے کتنے کم ہیں؟

7 ایک سلیٹ کی قیمت ساڑھے تین آنے ہے۔ تین روپے ساڑھے گیارہ آنہ کی کتنی سلیٹیں آئیں گی؟

8 کٹھ سے سرگودھا 49 میل ہے۔ ایک آدمی کٹھ سے چل کر ساڑھے تین میل فی گھنٹہ کی رفتار سے کتنے گھنٹوں میں سرگودھا پہنچے گا؟

9 ایک آنہ کا ڈھائی سیر ساگ ملتا ہے۔ 40 سیر ساگ کی قیمت بتاؤ۔

10 16 پونے آنوں میں کتنی رقم اور ملائیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کہ ایک روپیہ ہو جائے ؟

11 17 ڈھائے اور 14 اونٹے کا فرق بتاؤ

12 ایک واسکٹ پر پونا گز کپڑا خرچ ہوتا ہے۔ بتاؤ - 9 واسکٹوں پر کتنے گز کپڑا لگیگا ؟

13 12 اونٹے میں اور کیا ملائیں کہ پورے پچاس ہو جائیں؟

14 ایک کتاب پونے گھنٹہ میں مطالعہ ہو سکتی ہے۔ بتاؤ ویسی ۲۸ کتابیں کتنے گھنٹوں میں مطالعہ ہو سکینگی ؟

15 ایک درجن دیا سلائی کے بکس ساڑھے تین آنے کو ملتے ہیں - 15 درجنوں کی قیمت بتاؤ؟

16 ایک لیمپ ڈھائی روپے کو آتا ہے۔ ساڑھے سترہ روپے کے کتنے لیمپ ملیں گے ؟

17 ساڑھے تین آنہ فی کھرپا کے حساب سے ساڑھے تین روپے کے کتنے کھرپے ملینگے ؟

18 48 کا پونا بتاؤ ؟

19 ایک زمیندار نے ساڑھے تین سیر فی روپیہ کے حساب ساڑھے اٹھتیس سیر روئی فروخت کی بتاؤ اُس کو کتنے روپے وصول ہوئے ؟

20 13 ڈھائے اور 14 اونٹے کا مجموعہ بتاؤ ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

گُر

لڑکو - جب ہم دکان پر سے کوئی سودا لینے جاتے ہیں - تو دیکھتے ہیں - کہ دوکان پر گاہکوں کا جمگھٹا سا لگا رہتا ہے - گاہک دوکاندار کو نقدی روئی - کپاس اور دانے وغیرہ دے کر مختلف قسم کے سودے خرید رہے ہوتے ہیں - مگر دوکاندار سودا دیتے اور حساب کرتے وقت ذرا نہیں گھبراتا - سودا تولتے ہی جھٹ قیمت بتا دیتا ہے - اور دم بھر میں سب کو بھگتا دیتا ہے - اس کے پاس سلیٹ پنسل تو کوئی نہیں ہوتی - بھلا اتنی جلدی حساب وہ کیونکر کر لیتا ہے - سنو - دکاندار لوگ حساب کے چند مختصر اور آسان طریقے یاد کر لیتے ہیں - جن سے وہ زبانی اور جلدی حساب کر لیتے ہیں - پھر روزانہ کام کرتے کرتے ان کی مشق ہوتی رہتی ہے حساب کے ان آسان طریقوں کو گُر کہتے ہیں ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سیر سے چھٹانک۔ روپے سے آنے تک کے گر

وزن اور نقدی کی نسبت

وزن	نقدی
سیر	روپیہ
آدھ سیر	اٹھنی
پاؤ	چونی
آدھ پاؤ	دوانی
چھٹانک	آنہ
سرساہی	پیسہ

مثال ۱۔ ایک روپے کا ایک سیر شہد آتا ہے۔ تو تو بتاؤ ایک اٹھنی ایک چونی ایک دوانی ایک آنہ اور ایک پیسہ کا الگ الگ کتنا شہد آئے گا؟

اوپر کی جدول سے صاف ظاہر ہے کہ ایک اٹھنی کا آدھ سیر۔ چونی کا پاؤ۔ دوانی کا آدھ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پاؤ۔ ایک آنہ کا چھٹانک اور ایک پیسہ کا ایک سرسائی شہد آئے گا ٭

مثال ۲۔ ایک روپے کی دو سیر مصری آتی ہے بتاؤ ایک اٹھنی ۔ ایک چونی ۔ ایک دوانی ایک آنہ اور ایک پیسہ کی الگ الگ کتنی مصری آئیگی ؟

جدول کے مطابق ایک روپیہ کی دو سیر۔ایک اٹھنی کی دو آدھ سیر۔ ایک چونی کی دو پاؤ ۔ ایک دوانی کے دو آدھ پاؤ ۔ ایک آنہ کی دو چھٹانک اور ایک پیسہ کی دو سرساہی مصری آئے گی ٭

گُر

روپے کی جتنی سیر چیز آئے ۔ اٹھنی کی اتنے آدھ سیر ۔ چونی کی اتنے پاؤ ۔ دوانی کے اتنے آدھ پاؤ ۔ آنے کی اتنی چھٹانک ۔ پیسے کی اتنے سرساہی ٭

برعکس

ایک پیسے کی جتنے سرساہی چیز ۔ ایک آنہ کی اتنی چھٹانک ۔ ایک دوانی کے اتنے آدھ پاؤ ایک چونی کے اتنے پاؤ ۔ ایک اٹھنی کے اتنے آدھ سیر ۔ ایک روپیہ کی اتنے سیر ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مثال - ایک سیر الائچی کی قیمت پانچ روپے ہے - ایک چھٹانک الائچی کی قیمت بتاؤ ؟

ایک سیر	کی قیمت	5 روپے
آدھ سیر	کی قیمت	ڈھائی روپے
پاؤ	کی قیمت	سوا روپیہ
آدھ پاؤ	کی قیمت	۱۵ آنے
چھٹانک	کی قیمت	5 آنے
پس ایک سیر	کی قیمت	5 روپے
ایک چھٹانک	کی قیمت	5 آنے

گر

ایک سیر کی قیمت جتنے روپے ایک چھٹانک کی قیمت اتنے آنے ٭

برعکس

ایک چھٹانک کی قیمت جتنے آنے - ایک سیر کی قیمت اتنے روپے ٭

مثال ۱ - بھوسہ ایک روپے من بکتا ہے - ڈھائی سیر بھوسے کی قیمت بتاؤ ٭

ایک من کے 16 ڈھیئے

ایک روپیہ کے 16 آنے

اس واسطے ڈھائی سیر کی قیمت ایک آنہ ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

گرُو

ایک من کی قیمت جتنے روپے - ایک ڈھئے کی قیمت اتنے آنے ٭

برعکس

ایک ڈھئے کی قیمت جتنے آنے - ایک من کی قیمت اتنے روپے ٭

مثال - ۲ - ایک روپیہ کی تین من لکڑی ملتی ہے ایک آنہ کی کتنی لکڑی ملے گی ٭

ایک من کا سولھواں حصّہ = ڈھائی سیر
تین من کا سولھواں حصّہ = تین ڈھائی سیر
ایک روپیہ کا سولھواں حصّہ = ایک آنہ

پس ایک روپیہ کے تین من
ایک آنہ کے تین ڈھائی سیر

گرُو

ایک روپیہ کے جتنے من ایک آنہ کے اتنے ڈھائی سیر ٭

برعکس

ایک آنہ کے جتنے ڈھائی سیر ایک روپیہ کے اتنے من ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سوالات نمبر 19

1 - بھوسہ روپے کا 2 من بکتا ہے - ایک آنے کا کتنا آئے گا ؟

2 ایک چھٹانک سیاہ مرچ دو آنہ کو ملتی ہے تو دو سیر سیاہ مرچ کی قیمت بتاؤ؟

3 لکڑی روپے کی 3 من بکتی ہے - 4 آنے کی کتنی لکڑی ملے گی ؟

4 مولیاں ایک آنہ کی سات چھٹانک ملتی ہیں- 4 آنہ کی کتنی ملینگی ؟

5 دو آنے کا پستہ ایک چھٹانک ملتا ہے - تو ½ سیر پستہ کی قیمت بتاؤ ؟

6 پشاوری گڑ ایک روپے کا 5 سیر ملتا ہے 3 آنے کا کتنا گڑ ملے گا ؟

7 اگر ایک سیر دودھ ڈھائی آنہ کو ملے - تو سوا روپیہ کا کتنا دودھ آئے گا ؟

8 اگر زیرہ ڈیڑھ روپے سیر بکتا ہو تو ایک پاؤ زیرہ کتنے کو آئے گا ؟

9 سوا سیر ہلدی 7 آنے کو ملتی ہے تو ایک بوری جس میں 3 من ہلدی ہے کی قیمت بتاؤ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

10 ایک من گندم کی قیمت 2 روپے 12 آنے ہے تو 15 سیر کی قیمت بتاؤ ؟

11 6 روپے من کے حساب ایک روپے 2 آنے کا کتنا دودھ آئے گا ؟

12 ایک من گڑ 5 روپے کو بکے تو 10 آنے کا کتنا گڑ آئے گا ؟

13 16 روپے من کے حساب 2 من 22 سیر 8 چھٹانک کی قیمت بتاؤ ؟

14 اگر ایک من نمک کی قیمت ڈھائی روپے روپے ہو تو 7 آنے 6 پائی کا کتنا نمک آئے گا ؟

15 چار آنے کا ایک چھٹانک پستہ ملے ۔ تو ایک سیر 2 چھٹانک کے دام بتاؤ ؟

16 ایک چھٹانک بادام 3 پیسے کو ملتے ہیں ۔ تو $1\frac{1}{2}$ سیر باداموں کی قیمت بتاؤ ؟

17 اگر ایک من تیل کی قیمت 22 روپے ہو تو ایک سیر 4 چھٹانک کی قیمت بتاؤ ؟

18 ایک آنہ کی دو چھٹانک مٹھائی ملتی ہے بتاؤ ایک روپیہ 2 آنہ 6 پائی کی کتنی مٹھائی ملے گی ؟

19 $3\frac{1}{2}$ سیر فی روپیہ کے حساب 5 پیسے کی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مصری کتنی آئے گی ؟

20 ، 5 سیر فی روپیہ کے حساب ۴ آنے ۹ پائی کا کتنا آٹا آئے گا ؟

گز اور گرہ ۔ روپے اور آنے کے گز

مثال ۔ ایک روپیہ کا ایک گز کپڑا آتا ہے ایک آنہ کا کتنا کپڑا آئے گا ؟

روپے کا سولھواں حصہ = ایک آنہ

گز کا سولھواں حصہ = ایک گرہ

روپے کا کپڑا ایک گز

ایک آنہ کی ایک گرہ .

گرہ

ایک روپے کے جتنے گز ایک آنہ کی اتنی گرہ ۔

برعکس

ایک آنہ کی جتنی گرہ ایک روپیہ کے اتنے گز ۔

مثال ۔ ایک گز سلک کی قیمت ۲ روپے ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک گرہ کی قیمت بتاؤ ؟
ایک گنہ کا سولھواں حصہ = ایک گرہ
دو روپے کا سولھواں حصہ = ایک آنہ
ایک گز کی قیمت دو روپے
ایک گرہ کی قیمت دو آنے

گُر

ایک گز کی قیمت جتنے روپے
ایک گرہ کی قیمت اتنے آنے

برعکس

ایک گرہ کی قیمت جتنے آنے
ایک گز کی قیمت اتنے روپے

فٹ - اِنچ

روپے آنے - پیسے اور پائی کے گُر

مثال - ایک فٹ کناری کی قیمت ایک آنہ ہو
تو ایک انچ کی قیمت بتاؤ ؟
ایک فٹ کا بارھواں حصہ = ایک انچ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک آنہ کا بارھواں حصّہ = ایک پائی
پس — ایک فٹ کی قیمت ایک گز
ایک انچ کی قیمت ایک پائی

گر

فٹ کی قیمت جتنے آنے
اِنچ کی قیمت اِتنی پائیاں

برعکس

انچ کی قیمت جتنی پائیاں
فٹ کی قیمت اتنے آنے

مثال - اگر ایک فٹ بانات کی قیمت ایک روپیہ ہو تو ایک انچ بانات کی قیمت بتاؤ ؟

فٹ کا بارہواں حصّہ = ایک اُنچ
روپے کا بارہواں حصہ = ایک آنہ - ایک پیسہ اور ایک پائی ÷

پس - ایک فٹ کی قیمت ایک روپیہ
ایک انچ کی قیمت - ایک آنہ - ایک پیسہ - ایک پائی

گر

ایک فٹ کی قیمت جتنے روپے - ایک انچ کی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

قیمت اتنے آنے - اتنے پیسے - اتنی پائیاں ۔

سوالات نمبر 20

1 ایک فٹ لکڑی 3 آنے کو بکتی ہے - 3 انچ کے دام بتاؤ ؟

2 ایک گز کی قیمت ایک روپیہ ۱/۴ آنے ہو تو اگز 2 کی فٹ کی قیمت بتاؤ ؟

3 ایک انچ ربڑ کی قیمت 6 پائی ہو تو 2 فٹ ربڑ کی قیمت بتاؤ ؟

۱/۴ اگر ایک فٹ کنگری کی قیمت 5 پیسے ہو تو 2 فٹ 2 انچ کے دام بتاؤ ؟

5 ایک فٹ لیس 9 پائی کو ملتی ہے تو 2 گز 2 فٹ ۱/۴ انچ لیس کتنے کو ملے گی ؟

6 اگر ایک فٹ کشمیرا ۱/۴ آنے کو آئے تو 4 فٹ 7 انچ کشمیرے کے دام بتاؤ ؟

7 جراب کے گیٹس 6 آنے گز ملتے ہیں 2 فٹ 5 انچ گیٹس پر کیا خرچ ہوگا ؟

8 ایک گز چھینٹ کی قیمت ۱/۴ آنے ہو تو 6 گز چھینٹ کی قیمت بتاؤ ؟

9 ایک گرہ بانات کی قیمت ۱/۱ آنے ہو تو 3 گز

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۱/۴ گرہ کے دام بتاؤ ؟

10 اگر ایک گز کشمیرا 3 روپے کو آئے تو 2 گز 3 گرہ کشمیرے کی قیمت بتاؤ ؟

11 ایک گز مخمل 5 روپے کو آتی ہے تو 2 فٹ 3 انچ کے دام بتاؤ ؟

12 ایک فٹ چھینٹ کی قیمت 6 آنے ہے تو 2 گز 2 فٹ 2 انچ کے دام بتاؤ ؟

13 ایک سلوار پر ۱/۴ گز 3 گرہ لٹھا خرچ ہوتا ہے ۔ اگر لٹھے کا بھاؤ 6 آنے گز ہو تو بتاؤ سلوار پر کتنے کا لٹھا ملے گا ؟

14 ایک روپے کی 8 گز چھینٹ آتی ہے ۔ تو 9 آنے کی کتنی چھینٹ آئیگی ؟

15 اگر ایک کوٹ پر ۱/۴ گز 6 گرہ کپڑا خرچ ہوتا ہو تو بتاؤ 3 روپے گز کے حساب اس کوٹ پر کیا خرچ آئے گا ؟

16 اگر ایک گز کشمیرا کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہو تو 5 گرہ کے دام بتاؤ ؟

17 دریائی $2\frac{1}{2}$ روپے گز آتی ہے 7 گرہ کے دام بتاؤ ؟

18 اگر شیشم کی لکڑی کا بھاؤ 12 آنے فٹ ہو تو 2 انچ کے دام بتاؤ ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

19 اگر جاپان 2 روپے ¼ آنے گز آئے تو پونے گز کی قیمت بتاؤ ؟

20 ایک تھان جس میں ۴۰ گز لٹھا ہے — 15 روپے کو ملتا ہے - ایک گز 3 گرہ کے دام بتاؤ ؟

21 اگر ایک فٹ ڈوری ڈھائی آنہ کو ملے تو 5 انچ ڈوری کی قیمت بتاؤ ؟

22 ایک فٹ آبنوس کی لکڑی ڈیڑھ روپیہ کو ملتی ہے - تو ایک فٹ 3 انچ کے دام بتاؤ ؟

23 ایک گرہ جاپان کی قیمت 2 آنے ہے تو 2 گز 3 گرہ جاپان کی قیمت بتاؤ ؟

24 کمخواب 5 روپے گز ملتا ہے تو 2 گز 5 گرہ کمخواب کے دام بتاؤ ؟

25 6 آنے گز والا کپڑا 2 روپے 5 آنے 6 پائی کا کتنا آئے گا ؟

تولے اور چھ رتی - روپے اور آنے کے گر

مثال - ایک تولہ چاندی کی قیمت ایک روپیہ ہے 6 رتی چاندی کی قیمت بتاؤ ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ایک تولہ کا سولھواں حصّہ = ۶ رتی
ایک روپیہ کا سولھواں حصّہ = ایک آنہ
پس ایک تولہ کی قیمت = ایک روپیہ
چھ رتی کی قیمت = ایک آنہ

گر

تولے کی قیمت جتنے روپے
چھ رتی کے اتنے آنے

برعکس

چھ رتی کی قیمت جتنے آنے
تولے کی قیمت اتنے روپے

تولے اور ماشے۔ آنے اور پائی کے گر

مثال۔ ایک تولہ الائچی کی قیمت ایک آنہ ہے۔
ایک ماشہ الائچی کی قیمت بتاؤ؟

تولے کا بارھواں حصّہ = ماشہ
آنے کا بارھواں حصّہ = پائی
پس۔ ایک تولہ کی قیمت = ایک آنہ
ایک رتی کی قیمت = ایک پائی

گر { تولے کی قیمت جتنے آنے } { ماشے کی قیمت اتنی پائیاں }

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

برعکس

ماشے کی قیمت جتنی پائیاں
تولے کی قیمت اتنے آنے

سوالات نمبر ۲۱

1 چاندی ۹ آنے تولہ بکتی ہے۔ ایک ماشے کی قیمت بتاؤ؟

2 اگر گوٹہ ۹ آنے تولہ ملے تو 2 ماشے کی قیمت بتاؤ؟

3 اگر ایک تولہ سونے کی قیمت 21 روپے ہو تو ایک ماشہ 4 رتی کی قیمت بتاؤ؟

4 اگر ایک تولہ سونے کی قیمت 18 روپے ہو تو ایک رتی سونے کی قیمت بتاؤ؟

5 اگر کستوری 16 روپے تولہ بکے۔ تو 2 ماشے 2 رتی کی قیمت بتاؤ؟

6 سلمہ ستارہ ڈھائی روپے تولہ بکتا ہے تو ایک تولہ 2 ماشے 6 رتی کی قیمت بتاؤ؟

7 ایک پیسے کا ایک رتی مشک آتا ہے تو 2 ماشے مشک کی قیمت بتاؤ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

8 چاندی کی ایک انگوٹھی جس کا 6 ماشے وزن ہے ¼ آنے کو ملتی ہے بتاؤ جس انگوٹھی کا وزن 7 ماشے 2 رتی ہو۔ اس کی قیمت کیا ہوگی؟

9 اگر اکڑا روپے کا 12 تولے ملتا ہو تو ایک تولے ایک ماشے ¼ رتی اکڑے کی کیا قیمت ہوگی؟

10 اگر ایک تولہ افیون سوا روپے کو ملے تو 3 ماشے ۱ رتی افیون کی قیمت بتاؤ؟

11 12 روپے تولے کے حساب ایک ماشہ 6 رتی کی قیمت بتاؤ؟

12 22 روپے تولے کے حساب 2 تولے ¼ ماشے ¼ رتی کے دام بتاؤ؟

13 اگر ایک تولہ زعفران 2 روپے کو بکے تو ایک تولہ 3 ماشے 2 رتی کے دام بتاؤ؟

14 24 روپے تولہ کے حساب 3½ رتی کے دام بتاؤ؟

15 اگر ایک تولہ سونا کی قیمت 23 روپے ہو تو 2 رتی کے دام بتاؤ؟

16 اگر ایک تولہ سنکھیا ¼ کو ملے تو ایک ماشہ ایک رتی کی قیمت بتاؤ؟

17 8 آنے تولہ کے حساب ¼ ماشے چرس کی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

قیمت بتاؤ ؟

18 اگر ایک تولہ سلمہ ڈیڑھ روپیہ کو بکے تو
2 تولے 2 ماشے 2 رتی کے دام بتاؤ ؟

19 6 روپے تولہ کے حساب ¼ رتی کے دام
بتاؤ ؟

20 موتی 3 روپے فی تولہ کے حساب ملتے ہیں
ایک تولہ ¼ ماشے 3 رتی کی قیمت بتاؤ ؟

بیگھے اور 5 مرلے ۔ روپے اور آنے کے گر

مثال ۔ اگر ایک بیگھہ گھاس کی قیمت ایک روپیہ ہو
تو 5 مرلے گھاس کی قیمت بتاؤ ؟

ایک بیگھہ کا سولھواں حصّہ = 5 مرلے
ایک روپیہ کا سولھواں حصّہ = ایک آنہ
پس ایک بیگھہ کی قیمت = ایک روپیہ
پانچ مرلے کی قیمت = ایک آنہ

گر

ایک بیگھہ کے جتنے روپے
5 مرلے کے اتنے آنے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

برعکس

5 مرلے کے جتنے آنے
ایک بیگھہ کے اُتنے روپے

سوالات نمبر 22

1 سبز چنے 40 روپے فی بیگھہ کے حساب بکتے ہیں — 5 مرلے کی قیمت بتاؤ ؟

2 گھاس 8 روپے فی بیگھہ کے حساب بکتا ہے ساڑھے سات مرلہ گھاس کی قیمت بتاؤ ؟

3 ایک کنال میں 4 من چنے پیدا ہوئے — 4 مرلہ کی پیداوار بتاؤ ؟

4 2 روپے بیگھہ کے حساب سے ساڑھے سات مرلہ زمین کا محصول بتاؤ ؟

5 15 آنے فی مرلہ کے حساب 2 بیگھے 2 کنال کے دام بتاؤ ؟

6 اگر 2 بیگھہ زمین کی قیمت 78 روپے ہو تو ایک کنال $2\frac{1}{2}$ مرلہ کی قیمت بتاؤ ؟

7 اگر $2\frac{1}{2}$ مرلہ گھاس کی قیمت 9 آنے ہو تو 2

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بیگھے گھاس کی قیمت بتاؤ ؟

8 اگر 5 مرلے سبز جوار کی قیمت 1½ ہو تو 2 کنال 5 مرلہ کے قیمت بتاؤ ؟

9 ایک روپیہ دو آنہ فی مرلہ کے حساب 2 بیگھے ایک کنال 5 مرلہ کے دام بتاؤ ؟

10 اگر 2 بیگھ کماد کی قیمت 65 روپے ہو تو 7½ مرلہ کماد کی قیمت بتاؤ ؟

دیسی حساب

تاجر اور بیوپاری لوگ عام طور پر سوالات گرُوں کی مدد سے زبانی نکال لیا کرتے ہیں - مگر کئی بڑے بڑے اور لمبے سوال تو گروں ہی کی مدد سے کرتے ہیں - مگر اُن کا عمل لکھنا پڑتا ہے اس طریق سے جو سوالات حل کئے جاتے ہیں اس کو دیسی طریقہ حساب کہتے ہیں ۔

مثال 1 - اگر ایک من جوار کی قیمت 3 روپے 4 آنے ہو تو 53 روپے 10 آنے کی کتنی جوار آئے گی ؟

पुस्तकालय
CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

من سیر چھٹانک

حل۔ 3 روپے 4 آنے کی جوار = 1 " 0 " 0

52	"	0	"	"	=	16	"	0	" 0
1	"	10	"	"	=	0	"	20	" 0

ہے 4/ کا 16 گنا

ہے 4/ کا نصف

جوار کا مطلوبہ وزن = 16 " 20 " 0 . جواب

مثال 2۔ اگر 3 من 20 سیر چنوں کی قیمت 10 روپے 8 آنے ہو تو 34 من 5 سیر چنوں کی قیمت بتاؤ؟

روپے آنے پائی

3 من 20 سیر چنوں کی قیمت = 10 " 8 " 0

---

31 من 20 سیر " " = 94 " 8 " 0 پہلی مقدار کا 9 گنا ہے

1 " 30 " " " = 5 " 4 " 0 " " کا نصف ہے

0 " 35 " " " = 2 " 10 " 0 " " کا چوتھا حصّہ ہے

---

34 " 5 " " " = 102 " 6 " 0 جواب

مثال 3۔ اگر بادام 12 سیر کے حساب بکیں تو بتاؤ 35 روپے 10 آنے 6 پائی کے کتنے بادام ملیں گے؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

من ۱ سیر چھٹانک

حل 12 آنے کے بادام = 0 ″ 1 ″ 0

---

30 روپے کے بادام = 1 ″ 0 ″ 0 پہلی مقدار کا ½ گنا

5 روپے 4 آنے = 0 ″ 7 ″ 0 12 آنے کا دگنا

6 آنے کے بادام = 0 ″ 0 ″ 8 12 آنے کا نصف

پس باداموں کا مطلوبہ وزن 1 ″ 7 ″ 8 جواب

مثال ۴ ۔ اگر ایک من کھانڈ کی قیمت 16 روپے 8 آنے ہو تو 14 من 27 سیر 8 چھٹانک کھانڈ کی کیا قیمت ہوگی ؟

روپے آنے پیسے

حل ایک من کھانڈ کی قیمت = 16 ″ 8 ″ 0

---

14 من کھانڈ کی قیمت = 224 ″ 0 ″ 0 بحساب 16 روپے فی من

7 ″ 0 ″ 0 بحساب 8 آنے فی من

20 سیر ″ ″ ″ = 8 ″ 4 ″ 0 من کی قیمت کا نصف

5 ″ ″ ″ ″ = 2 ″ 1 ″ 0 20 سیر کا چوتھا حصہ

2 ½ سیر ″ ″ ″ = 1 ″ 0 ″ 5 2 سیر کا نصف حصہ

پس 14 من 27 سیر 8 چھٹانک کھانڈ = 224 ″ 5 ″ 2 جواب

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سوالات نمبر 23

1 ایک زمیندار نے 19 من 25 سیر 12 چھٹانک غلہ گندم بیج کے واسطے بحساب 3 روپے ۱۱ آنے 9 پائی فی من خرید کیا - بتاؤ اس نے کل کتنی رقم خرچ کی ؟

2 اگر ایک درجن رومال 6 روپے 12 آنے 9 پائی کو ملیں تو 2 گردس 8 درجن 9 رومالوں کی کیا قیمت ہوگی ؟

3 ایک لوہار نے 16 من 15 سیر 8 چھٹانک لوہا بحساب 8 روپے 9 آنے ۴ پائی فی من خریدا - بتاؤ اس لوہار نے سوداگر کو کتنی رقم دی ؟

4 3 روپے 12 آنے فی من کے حساب 22 سیر 12 چھٹانک کھجوروں کی قیمت بتاؤ ؟

5 اگر ایک من سبز گندم کی قیمت 12 آنے ہو تو ۴۵ روپے 12 آنے 6 پائی کی کتنی سبز گندم ملے گی ؟

6 ایک زمیندار نے ایک ساہوکار کو بابت قرضہ 16 بوری گندم 3 روپے ۵ آنے ۶ پائی فی کے حساب دی اگر ہر ایک بوری میں 2 من

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۱۰ سیر گندم ہو تو بتاؤ زمیندار نے کتنا قرضہ ادا کر دیا ؟

۷ ایک شخص نے کسی دکاندار سے ۱۰ من ۲ سیر ۸ چھٹانک دال مسور بحساب ۲ روپے ۱۳ آنے فی من خرید کی بتاؤ وہ کل کتنی رقم دکاندار کو دے گا ؟

۸ اگر ایک بوری میں سوا دو من چاول آتے ہوں — اور چاولوں کا نرخ ۶ روپے ۷ آنے ۹ پائی فی من ہو — تو ۱۹ بوری جو خریدنے کے لئے کتنی رقم درکار ہوگی ؟

۹ اگر آرد گندم ۹½ سیر روپے کا بکتا ہو تو ۱۰۹ روپے ۸ آنے ۶ پائی کا کتنا آٹا آئے گا ؟

۱۰ ایک گوالیا نے ۰۱۱ر فی من کے حساب ۵۵ من ۲۵ سیر بھوسہ خریدا — تو بتاؤ وہ کل کتنی رقم ادا کرے گا ؟

۱۱ ایک زمیندار نے کسی ساہوکار کو مندرجہ ذیل جنس قرضہ کی بابت دی — بتاؤ زمیندار نے کل کتنا قرضہ جنس کے ذریعہ ادا کر دیا ؟

(۱) گندم ۱۱۵ من ۲۵ سیر در ۳ روپے ۲ آنے فی من ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(2) چنے 40 من 20 سیر در 4/ فی سیر ÷
(3) مونگ 15 من 15 سیر در 6 سیر فی روپیہ ÷
(4) مسور 8 من 25 سیر در 2 روپے 11 آنے 6 پائی فی من ÷

12 ایک دکاندار نے مندرجہ ذیل سودا دکان کے واسطے آڑھتی کی دکان سے خرید کیا۔ بتاؤ وہ کل کتنی رقم ادا کرے کہ اس مال کا حقدار ہو سکے ÷

(1) کھانڈ 3 من 15 سیر 12 چھٹانک در عـــہ فی من ÷
(2) چاول 16 من 20 سیر در ۸/۲ فی من ÷
(3) گڑ 19 من 25 سیر در صہ/8 فی من ÷
(4) دال ماش 2 من 12 سیر 8 چھٹانک در $4\frac{1}{2}$ سیر فی روپیہ ÷
(5) تیل سرسوں 1 من 15 سیر در $1\frac{1}{2}$ سیر فی روپیہ

13 ایک زمیندار نے 6 لپے بھوسہ باہر سے 13/ فی من کے حساب بیوپاری کو دیا۔ اگر ایک لپہ سے 25 من 20 سیر بھوسہ نکلے تو بتاؤ زمیندار نے کل کتنی رقم وصول کی ÷

14 ایک زمیندار نے ایک بیوپاری کو 15 کنال سبز چنے کا کھیت 11/ فی مرلہ کے حساب فروخت

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کر دیا۔ بتاؤ زمیندار کو کل کتنی رقم وصول ہوئی ؟

15 ایک ٹھیکہ دار نے ۰٫۴ فی من کے حساب سے سبز گھاس 25 من 20 سیر کٹوائی اگر وہ رسالہ میں ۵/۶ فی من کے حساب فروخت کر دے ۔ تو بتاؤ اس کو کیا نفع ہوا ؟

16 ایک رسالہ میں ۱۰۰ گھوڑے ہیں ۔ اگر ہر ایک گھوڑا ایک دن میں سوا بارہ سیر بھوسہ کھاتا ہو اور ایک من بھوسہ کی قیمت ۱۱؍ ہو تو اس رسالہ کا ایک دن کا بھوسہ کا خرچ کیا ہوگا ؟

17 ایک نانبائی نے آڑھتی کی دکان سے ۴ بوری آرد گندم پونے آٹھ سیر فی روپیہ کے حساب خرید کیا اگر ہر ایک بوری میں ڈھائی من آرد گندم آتا ہو تو وہ آڑھتی کو کتنی رقم دیگا ؟

18 ایک بزاز 6 تھان لٹھ چابی کے بحساب ۵/۶ فی گز خرید کئے ۔ اگر ہر ایک تھان میں ۴۰ گز ۸ گرہ لٹھ ہو تو وہ بزاز سوداگر کو کتنی رقم دے گا ؟

19 اس سونے کے کنٹھے میں 20 منکے ہیں ۔ ہر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri



ہر ایک منکہ کا وزن
3 ماشے 2 رتی ہو
اور سونے کا بھاؤ
للعب ۹ فی تولہ ہو اور
2 روپے 8 آنے
مزدوری ساز اور 6
آنے ۹ پائی مزدوری
تاگوں کی ہو تو کنٹھ کی
کل قیمت بتاؤ ؟

20 اگر ایک من کھانڈ دیسی 8 روپے 4 آنے
۹ پائی فی من ہو تو ۹۹ روپے ۹ آنے
کی کتنی کھانڈ آئے گی ؟

21 ایک زمیندار کے پاس 4 بیل 3 بھینس
اور 3 گائیں ہیں اگر ہر ایک مویشی ۹ سیر
بھوسہ ہر روز کھائے ۔ اور ایک من بھوسہ
کی قیمت ۱۱/۴ ہو تو اس کا ایک سال کا
مویشیوں کا خرچ کتنے روپے آئیگا ؟

22 ایک ٹھیکہ دار 50 بوری چنے 2 روپے 15
آنے ۹ پائی فی من خریدے ۔ اگر بوری میں
سوا دو من چنے آتے ہوں ۔ تو بتاؤ اس
نے کل کتنے روپے کے چنے خریدے ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

23 ایک زمیندار نے 75 من 35 سیر گندم بحساب 3 روپے 15 آنے 9 پائی فی من فروخت کر دی - لیکن دوسرے روز گندم کا نرخ 3 روپے 12 آنے 3 پائی فی من ہو گیا تو بتاؤ وہ کتنے خسارہ میں رہا



24 ایک ساہوکار نے اپنے لڑکے کی شادی پر 12 تولے کے کنگن - 6 ماشے ½ رتی کی انگوٹھیاں 3 تولے ½ ماشے کے بٹن - اور 11 تولے 5 ماشے ½ رتی کی مالا بنوائی اگر سونے کا بھاؤ 24 روپے 12 آنے 6 پائی ہو اور 5 فی تولہ مزدوری ہو تو ساہوکار نے کتنے کے زیور بنوائے



25 ایک زمیندار نے ایک بنئے سے 26 من 25 سیر کھانڈ 16 روپے 14 آنے 9 پائی فی من کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

حساب خریدی اور اس کو اس کے بدلے ۹۵
من گندم بحساب 3 روپے 2 آنے فی من
دی - بتاؤ حساب بے باق کرنے کے واسطے
زمیندار اور کتنی رقم دے ؟

26 ایک فوج میں ۹۹۹۹ جوان بھرتی ہیں اگر فی
جوان 12 چھٹانک آٹا روز دیا جائے - اور آٹا
کا خرچ 6½ سیر فی روپیہ تو اس فوج کا 6
ماہ کا خرچ بتاؤ ؟

27 ایک زمیندار نے مندرجہ ذیل سامان خریدا بتاؤ
اس نے کل کتنی رقم ادا کی ؟
(۱) پھالوں کا لوہا ایک من 15 سیر 12 چھٹانک
در ۰٫۴ فی سیر ÷
(2) ۴۵ کس وزنی ایک من 25 سیر در ۵/۰٫۱۳
فی من ÷
(3) 50 کھرپے وزنی 15 سیر در ۰٫۴ فی سیر ÷
(۴) 50 درانتی وزنی 10 سیر در ۰٫۲ فی چھٹانک ÷

28 ایک زمیندار نے 22 من 15 سیر جوار 2 روپے
11 آنے فی من اور 75 من 35 سیر باجرا 3
روپے 6 آنے فی من اور ۴۵ من 20 سیر مکئی
3 روپے 1 آنہ 6 پائی فی من کے حساب
فروخت کی بتاؤ اس کو کل کتنی رقم وصول ہوئی ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

29 ایک لنگر میں 225 آدمی ہر روز خوراک کھاتے ہیں - اگر ایک آدمی کا ماہواری آٹے کا خرچ 2½ سیر 10 چھٹانک ہو اور آٹے کا بھاؤ ۱ روپے 8 آنے 9 پائی فی من ہو تو اس لنگر کا سالانہ خرچ کیا ہے ؟

30 ایک شخص نے 2 ہزار جلد ڈرام کی کتابیں چھپوائیں - اگر ہر ایک کتاب کے 50 ورق ہوں اور ایک تختہ سے ۱ ورق بنتے ہوں تو کُل کتابوں کے لئے کتنے رم کاغذ درکار ہونگے - اور 3 روپے 7 آنے فی رم کے حساب کتنی لاگت آئیگی ؟

31 اگر شرح وصولی لگان 2 روپے 5 ر فی بیگھہ ہو تو جس زمیندار کی 75 بیگھے 3 کنال 15 مرلے زمین ہو اسے کتنا لگان دینا پڑیگا ؟

32 ایک مکان پر 4994905 اینٹیں لگتی ہیں - اگر ایک ہزار اینٹوں کی قیمت 15 روپے 11 آنے 9 پائی ہو - تو بتاؤ اس مکان پر کل کتنے کی اینٹیں خرچ ہونگی ؟

33 چاولوں کی ایک بوری کا وزن 2 من 25 سیر 12 چھٹانک ہے - تو ایسی 75 بوری چاولوں کی کیا قیمت ہوگی - جبکہ 6 روپے 8 آنے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۹ پانی فی من کے حساب بکیں ؟

سوو

لڑکو ۔ ملازم پیشہ لوگ اکثر دوسرے شہروں میں رہتے ہیں ۔ وہاں ان کے اپنے مکان نہیں ہوتے ۔ اس واسطے وہ کسی کے مکان میں رہتے ہیں ۔ اور اُس مکان کے استعمال کے بدلے کچھ نہ کچھ روپیہ مالک مکان کو دیتے ہیں ۔ یا اگر کوئی شخص کسی دوسرے شہر میں جا کر کچھ عرصہ رہے ۔ تو وہ کسی کے مکان میں رہے گا ۔ اور مالک کو کچھ نہ کچھ عوضانہ ادا کریگا۔ جسے کرایہ کہتے ہیں ۔ اسی طرح دکاندار دکان کرایہ پر لے لیتے ہیں ۔ اور ہم تم جب سفر کو جاتے ہیں ۔ اور راستہ مشکل ہوتا ہے ۔ یا پیدل چلنا منظور نہیں ہوتا ۔ تو کوئی ٹانگہ یا گھوڑا کرایہ پر لے لیتے ہیں ۔ ہاں یہ یاد رکھنا چاہیئے ۔ کہ اس طرح کرایہ دینے سے مکان ۔ دکان اور ٹانگہ گھوڑا کرایہ دینے والے کا نہیں ہو جاتا ۔

اسی طرح کم سرمایہ والے لوگ اپنی ضرورتوں کو

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پورا کرنے کے واسطے اُن لوگوں سے جن کے پاس روپیہ فالتو ہوتا ہے - قرض لیتے ہیں اور اس روپیہ کو اپنے استعمال میں لاتے ہیں - اور کچھ مدت کے بعد اصل روپیہ جو اُدھار لیا تھا۔ اور ان کے ساتھ کچھ روپے بطور کرایہ ادا کرتے ہیں - اس کو سود کہتے ہیں - جس رقم پر سود شمار کیا جاتا ہے - اُسے اصل زر یا مول کہتے ہیں - اصل زر اور سود ملا کر کل زر یا مول بیاج کہتے ہیں - اور جو شرط سود کی قرار پائی ہے اسے شرح یا در کہتے ہیں - اور جتنے عرصہ کے واسطے قرض لیا جاتا ہے - اسے مدت کہتے ہیں ٭

مثال ۱ - ایک شخص نے 650 روپے ۴ فی صدی شرح سے 2 سال کے واسطے قرض لئے اور 52 روپے سود ادا کیا - بتاؤ اس سوال میں اصل زر - سود - کل زر - مدت اور شرح کیا ہے ٭

اصل زر	=	650 روپے
سود	=	52 روپے
کل زر	=	650 + 52 = 702 روپے
مدت	=	2 سال
شرح	=	۴ فی صدی سالانہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

شرح یا در کو ہندی زبان میں متی کہتے ہیں اور لفظ متی کے دو معنی لئے جاتے ہیں۔ ایک تو متی کے معنی تاریخ کے ہوتے ہیں۔ کہ فلان متی کو روپیہ قرض دیا گیا۔ یعنی فلان تاریخ کو روپیہ قرض دیا گیا۔ دوسرے متی کے معنی شرح سود کے ہوتے ہیں۔ مثلاً آج کل بازار میں فلان متی پر روپیہ قرض مل سکتا ہے۔ یا آج کل بازار میں فلان متی ہے۔ جس طرح بعض دکانوں کا کرایہ ماہواری ہوتا ہے۔ اور بعض کا سالانہ اسی طرح روپیہ کا کرایہ (سود) بھی ماہواری اور سالانہ ہوتا ہے۔ اور ساتھ ہی روپیہ کی مقدار کا بھی ذکر ہوتا ہوتا ہے۔ مثلاً فی روپیہ یا فی سینکڑہ +

سود کے سوالوں کو حل کرنے کا طریق ذیل کی مثالوں سے واضح ہوگا +

مثال ۱۔ 250 روپیہ کا سود 3 سال کے لئے ۴ فی صدی فی سال شرح سے دریافت کرو +

100 روپیہ کا ایک سال کا سود = ۴ روپے

1 " " " = ۴ ÷ 100 روپے

ایک روپیہ کا 3 سال کا سود = ۴ ÷ 100 × 3 روپے

250 روپیہ کا 3 سال کا سود = ۴ ÷ 100 × 3 ×

250 روپے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۱۰۰ ÷ ۳ × ۴ × ۲۵۰ = روپے

= ۳۰ روپے

مندرجہ بالا عمل سے سود دریافت کرنے کا یہ قاعدہ حاصل ہؤا ؛

قاعدہ = اصل زر × شرح × مدت ÷ ۱۰۰ اور اگر کل زر نکالنا ہو تو سود میں اصل زر جمع کرو ؛

مثال ۲ - ۴۷۵ روپے کا سود ۴ مہینے کے لئے ایک پیسہ فی روپیہ ماہوار شرح سے معلوم کرو ؛

ایک روپیہ کا ایک ماہ کا سود = ۱ پیسہ

ایک روپیہ کا ۴ ماہ کا سود = ۱ × ۴ = ۴ پیسے یا ایک آنہ

۴۷۵ روپے کا ۴ ماہ کا سود = ۴۷۵ × ۴ × ۱ پیسے

= ۲۹ روپے ۱۱ آنے

پس اوپر کے عمل سے ذیل کا قاعدہ حاصل ہؤا -

قاعدہ - جب شرح سود فی روپیہ ماہوار دی ہوئی ہو

سود = اصل زر × شرح × مدت

مثال ۳ - ۱۹۶ روپیہ کا سود ۸ ماہ کے لئے ۳ پائی فی روپیہ ماہوار شرح سے دریافت کرو -

سود مطلوب = اصل زر × شرح × مدت

اِس لئے سود = ۱۹۶ × ۳ × ۸ پائی

= ۲۴ روپے ۸ آنے جواب

مثال ۴ - ۱۲۴ روپے ۱۰ آنے کا سود ۴ ماہ کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

لئے 2 پیسے فی روپیہ فی ماہ کی شرح سے دریافت کرو۔

۱۲½ روپے کا ½ ماہ کا سود = ½ × 2 × ۱۲½ پیسے

½	3296
16	824
	51 — 8 جواب = 51 روپے 8 آنے

ایک روپیہ کا سود ½ ماہ کے لئے = 8 پیسے

8 آنے کا " " " " = " ½

2 " " " " = " 1

10 آنے " " " " = " 5

= ایک آنہ ایک پیسہ

۱۲½ روپے 10 آنے کا سود = 51 روپے 8 آنے

+ 1 آنہ 1 پیسہ +

= 51 روپے 9 آنے

1 پیسہ جواب +

مثال 5 — 250 روپے کا سود 3 فی صدی فی سال شرح سے 8 جولائی سے 19 ستمبر تک دریافت کرو +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جولائی = 23 دن
اگست 31 "
ستمبر 19 "

کل مدت 73 "

100 روپے کا سود ایک سال کے لئے = 3 روپے
100 روپے کا سود ایک دن " " = 3 ÷ 365
100 روپے کا سود 73 دن " " = 73 × 365 ÷ 3
ایک روپیہ کا سود " " " " = 100 ÷ 73 × 365 ÷ 3
250 " " " " " " = ÷ 73 × 365 ÷ 3 ÷

250 × 100

= ÷ 250 × 73 × 3 ÷

100 ÷ 365

= ایک روپیہ 8 آنے

جواب

نوٹ۔ اگر مدت کسی خاص تاریخ سے کسی خاص تاریخ تک شمار کرنی ہو تو سود کے سوالوں میں ایک تاریخ چھوڑ دی جاتی ہے۔ جیسا کہ اوپر کی مثال سے ظاہر ہے۔ اور سال کے کل 365 دن شمار کرنے چاہئیں۔

سود دریافت کرنے کا قاعدہ بطرز پھیلاوٹ ذیل

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کی مثالوں سے واضح ہوگا ۔

مثال ۱ — 375 روپے کا سود $2\frac{1}{2}$ سال کے لئے 4 فی صدی فی سال کی شرح سے دریافت کرو

100 روپے کا سود ایک سال کے لئے = 4 روپے

100 روپے کا سود $2\frac{1}{2}$ سال کے لئے = $4 \times 2\frac{1}{2}$ = 10 روپے

300 روپے کا سود $2\frac{1}{2}$ سال کے لئے = 10×3 = 30 روپے

50 روپے کا سود $2\frac{1}{2}$ سال کے لئے = $10 \div 2$ = 5 روپے

25 روپے کا سود $2\frac{1}{2}$ سال کے لئے = $5 \div 2$ = 2 روپے 8 آنے

375 روپے کا سود $2\frac{1}{2}$ سال کے لئے = 30 + 5 + 2 روپے 8 آنے

= 37 روپے 8 آنے جواب

مثال 2 — 144 روپے کا سود 3 پائی فی روپیہ ماہوار کی شرح سے 10 ماہ کا دریافت کرو ۔

ایک روپیہ کا ایک ماہ کا سود = 3

ایک روپیہ کا 10 ماہ کا سود = 10×3

= 30 پائی یا 10 پیسے

144 روپے کا 10 ماہ کا سود = 144×10 پیسے

= 1440 پیسے یا 360 آنے

= 22 روپے 8 آنے جواب

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سوالات نمبر 24

زبانی

مفصلہ ذیل رقموں کا سُود 2 سال کے لئے دریافت کرو ؛

1 100 کا 4 فی صدی شرح سے

2 200 روپیہ کا 5 فی صدی شرح سے

3 250 روپیہ کا 3 فی صدی شرح سے

4 300 " 2 " " "

5 500 " 6 " " "

6 475 " 4 " " "

7 700 " 3 " " "

8 125 " 4 " " "

9 900 " 2 " " "

10 50 " 8 " " "

11 24 روپے کا سود 4 مہینے کے لئے ایک دھیلہ فی روپیہ فی ماہ شرح سود سے دریافت کرو ؟

12 40 روپے کا سود 8 مہینے کے لئے ایک پیسہ فی روپیہ فی ماہ شرح سود سے دریافت کرو ؟

13 48 روپے کا سود 3 مہینے کے لئے 3 پائی فی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فی روپیہ فی ماہ شرح سود سے دریافت کرو ٭

14 50 روپے کا سود 3 مہینے کے لئے ½ پائی فی روپیہ فی ماہ شرح سود سے دریافت کرو ٭

15 96 روپے کا سود 2 مہینے کے لئے 2 پیسے فی روپیہ فی ماہ شرح سود سے دریافت کرو ٭

16 200 روپے کا سود ½ ماہ کے لئے 2 پیسے فی روپیہ فی ماہ شرح سود سے دریافت کرو ٭

17 300 روپے کا سود 5 ماہ کے لئے 3 پائی فی روپیہ فی ماہ شرح سود سے دریافت کرو ٭

18 192 روپے کا سود 6 ماہ کے لئے ½ پائی فی روپیہ فی ماہ شرح سود سے دریافت کرو ٭

19 80 روپے کا سود 2 ماہ کے لئے 2 پیسے فی روپیہ فی ماہ شرح سود سے دریافت کرو ٭

20 43 روپے کا سود ½ ماہ کے لئے ۱ آنہ فی روپیہ فی ماہ شرح سود سے دریافت کرو ٭

21 150 روپیہ کا سود ½ فی صدی سالانہ شرح کے حساب سے ایک سال کا دریافت کرو ٭

22 200 روپیہ کا سود 6 فی صدی سالانہ شرح کے حساب سے 2 سال کا دریافت کرو ٭

23 300 روپیہ کا سود 5 فی صدی سالانہ شرح کے حساب سے 2 سال کا دریافت کرو ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

24 ۴۰۰ روپیہ کا سود 6 فی صدی سالانہ شرح کے حساب سے ایک سال کا دریافت کرو ٭

25 250 روپیہ کا سود 2 فی صدی سالانہ شرح کے حساب سے 8 سال کا دریافت کرو ٭

26 100 روپے کا سود ۴ فی صدی سالانہ شرح کے حساب سے 2 سال کا دریافت کرو ٭

27 25 روپے کا سود 5 فی صدی سالانہ شرح کے حساب سے ۴ سال کا دریافت کرو ٭

28 75 روپے کا سود 3 فی صدی سالانہ شرح کے حساب سے ۴ سال کا دریافت کرو ٭

29 100 روپے کا سود 5 فی صدی سالانہ شرح کے حساب سے 3 سال کا دریافت کرو ٭

30 200 روپے کا سود 5 فی صدی سالانہ شرح کے حساب سے 6 سال کا دریافت کرو ٭

31 16 روپے کا سود ۱ دھیلہ فی روپیہ ماہوار شرح سے ۴ ماہ کا دریافت کرو ٭

32 32 روپے کا سود ۱ دھیلہ فی روپیہ ماہوار شرح سے 8 ماہ کا دریافت کرو ٭

33 28 روپے کا سود 3 پائی فی روپیہ ماہوار شرح سے 6 ماہ کا دریافت کرو ٭

34 72 روپے کا سود $1\frac{1}{2}$ پیسہ فی روپیہ ماہوار شرح

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سے ½ ماہ کا دریافت کرو ÷

35 56 روپے کا سود 2 پیسے ماہوار شرح کے حساب سے 5 ماہ کا دریافت کرو ÷

36 112 روپے کا سود 2 پیسے ماہوار شرح کے حساب سے ۱۱ ماہ کا دریافت کرو ÷

37 60 روپے کا سود 2 پیسے ماہوار شرح کے حساب سے 9 ماہ کا دریافت کرو ÷

38 120 روپے کا سود 1½ پیسے ماہوار شرح کے حساب سے ۱ ماہ کا دریافت کرو ÷

39 128 روپے کا سود ۱ پیسے ماہوار شرح کے حساب سے 7 ماہ دریافت کرو ÷

40 108½ روپے کا سود 3 پائی ماہوار شرح کے حساب سے 8 ماہ کا دریافت کرو ÷

سوالات نمبر 25

تحریری مشق کے لئے

مفصلہ ذیل سوالوں میں شرح فی صدی فی سال دی گئی ہے ۔ سود دریافت کرو ۔ جواب پائیوں تک صحیح ہے ÷

۱ ۳۵۰½ روپے کا ایک برس میں ½ شرح سے ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

2-	820	روپے	کا	ایک	برس	میں	5	شرح سے
3-	7240	〃	〃	2	〃	〃	5	〃
4-	3680	〃	〃	2	〃	〃	4	〃
5-	1500	〃	〃	2	〃	〃	3	〃
6-	1640	〃	〃	1	〃	〃	8	〃
7-	2960	〃	〃	1	〃	〃	5	〃
8-	12450	〃	〃	2	〃	〃	4	〃
9-	960	〃	〃	2	〃	〃	5	〃
10-	8540	〃	〃	1	〃	〃	3	〃
11-	8150	〃	〃	3	〃	〃	4	〃
12-	9240	〃	〃	2	〃	〃	5	〃
13-	16050	〃	〃	4	〃	〃	2	〃
14-	37980	〃	〃	5	〃	〃	3	〃
15-	4120	〃	〃	8	〃	〃	5	〃
16-	6430	〃	〃	6	〃	〃	5	〃
17-	21770	〃	〃	10	〃	〃	3	〃
18-	7290	〃	〃	5	〃	〃	4	〃
19-	5310	〃	〃	8	〃	〃	5	〃
20-	4500	〃	〃	7	〃	〃	3	〃
21-	4825	〃	〃	6	〃	〃	4	〃
22-	99730	〃	〃	4	〃	〃	5	〃

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

23-	6385	روپے	کا	سود	5	برس	میں	2	شرح	سے
24-	2832	〃	〃	5	〃	〃	8	〃	〃	〃
25-	24345	〃	〃	5	〃	〃	4	〃	〃	〃
26-	3355	〃	〃	4	〃	〃	3	〃	〃	〃
27-	2748	〃	〃	3	〃	〃	5	〃	〃	〃
28-	73212	〃	〃	5	〃	〃	7	〃	〃	〃
29-	3875	〃	〃	4	〃	〃	6	〃	〃	〃
30-	12948	〃	〃	5	〃	〃	4	〃	〃	〃
31-	49125	〃	〃	4	〃	〃	11	〃	〃	〃
32-	56228	〃	〃	3	〃	〃	5	〃	〃	〃
33-	2329	〃	〃	5	〃	〃	4	〃	〃	〃
34-	7880	〃	〃	8	〃	〃	9	〃	〃	〃
35-	1425	〃	〃	4	〃	〃	8	〃	〃	〃
36-	58918	〃	〃	5	〃	〃	4	〃	〃	〃
37-	842	〃	〃	3	〃	〃	5	〃	〃	〃
38-	8850	〃	〃	2	〃	〃	4	〃	〃	〃
39-	18972	〃	〃	5	〃	〃	3	〃	〃	〃
40-	47435	〃	〃	4	〃	〃	7	〃	〃	〃

کل زر معلوم کرو۔ جبکہ شرح سود فی صدی فی سال ہو ÷

41-	472	روپے	کا	سود	8	برس	میں	5	شرح	سے
42-	985	〃	〃	5	〃	〃	12	〃	〃	〃

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

43-1952	روپے کا	5	برس میں	4	شرح سے					
44-7125	〃	〃	3	〃	〃	4	〃	〃		
45-3978	〃	〃	2	〃	〃	5	〃	〃		
46-8756	〃	〃	5	〃	〃	4	〃	〃		
47-5475	〃	〃	4	〃	〃	3	〃	〃		
48-9948	〃	〃	5	〃	〃	3	〃	〃		
49-6130	〃	〃	4	〃	〃	5	〃	〃		
50	14225	〃	〃	4	〃	〃	3	〃	〃	

سود دریافت کرو جبکہ شرح فی روپیہ فی ماہ دی ہوئی ہو

51-182	روپے کا	4	مہینے کے لئے	3	پائی شرح سے					
52-928	〃	〃	〃	4	〃	〃	〃	3	〃	〃
53-1209	〃	〃	〃	1	〃	〃	〃	8	〃	〃
54-3436	〃	〃	〃	2	〃	〃	〃	7	〃	〃
55-7582	〃	〃	〃	2	〃	〃	〃	9	〃	〃
56-4896	〃	〃	〃	2	〃	〃	〃	3	〃	〃
57-15948	〃	〃	〃	1	〃	〃	〃	2	〃	〃
58-7424	〃	〃	〃	1	〃	〃	〃	9	〃	〃
59-1844	〃	〃	〃	1	〃	〃	〃	6	〃	〃
60-3878	〃	〃	〃	2	〃	〃	〃	10	〃	〃
61-124	〃	〃	〃	2	〃	〃	〃	8	〃	〃
62-48	〃	〃	〃	1	〃	〃	〃	4	〃	〃

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۶۳-۴۸۲ روپے ۱۰ آنے کا ۱۰ مہینے کے لئے ۲ پائی شرح سے
۶۴-۱۲۰۰ 〃 〃 〃 ۴ 〃 〃 〃 ۲ 〃 ۹ 〃
۶۵-۷۹۶۸ 〃 〃 〃 ۲ 〃 〃 〃 ۶ 〃 ۵ 〃
۶۶-۸۲۲۶ 〃 〃 〃 ۲ 〃 〃 〃 ۸ 〃 ۱۱ 〃
۶۷-۹۸۴ 〃 〃 〃 ۱ 〃 〃 〃 ۱۰ 〃 ۱۲ 〃
۶۸-۴۵۶۷ 〃 〃 〃 ۲ 〃 〃 〃 ۶ 〃 ۷ 〃
۶۹-۱۴۴ 〃 〃 〃 ۲ 〃 〃 〃 ۸ 〃 ۳ 〃
۷۰-۳۵۲۴ 〃 〃 〃 ۱ 〃 〃 〃 ۶ 〃 ۵ 〃
اصل معہ سود دریافت کرو جبکہ شرح سود فی روپیہ ماہوار ہو
۷۱-۹۲ روپے کا ۴ مہینے کے لئے ۳ پائی شرح سے
۷۲-۴۸ 〃 〃 〃 ۴ 〃 〃 〃 ۳ 〃 〃
۷۳-۸۷۲ 〃 〃 〃 ۳ 〃 〃 〃 ۵ 〃 〃
۷۴-۵۸۴ 〃 〃 〃 ۲ 〃 〃 〃 ۶ 〃 〃
۷۵-۵۰۰ 〃 〃 〃 ۳ 〃 〃 〃 ۷ 〃 〃
۷۶-۸۴۰ 〃 〃 〃 ۳ 〃 〃 〃 ۸ 〃 〃
۷۷-۱۷۲۵ 〃 〃 〃 ۲ 〃 〃 〃 ۲۲ 〃 〃
۷۸-۲۷۸۰ 〃 〃 〃 ۳ 〃 〃 〃 ۲۰ 〃 〃
۷۹-۲۹۴۰ 〃 〃 〃 ۴ 〃 〃 〃 ۱۴ 〃 〃
۸۰-۱۸۶۵ 〃 〃 〃 ۳ 〃 〃 〃 ۱۲ 〃 〃
۸۱-۴۵۰۰ روپے کا سود ۱۳ جنوری ۱۸۷۲ء سے
لے کر ۲۶ مارچ ۱۸۷۲ء تک فی صدی فی سال

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کی شرح سے معلوم کرو ٭

82 احمد خان زمیندار نے ایک ساہوکار ۴۰۰ روپیہ یکم ستمبر کو قرض لئے اور اسی سال 12 نومبر کو حساب بے باق کر دیا - تو بتاؤ - 5 فیصدی فی سال کی شرح سے زمیندار نے کتنا سود ادا کیا ٭

83- میں نے 705 روپے یکم فروری کو 5 فیصدی فی سال کی شرح پر قرض لئے بتاؤ اسی سال کی ۱۹ نومبر کو قرض اتارنے کے لئے کتنا روپیہ ادا کروں ٭

84- 500 روپے کا سود 2 آنے اساڑھ سے لے کر 17 اسوج تک $1\frac{1}{2}$ روپیہ سینکڑہ ماہوار شرح سے دریافت کرو ٭

85 نند لال ساہوکار سے خدا یار نے ۴۵۰ روپے ۴ فی صدی سالانہ کے حساب سے 3 سال کے لئے قرض دیئے - بتاؤ اس کو کتنا سود دینا پڑے گا ٭

86 شیر محمد نے زمین خریدنے کے واسطے ایک بنک سے 800 روپے 6 ماہ کے لئے 8 آنے سینکڑہ ماہوار شرح سے قرض لئے بتاؤ مقررہ عرصہ کے بعد زمیندار کل کتنا روپیہ بنک کو ادا کریگا ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

87 عابد حسین نے 600 روپیہ ½ سال کے لئے 3 فی صدی سالانہ شرح سے قرض لئے بتاؤ میعاد گذرنے پر اسے کل کتنا روپیہ دینا پڑیگا +

88 ایک زمیندار نے بنک سے 300 روپیہ مویشی خریدنے کے واسطے 12 آنے سینکڑہ ماہوار شرح سے قرض لئے اور 6 ماہ کے بعد روپیہ واپس دیا بتاؤ - اس نے کتنا سودا ادا کیا +

89 - سیف علی نے کدار ناتھ سے 456 روپے 2 پیسے فی روپیہ ماہوار کی شرح سے قرض لئے بتاؤ ½ ماہ کے بعد اسے کتنا سود دینا پڑیگا +

90 ایک زمیندار نے ایک ساہوکار سے 900 روپیہ 5 فی صدی فی سال کی شرح سے قرض لئے - بتاؤ 3 سال کے بعد کل کتنا روپیہ ساہوکار کو دے کہ قرضہ ادا ہو جائے +

91 مراد علی نے دو بیل 100 روپیہ فی بیل کے حساب سے خریدے اور رقم ½ فی صدی فی سال کی شرح سے 2 سال بعد دینے کا وعدہ کیا - بتاؤ مقررہ میعاد کے بعد اسے کیا ادا کرنا پڑیگا +

92 رام لال نے ایک مکان 5000 روپے کو خریدا ½ فی صدی شرح سے ایک سال کے بعد روپیہ ادا کرنے کا وعدہ کیا - ایک سال کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بعد اُس نے مکان بیچ کر اپنا قرضہ ادا کر دیا اور 200 روپے بچ رہے - بتاؤ اس نے مکان کتنے کو بیچا ؟

93 ایک زمیندار نے 8000 روپیہ 5 فی صدی فی سال کی شرح سے قرض لے کر زمین خریدی اگر اسے سال میں 500 روپے فصل کی آمدنی ہو تو اس کی سالانہ بچت بتاؤ ؟

94 ایک زمیندار نے 800 روپیہ 4 فی صدی فی سال کی شرح سے قرض لئے نصف روپیہ معہ سود ایک سال کے بعد ادا کر دیا اور باقی نصف روپیہ معہ سود 2 سال کے بعد ادا کیا - بتاؤ زمیندار نے کل کتنا سود ادا کیا ؟

95 احمد یار نے 1200 روپے 5 فی صدی فی سال کی شرح سے 2 سال کے لئے قرض لئے مقررہ عرصہ کے بعد اس نے ایک مکان اور 150 روپے نقد دے کر قرضہ کا فیصلہ کر دیا - مکان کی قیمت بتاؤ ؟

96 شیر خان نے ایک ساہوکار سے 700 روپیہ فی فیصدی فی سال کی شرح سے 3 سال کے لئے قرض لئے مقررہ عرصہ کے بعد اس نے کچھ زمین اور 360 روپیہ نقد دے کر قرضہ بیباق

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کر دیا - بتاؤ کتنے کی زمین فروخت کی ؟

97 ایک زمیندار نے 680 روپے 5 روپے فی صدی فی سال کی شرح سے قرض لے کر زمین خریدی اور $1\frac{1}{2}$ سال کے بعد 750 روپے کو بیچ دی - بتاؤ قرض ادا کرنے کے بعد اس کے پاس کس قدر رقم بچ رہے گی ؟

98 شاہ محمد زمیندار نے 450 روپیہ کسی بنک میں جمع کرائے - بتاؤ 2 سال کے بعد 4 فی صدی سالانہ شرح سے اسے کتنا سود وصول ہوگا ؟

99 ایک ٹھیکہ دار نے 20000 روپیہ قرض لے کر زمین خریدی اگر اسے سالانہ آمدنی 1000 روپے ہو - تو بتاؤ 4 فی صدی فی سال کے حساب سے سود دینے کے بعد اسے سالانہ نفع کیا ہوگا ؟

100 - ایک ساہوکار نے کسی بنک سے 900 روپیہ 3 فی صدی سالانہ شرح سے قرض لئے اور ایک زمیندار کو 2 پیسے فی روپیہ ماہوار شرح سے قرض دیئے - بتاؤ اسے بنک کا سود ادا کرنے کے بعد سالانہ کیا بچت ہوگی ؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سود بذریعہ انک

لڑکو۔ سود دریافت کرنے کا جو قاعدہ بیان ہو چکا ہے۔ ساہوکار لوگ اس قاعدے سے کام نہیں لیتے۔ بلکہ وہ اور طریق سے سود دریافت کرتے ہیں جو اس قاعدہ سے آسان ہوتا ہے اور اس کا عمل بقاعدہ پھیلاوٹ کیا جاتا ہے جو کہ تم پڑھ چکے ہو۔ اس قاعدے کو جس کے ذریعہ سے مہاجن اور ساہوکار لوگ سود کا حساب لگاتے ہیں سود بذریعہ انک یا سود دریافت کرنے کا دیسی طریق کہتے ہیں۔ جس کی توضیح ذیل کی مثالوں سے ہوگی۔

مثال ۱۔ 150 روپیہ کا 3 ماہ کے لئے 12 آنے فی صدی ماہوار شرح سے دریافت کرو۔

ظاہر ہے کہ 150 روپیہ کا 3 ماہ کا جتنا سود ہوگا اتنا ہی سود 150 × 3 روپے کا ایک ماہ کا ہوگا

پس

150 روپیہ کا 3 ماہ کا سود = 150 × 3 روپیہ کا ایک ماہ کے سود کے

= 450 روپے کے ایک ماہ کے سود کے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

	پائی	آنہ	روپیہ
لیکن ۱۰۰ روپے کا سود ایک ماہ کے لئے =	۰	۱۲	۰
∴ ۴۰۰ " " " " =	۰	۰	۳
اور ۵۰ " " " " =	۶	۰	۰
پس ۴۵۰ " " " " =	۶	۰	۳

یا ۱۵۰ روپیہ کا سود ۳ ماہ کے لئے = ۰ ۶ ۳

سود بذریعہ انک میں ۱۵۰ × ۳ کو پکّے انک کہتے ہیں - یعنی روپوں کو مہینے کی تعداد کے ساتھ ضرب دینے سے پکّے انک بنتے ہیں اور ۱۰۰ روپیہ کے سود کو ۱۰۰ پکّے انک کا سود فرض کرتے ہیں - پھر کل پکے انکوں کا سود بقاعدہ پھیلاوٹ وریاذت کرتے ہیں جس کا عمل ذیل کی طرح ہوتا ہے ÷

عمل - ۱۵۰ روپے کے ۳ ماہ کے پکے انک = ۳×۱۵۰ یا ۴۵۰

	پائی	آنہ	روپیہ
۱۰۰ پکے ایک کا سود =	۰	۱۲	۰
۴۰۰ " " " " =	۰	۰	۳
۵۰ " " " " =	۶	۰	۰
۴۵۰ " " " " =	۶	۰	۳

جواب

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

قاعدہ - اگر کسی رقم کا سود دریافت کرنا اور شرح فی صدی ماہوار دی ہوئی ہو تو اصل زر کو مہینوں کی تعداد کے ساتھ ضرب دے کر پکے انک بنا لو۔ پھر شرح کو ۱۰۰ پکے انک کا سود فرض کر کے کل پکے انکوں کا سود بقاعدہ پھیلاوٹ معلوم کرو اور اگر شرح فی روپیہ ماہوار دی ہوئی ہو تو شرح کو ایک پکے انک کا سود شمار کر کے سوال حل کرو۔ اور اگر مدت سالوں میں دی ہوئی ہو۔ تو سالوں کے مہینے بنا لو ٭

مثال 2-4-32 روپے کا سود ایک سال کے لئے 2 پیسے فی روپیہ ماہوار شرح سے دریافت کرو٭

مدت = 1 × 12 = مہینے

4-32 روپے کے 12 مہینے کے پکے انک = 4-32 × 12 پکے انک

= 518-4 پکے انک

ایک پکے انک کا سود = 2 پیسے

10 " " " " = 2 × 10 = 5 پیسے یا 5 آنے

100 " " " " = 10 × 5 = 3 آنے یا 3 روپے 2 آنے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

						پائی		آنے		روپے
1000	پکے	انک	کا	سود	=	0	〃	4	〃	31
5000	〃	〃	〃	〃	=	0	〃	4	〃	15
100	〃	〃	〃	〃	=	0	〃	2	〃	3
80	〃	〃	〃	〃	=	0	〃	8	〃	2
4	〃	〃	〃	〃	=	0	〃	2	〃	0
5184	〃	〃	〃	〃	=	0	〃	0	〃	162

جب مدت دنوں میں دی ہوئی ہو تو اصل زر کو دنوں کے ساتھ ضرب دیتے ہیں اور حاصل ضرب کو کچے انک شمار کرتے ہیں۔ پھر کچے انک پکے انک بنا کر سود دریافت کیا جاتا ہے۔ مگر چونکہ مہاجن لوگ مہینہ عموماً 30 دن کا شمار کرتے ہیں۔ اس واسطے 30 کچے انک کا ایک پکا انک شمار کرتے ہیں اور کچے انکوں کو 30 پر تقسیم کر کے پکے انک بناتے ہیں +

نوٹ:۔ اگر کچے انکوں کے پکے انک بنانے کے لئے باقی 15 سے کم بچے تو اس کو چھوڑ دیتے ہیں اور اگر باقی 15 یا 15 سے زیادہ ہو تو اسے پورا پکا انک شمار کرتے ہیں +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مثال 3 - 348 روپے کا سود 12 دن کے لئے ایک روپیہ ۴ آنے سینکڑہ ہزار سے دریافت کرو ؟

348 روپے کے 12 دن کے پکے انک = 12 × 348 دن

= 4176 پکے انک

30 ÷ 4176 = 348 روپے کے 12 دن کے پکے انک

= 139 پکے انک

پائی آنہ روپیہ

100 پکے انک کا سود = ۱ ″ ۴ ″ ۰

″ ″ ″ ″ 25 = ۰ ″ ۵ ″ ۰

″ ″ ″ ″ 10 = ۰ ″ ۲ ″ ۰

″ ″ ″ ″ ۴ = ۰ ″ ۰ ″ ۹

سود مطلوب = ۱ ″ ۱۱ ″ ۹

نوٹ :- ایک آنہ کے 100 دام ہوتے ہیں - اس واسطے 100 پکے انکوں کا سود جتنے آنے ہو ایک پکے انک کا سود اتنے دام ہوگا - اوپر کے سوال میں ۴ پکے انک کا سود 80 دام ہوا - نیز 25 یا ۲۴ دام کا ایک پیسہ ہوتا ہے - اسواسطے 80 دام کے قریباً 3 پیسے یا ۹ پائی ہے -

جب مدت سالوں مہینوں اور دنوں میں دی ہوئی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہو تو سالوں اور مہینوں کے کل مہینے بنا کر اصل زر کے ساتھ ضرب دے کر پکے انک بنا لو اور دنوں کی تعداد کے ساتھ اصل زر کو ضرب دیکر پکے انک اور پھر 30 پر تقسیم کر کے پکے انک بناؤ۔ پھر کل پکے انکوں کا سود معلوم کرو۔

مثال ۴ — 250 روپے کا سود ایک سال ۴ ماہ 6 دن کے لئے 8 آنے فی صدی ماہوار شرح سے دریافت کرو۔

حل = ایک سال ۴ ماہ کے کل ماہ = 16

250 روپے کے 16 ماہ کے پکے انک = 16×250 = ۴۰۰۰ پکے انک

250 // // 6 دن کے پکے انک = 6×250 = 1500 پکے انک

250 // // // // پکے انک = 1500 ÷ 50 = 50 پکے انک

کل پکے انک = 50×۴۰۰۰ = ۴۰۵۰ پکے انک

پائی آنہ روپیہ

100 پکے انک کا سود = 0 // 8 // 0

1000 // // // // = 5 // 0 // 0

۴۰۰۰ // // // // = 20 // 0 // 0

50 // // // // = 0 // ۴ // 0

سود مطلوب = 20 // ۴ // 0 جواب

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جب سود کسی خاص تاریخ تک دریافت کرنا ہو تو پہلے مدت مہینوں اور دنوں میں معلوم کرو پھر پکے انک بنا کر سود دریافت کرو ٭

